मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY

(A Central University)

Accredited "A" Grade by NAAC



ہماری پیش رفت

مانو کی سرگرمیاں اور کارکردگی

(20 اکتوبر 2015 تا 20 اکتوبر 2019)

جناب وینکیا نائیڈو (موجودہ نائب صدر جمہوریہ)، مانو کی ایک تقریب میں

جناب محمد حامد انصاری (اس وقت کے نائب صدر جمہوریہ) پہلا قلی قطب شاہ یادگار لکچر دیتے ہوئے

شیخ الجامعہ، ڈی ٹی پی سیل کاؤنٹر کے افتتاح کے بعد معائنہ کرتے ہوئے

ایران کی المصطفیٰ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے ساتھ یادداشت مفاہمت

مانو کا چھٹواں جلسہ تقسیم اسناد۔ فلم اداکار شاہ رخ خان ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری حاصل کرتے ہوئے

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

Maulana Azad National Urdu University

(A Central University)

Gachibowli, Hyderabad-500 032 Telangana, India

Accredited - 'A' Grade by NAAC

ہماری پیش رفت

مانو کی سرگرمیاں اور کارکردگی

(20 اکتوبر 2015 تا 20 اکتوبر 2019)

ناشر

پبلک ریلیشنز آفس

ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، حیدرآباد

pro@manuu.edu.in, directordtp@manuu.edu.in

فہرست

1	مستقبل پر نظر	3
2	بہ یک نظر	4
3	جوابدہ اور شفاف انتظامیہ	8
4	یونیورسٹی سپورٹ سسٹم	24
5	انفرااسٹرکچر: جاری پیشرفت	35
6	اُردو کا فروغ: منشور کے ساتھ پیش قدمی	39
7	مانو میں تدریس واکتساب	41
8	تحقیق اور ترقی	46
9	داخلہ اور امتحانات کا نیا نظام	52
10	اساتذہ کے ارتقا کے لیے کورسز	57
11	تعلیمی تقاریب اور کامیابیاں	58
12	زندگی ماورائے تعلیم	83
13	مانو اور فارغین کے تعلقات	91
14	سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل اقدامات	93
15	انفارمیشن ٹکنالوجی: نئی راہوں کی جانب	98
16	انٹرنل کوالٹی اشورنس سیل	111

مستقبل پر نظر

مانو نے اپنے نئے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، جوکہ ایک ماہر نباتیات اور سائنس کے ایک معروف مبلغ (Science Communicator) ہیں، کا اکتوبر 2015 میں استقبال کیا تاکہ یونیورسٹی کو ایک تازہ لیڈرشپ فراہم کی جاسکے۔ یہ وہ وقت تھا جب یونیورسٹی بے شمار چیلنجز سے گزر رہی تھی جن میں کیمپس میں انتظامی اور تعلیمی غیر یقینی سے لے کر طلبا، اساتذہ اور عملہ میں کئی امور پر جاری بے چینی شامل تھی۔ ان چیلنجز کے باوجود اکتوبر 2015 سے 31 مارچ 2018 کے دوران مانو کا اہم سنگِ میل بحیثیت وائس چانسلر ڈاکٹر محمد اسلم پرویز کی نئی لیڈرشپ کے تحت یونیورسٹی میں اعتماد کی روح پھونکنا تھا جنھوں نے مانو کو ایک ایسی بامقصد (Mission-driven) یونیورسٹی بنانے کا عہد کیا جس کا تدریس، اکتساب، ریسرچ، اختراع، شفافیت اور جوابدہی کے تئیں ایک مضبوط کمٹمنٹ تھا اور ساتھ ہی اس کی خصوصی توجہ مانو کے منشور کے اطلاق پر تھی جن میں اُردو زبان میں علم کی ترقی، تحفظ اور پھیلاؤ شامل ہیں۔

پچھلے بیس سالوں میں مانو نے کئی غیر معمولی کامیابیاں حاصل کیں۔ اپنی گوناگوں وراثت کو آگے بڑھانے کے ساتھ ساتھ یونیورسٹی نے نئے وائس چانسلر کے ساتھ 20 اکتوبر 2019 کو اپنے کامیاب چار سال مکمل کر لیے۔ اس عرصہ کی سب سے اہم کامیابی اس وقت ملی جب نیشنل اسسمنٹ اور اکریڈیشن کونسل (NAAC) نے اپریل 2016 میں چار نکاتی پیمانے پر مانو کو CGPA 3.09 کے ساتھ ''اے'' گریڈ کے درجہ سے نوازا اور NIRF-2017 اور NIRF-2018 کے تحت یونیورسٹیوں کے 150-101 کے زمرے میں شامل کیا۔ یہ سنگ ہائے میل یونیورسٹی کے تمام شعبوں میں قابل ذکر ترقی و توسیع سے مطابقت رکھتے ہیں۔ کئی نمایاں چیزوں کے علاوہ مسلسل کئی پالیسی اقدامات بشمول منصوبہ بند ادارہ جاتی استحکام کے سلسلہ کے ساتھ ایک مستحکم، شفاف اور جوابدہ انتظامیہ بھی قابل ذکر ہے۔ یہ ان لائق و فائق افراد کی ٹیم کی وجہ سے ممکن ہوسکا ہے جو اپنے تجربہ اور مہارت کے ساتھ مانو کی انتظامیہ کا حصہ بنے۔

سب سے اہم بات یہ ہے کہ پچھلے چار سال میں یونیورسٹی کی توجہ اس کی بنیادی ترجیحات کی نشاندہی پر تھی جن میں تدریس و اکتساب اور تحقیق کے موجودہ طریقۂ کار کا جائزہ؛ ترقیاتی سرگرمیوں کا منصوبہ و نفاذ؛ اُردو زبان میں علم کا فروغ، تحفظ اور پھیلاؤ؛ اور طلبا کی ہمہ جہت ترقی کے لیے ہمہ نصابی اور زائد از نصابی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی شامل ہیں۔ اس کے حصول کے لیے چند نئے اقدامات بھی کیے گئے اور مرکز برائے اُردو میڈیم اساتذہ کا پیشہ ورانہ فروغ (CPDUMT)، مرکز برائے مطالعات اُردو ثقافت (CUCS) اور مرکز برائے مطالعات دکن (CDS) کو دوبارہ مضبوط کیا گیا۔ اس کے علاوہ اس بات کو بھی یقینی بنانے کی کوشش کی گئی کہ مانو تمام طلبا کو بہترین تعلیمی تجربہ فراہم کرنے کے اپنے مقصد کی جانب گامزن رہے۔ بالخصوص کئی نئے کورسز اور اسٹڈی پروگرامز کے علاوہ یونیورسٹی نے ایک اختراعی ایک سالہ برج کورس شروع کیا تاکہ مدرسہ بیک گراؤنڈ والے طلبا کو مین اسٹریم ہائر ایجوکیشن سے جوڑا جاسکے۔

مانو اُردو زبان میں تدریس و اکتساب اور تحقیق کے اپنے عہد کی پاسداری میں مصروف عمل ہے۔ 300 سے زیادہ ریگولر اساتذہ، 400 غیر تدریسی عملہ اور ہندوستان بھر کے تقریباً 6000 ریگولر طلبا کے ساتھ یونیورسٹی کیمپس کا تنوع بالخصوص حوصلہ افزا ہے جس میں طلبا و طالبات کا تناسب برابر ہے۔ یہ تنوع تمام گوشۂ حیات سے تعلق رکھنے والے اساتذہ، عملہ اور طلبا کو معیاری زندگی اور تعلیم تک رسائی فراہم کرنے کے عہد کا مظہر ہے۔

مساوات اور رسائی، مانو کی توجہ کے کلیدی مراکز ہیں۔ سوسائٹی کے سماجی، تعلیمی اور معاشی طور پر پسماندہ طبقات سے تعلق رکھنے والے طلبا، جن میں سے بیشتر کسی یونیورسٹی میں شریک ہونے والے اپنے خاندان کے پہلے فرد ہیں، کے بڑھتے ہوئے اندراج میں اس چیز کو دیکھا جاسکتا ہے۔ ہمیں ابھی لمبا راستہ طے کرنا ہے لیکن ہمیں یونیورسٹی کی اس پیشرفت پر فخر ہے جس کے تحت وہ سوسائٹی کے ان طبقات کو مواقع فراہم کرنے میں رہنمایانہ کردار ادا کر رہی ہے۔

****

بہ یک نظر

طالب علم مرکوز ادارہ کی تعمیر

- نظامت داخلہ کے قیام کے ذریعہ سنٹرلائزڈ داخلے
- داخلوں میں آسانی کے لیے طالب علم مرکوز سہولت بخش اپروچ۔ آن لائن داخلہ پورٹل، آن لائن فیس ادائیگی، انٹرنس ٹسٹ کے ذریعہ داخلوں کے لیے ویب پر مبنی کونسلنگ، ضرورت پڑنے پر آن لائن فیس بازادائیگی، ان سب کی شمولیت سے مکمل طور پر کمپیوٹرائزڈ/ خودکار داخلوں کا عمل۔
- سی آئی ٹی، مانو کے ذریعہ تیار کردہ یونیورسٹی مینجمنٹ سسٹم (آئی یو ایم ایس) کے ذریعہ طلبا کا پورا ڈاٹا محفوظ طور پر ذخیرہ کرلیا گیا ہے اور طالب علم کے زمانہ طالب علمی کے تمام اہم مراحل کو خودکار کردیا گیا ہے۔
- امتحانات میں خودکاری۔ آن لائن امتحانی فارمز، امتحانی فیس کی آن لائن ادائیگی، امتحان کے لیے داخلہ کارڈ کی آن لائن تخلیق
- طلبا امتحانات میں بیٹھنے سے قبل اساتذہ، تدریسی طریقہ کار اور نصاب کے بارے میں آن لائن فیڈ بیک دیں گے۔
- طلبا کو ان کی جوابی بیاضات دکھائی جائیں گی تاکہ وہ اپنے نمبرات کو چیک کریں اور اگر کوئی شکایت ہو تو رپورٹ کریں۔
- ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردہ شفاف نکات پر مبنی شرائط کی بنیاد پر ہاسٹل الاٹمنٹ
- ہاسٹلوں کے میس مینجمنٹ کے بشمول تمام سرگرمیوں میں طلبا کی شمولیت
- سنٹرلائزڈ میس سسٹم، جدید برتنوں سے لیس تاکہ بچت اور صحت کو یقینی بنایا جاسکے۔
- تمام ہاسٹلوں میں صاف پانی کی سہولت
- تمام ہاسٹلوں میں کتب، میگزینس اور اخباروں سے آراستہ ریڈنگ رومز کی سہولت
- گرلز ہاسٹل اور بوائز ہاسٹل میں بالترتیب لڑکیوں اور لڑکوں کے لیے مرکزی فزیکل ورک آؤٹ کی سہولت
- طلبا کے لیے ریگولر انگلش کمیونکیشن کلاسز
- اردو سے ناواقف عملہ کے لیے اردو سیکھنے کے پروگرامز

انفرااسٹرکچر، سہولیات اور کارگزاری

- یونیورسٹی ویب سائٹ میں اردو، انگریزی اور ہندی کا آپشن دستیاب
- مرکز برائے مطالعات اردو ثقافت کا احیا اور نئی ڈھانچہ سازی۔ اُردو کریٹیو رائٹنگ، کریٹیو آرٹ ورکشاپ، تھیٹر ورکشاپ سے لے کر خطاطی ورکشاپ تک وسیع تر ثقافتی سرگرمیاں شروع کی گئیں۔ ڈرامہ کلب، کہانی کلب، داستان گوئی، چہار بیت، بیت بازی، غزل سرائی، کوئز س وغیرہ متعارف کرائے گئے۔

- اُردو مرکز برائے فروغ علم (سی پی کے یو) کا قیام عمل میں لایا گیا۔

اس مرکز کی جانب سے سالانہ اُردو سوشل سائنس کانگریس (ابھی تک تین کا انعقاد ہوا)' اُردو سائنس کانگریس (ابھی تک دو کا انعقاد ہوا) منعقد کیے گئے۔ ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز کے اشتراک سے اُردو نالج رائٹرز اور مترجمین کا قومی مضمون واری رجسٹر بنایا گیا' جس سے سائنس اور ٹکنالوجی سے متعلق تقریبات کے انعقاد اور مواد کی تحریر کے لیے ریسورس پرسنز کی نشاندہی میں سہولت ملی۔

- نصابی کتب اور ساتھ ہی اُردو زبان میں علمی ادب کی تیاری کے لیے ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اور پبلی کیشنز (ڈی ٹی پی) قائم کیا گیا۔ مرکز برائے مطالعات دکن کی عمارت میں ڈی ٹی پی کا ایک سیل کاؤنٹر قائم ہے اور وہاں کتابوں کی فروخت اطمینان بخش ہے۔

- مختلف مضامین اور عناوین پر اُردو ویڈیوز بشمول کلاس روم لکچرز کی تیاری' ممتاز شخصیات کے ساتھ انٹرویوز کے لیے ایک نئے ڈائرکٹر کے تحت انسٹرکشنل میڈیا سنٹر (آئی ایم سی) کی تجدید۔ ''نالج سیریز'' کے تحت شاندار علمی ویڈیوز تیار کیے گئے۔ قومی اور بین الاقوامی سطح پر آئی ایم سی یوٹیوب چینل کے بھی کافی ناظرین ہیں۔ ''سنیما تھیک'' اور تحسین فلم کلب' طلبا میں اچھی سنیما کی اقدار کو پروان چڑھاتے ہیں۔

- ہمارے طلبا اور طالبات کے لیے این سی سی یونٹ کا قیام

- ہماری ہر سرگرمی بشمول اکیڈیمکس' امتحانات اور رکروٹمنٹ میں ہر سطح پر معیار کو یقینی بنانے کے لیے انٹرنل کوالٹی اشورنس سیل قائم ہو کر مکمل کارکرد ہو چکا ہے۔

- نئے لائبریرین کے تحت لائبریری خدمات کی تجدید۔ ای ریسورسز' ای جرنلز کا قابل قدر ذخیرہ اکٹھا کیا گیا جو حیدرآباد اور دیگر آف کیمپسوں میں اندراج شدہ طلبا کے لیے دستیاب ہے۔

- کتاب اشو کرنے اور وصولی کا مکمل طور پر کمپیوٹرائزڈ نظام جس میں کتب اور سبسکرپشن کارڈز (اسمارٹ کارڈز) پر بارکوڈ لگے ہیں۔ انفلبنٹ اور ریختہ کے ساتھ شراکت داری تاکہ یونیورسٹی ذخیرہ میں موجود ہزاروں ڈیجیٹل کتب اور مقالوں تک رسائی حاصل ہو سکے۔ ان چار سالوں میں کتب/جرنلز/ای۔ ریسورسز کی خریداری/سبسکرپشن کے لیے 3.00 کروڑ روپے کا گرانٹ فراہم کیا گیا۔

- یونیورسٹی کے مختلف شعبوں/دفاتر بشمول آف کیمپسوں کو آلات اور فرنیچر کے لیے 13.25 کروڑ روپے فراہم کیے گئے جس سے ان کی ضروریات کی تقریباً تکمیل ہوگئی۔

- کڑپہ اور کٹک میں دو نئے کیمپس قائم کیے گئے جہاں کرائے کی عمارت میں آئی ٹی آئی اور پالی ٹکنک کام کر رہے ہیں۔ ان کی نئی عمارات زیر تعمیر ہیں اور امید ہے کہ آئندہ سال تک وہ مکمل طور پر تیار ہو جائیں گی۔

- نوح (ہریانہ)' دربھنگہ' بھوپال اور سری نگر میں نئی کیمپس عمارات کی تعمیر جاری۔

- حیدرآباد میں گلزار ہاسٹل میں دو فلورز اور بوائز ہاسٹل۔III میں ایک فلور کا اضافہ کیا گیا۔

- ایک نیا تین منزلہ بوائز ہاسٹل زیر تعمیر ہے۔

- اسکول برائے کامرس اور مینجمنٹ کی نئی عمارت زیر تعمیر ہے۔
- سی ایس اینڈ آئی ٹی کی نئی عمارت زیر تعمیر ہے۔
- انجینئر نگ ورکشاپ اور انکیوبیشن سنٹر کی نئی عمارت (تین منزلہ) زیر تعمیر ہے۔
- 2015 میں یونیورسٹی میں تعمیر شدہ رقبہ ایک لاکھ مربع میٹر تھا جو ان عمارات کی تکمیل کے بعد بڑھ کر 1,40,000 مربع میٹر ہو جائے گا۔ چار سال میں تقریباً 5125.49 لاکھ روپے کی لاگت سے 40,000 مربع میٹر کا اضافہ ہوا۔
- حیدرآباد کیمپس کی باؤنڈری وال پر کنسرٹینا وائر پولز (خم دار تاروں کے کھمبے) لگائے گئے۔ بھوپال' نوح' سری نگر' دربھنگہ' اورنگ آباد' آسنسول' بیدر اور کٹک کی باؤنڈری والز کا کام بھی انجام دیا گیا۔

نئے کورسز اور اسٹڈی پروگرامز:

مانو اُردو میڈیم میں جدید اور امتیازی انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ پروگرام چلاتی ہے جو آج کے معاشرے سے ہم آہنگ ہیں۔ ہم نے منفرد پروگرامز تشکیل دیے ہیں جو طلبا کو پروفیشنل چوائس کی پوری ایک فہرست فراہم کرتے ہیں۔ اس عرصہ میں شامل کیے گئے چند نئے کورسز اور پروگرامز حسب ذیل ہیں:

(1) یونیورسٹی نے ڈی ڈی ای کے ذریعہ ڈپلوما ان ایلیمنٹری ایجوکیشن (ڈی ایل ایڈ) متعارف کرایا۔

(2) یو جی سی نے ڈی ڈی ای کو عربی' اسلامک اسٹڈیز اور ہندی میں تین نئے پوسٹ گریجویٹ کورسز شروع کرنے کی منظوری دی۔

(3) یو جی سی نے ڈی ڈی ای کو کامرس (بی کام) میں انڈر گریجویٹ پروگرام شروع کرنے کی منظوری دی۔

(4) یونیورسٹی نے مدارس کے طلبا کے لیے برج کورس متعارف کرایا۔

(5) ڈی ڈی ای کی جانب سے 10 نئے پروگرام سنٹرز پر 10 نئے بی ایڈ (فاصلاتی) پروگراموں کی شروعات کی گئی۔

(6) تعلیمی سال 17-2016 سے شعبہ کامرس میں بی کام پروگرام متعارف کرایا گیا۔

(7) اسلامک اسٹڈیز میں ڈپلوما (17-2016 سے متعارف کرایا گیا)۔

(8) بڈگام' جموں اور کشمیر میں واقع مانو آرٹس اور سوشل سائنس کالج برائے خواتین میں ایم اے اسلامک اسٹڈیز متعارف کرایا گیا۔

(9) اسلامک اسٹڈیز میں پی ایچ ڈی

(10) حیوانیات میں پی ایچ ڈی

(11) تاریخ میں پی ایچ ڈی

(12) طبعیات میں پی ایچ ڈی (سال 19-2018 سے)

(13) نباتیات میں پی ایچ ڈی (سال 2018-19 سے)

(14) کیمیا میں پی ایچ ڈی (سال 2018-19 سے)

(15) ماڈرن عربی لینگو یج اور ٹرانسلیشن میں ایڈوانسڈ ڈپلوما

(16) مانو کے تدریسی اور غیر تدریسی عملے کے لیے اُردو سرٹیفیکٹ کورس جو شعبہ اُردو کی جانب سے چلایا جارہا ہے۔

(17) سال 2019-20 سے انڈر گریجویٹ سطح پر میڈیکل امیج ٹکنالوجی (ایم آئی ٹی) اور میڈیکل لیبارٹری ٹکنالوجی (ایم ایل ٹی) نامی دووکیشنل کورسز چلائے جارہے ہیں۔

وضع کیے گئے ریگولیشنز / مینولز / گائیڈلائنس

- ← یونیورسٹی میں طلبا کے منطقی اور باقاعدہ داخلے کے لیے کمپیوٹر سے تخلیق کردہ رول نمبرز اور انرول منٹ نمبرز کا منفرد نظام متعارف کرایا گیا۔
- ← اکیڈیمک ریگولیشنز 2016
- ← ایم فل؍ پی ایچ ڈی ریگولیشنز 2017
- ← جنرل ایگزامنیشن رولز 2016
- ← سی بی سی ایس کے تحت ایگزام ریگولیشنز 2016
- ← جوابی بیاضات کی دوبارہ جانچ کے لیے رولز اور ریگولیشنز 2016
- ← پرچیز مینول
- ← رکروٹمنٹ رولز (غیر تدریسی عہدوں کے لیے)
- ← انٹرنل آڈٹ مینولز
- ← کتب کی خریداری کی پالیسی

****

جوابدہ اور شفاف انتظامیہ

پچھلے چار سالوں میں یونیورسٹی کی ایک اہم ترجیح ایک شفاف اور جواب دہ یونیورسٹی انتظامیہ کو یقینی بنانا رہی ہے۔ اس کا مقصد یونیورسٹی کے تمام فریقین بشمول تدریسی، غیر تدریسی عملہ اور طلبا سے اجتماعی تعلقات کو مضبوط بنانا ہے۔ اس عمل میں یونیورسٹی نے یونیورسٹی کے ویب پورٹل پر معلومات اپ لوڈ کرتے ہوئے اس معلومات تک ہر ایک کو آسان رسائی فراہم کرنے ہر ممکن کوشش کی ہے۔

اس عرصہ میں یونیورسٹی نے کیا اہداف رکھے اور کہاں تک انہیں حاصل کیا اس کی رپورٹ حسب ذیل ہے:

1 مانو کی انتظامی مجالس جیسے ایگزیکیٹیو کونسل، اکیڈمک کونسل اور فینانس کمیٹی کی میٹنگ باقاعدگی سے منعقد کی جاتی رہی اور معاملات کو ان کے سامنے پیش کیا جاتا رہا۔ یونیورسٹی کی پہلی کورٹ 27 اگست 2018 کو تشکیل دی گئی۔ تاہم کورٹ کی تشکیل میں کچھ تکنیکی نقائص کی بنا پر یونیورسٹی کورٹ میٹنگ کا انعقاد نہیں کر سکی الا یہ کہ اس نقص کو دور کر لیا جائے۔ ذیل میں میٹنگ کی تفصیلات دی گئی ہیں:

کمیٹی کا نام	ایگزیکیٹیو کونسل	اکیڈمک کونسل	فینانس کمیٹی	بلڈنگ کمیٹی
میٹنگوں کی تعداد	23	14	14	10

- ✓ شیئرڈ ایڈمنسٹریشن کے کلچر کو فروغ دیا گیا اور اسے پائیدار بنایا گیا جس کے لیے جب بھی مناسب سمجھا گیا صدور شعبہ، اسکولوں کے ڈین، سنٹرس کے ڈائرکٹرس وغیرہ سے اور کچھ مواقع پر اساتذہ اور عملہ سے بھی مشاورت کی گئی۔ ایک لفظ میں کہا جائے تو یونیورسٹی نے اپنی قانونی فیصلہ سازی میں شراکتی عمل کی حوصلہ افزائی کی کوشش کی ہے۔ اس تعلق سے یونیورسٹی نے باقاعدگی سے صدور شعبہ جات، ڈین، ڈائرکٹرس اور اساتذہ کی میٹنگیں منعقد کی ہیں۔
- ✓ شعبوں / اسکولوں / مراکز کی سطح پر متعلقہ شعبوں سے متعلق فیصلہ سازی کے لیے اسکول بورڈ، ڈی آر سی، بورڈ آف اسٹڈیز اور اساتذہ کی باقاعدگی سے میٹنگیں منعقد کرتے ہوئے شیئرڈ گورننس کو فروغ دیا گیا ہے۔

اکتوبر 2015 سے اکتوبر 2019 کے درمیان ہونے والی شعبہ واری (ڈپارٹمنٹ وائز) بورڈ آف اسٹڈیز کی میٹنگیں

اسکولس	شعبہ کا نام	بورڈ آف اسٹڈیز (BoS) کی تعداد (اکتوبر 2015۔ اکتوبر 2019)
السنہ، لسانیات اور ہندوستانیات	شعبۂ اردو	4
	شعبۂ انگریزی	4
	شعبہ ترجمہ	4
	شعبۂ ہندی	5
	شعبۂ عربی	4
	شعبۂ فارسی	4

کامرس اور بزنس مینجمنٹ	شعبۂ مینجمنٹ	3
	شعبۂ کامرس	6
تعلیم وتربیت	شعبۂ تعلیم وتربیت	9
ماس کمیونکیشن اور جرنلزم	شعبۂ ایم سی جے	4
سائنسی علوم	شعبۂ ریاضی	4
	شعبۂ حیوانیات	5
	شعبۂ کیمیا	2
	شعبۂ نباتیات	3
	شعبۂ طبیعیات	4
کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹکنالوجی	شعبۂ سی ایس اور آئی ٹی	6
آرٹس اور سماجی علوم	شعبۂ نظم ونسق عامہ	5
	شعبۂ سیاسیات	6
	شعبۂ سوشل ورک	4
	شعبۂ تعلیم نسواں	6
	شعبۂ سماجیات	7
	شعبۂ معاشیات	3
	شعبۂ اسلامک اسٹڈیز	6
	شعبۂ تاریخ	5

✓ چند مخصوص پالیسی معاملات جیسے ڈسپلن اور ویلفیئر وغیرہ میں طلبا کی شراکت کو بھی یقینی بنایا گیا۔ اس سمت میں' یونیورسٹی نے پراکٹر آفس کے سرگرم رول کے ذریعہ ڈسپلن قواعد' ہاسٹل انتظامیہ کے ساتھ ہاسٹل الاٹمنٹ قواعد اور ڈین آفس واسٹوڈنٹس ویلفیئر کی فعال شرکت کے ساتھ کئی ویلفیئر اسکیمیں فائنل کرنے میں بھی طلبا کو مواقع فراہم کیے ہیں۔

قانون حق معلومات:

اساتذہ' عملہ' طلبا اور دیگر فریقین کی ضرورت کے لیے یونیورسٹی کی انتظامی اکائیوں کو فعال' شفاف اور جوابدہ بنایا گیا۔ اس کے حصول کے لیے پچھلے چار سال میں یونیورسٹی نے بغیر کسی تاخیر کے تمام آرٹی آئیز کا جواب دیا ہے۔ سنٹرل انفارمیشن کمیشن (سی آئی سی) کی جانب سے قانون حق معلومات کی شفافیت کی جانچ میں' ہمیں کل 76 فیصدی نمبرات ملے ہیں۔ 88 فیصدی نمبرات کے ساتھ نیشنل جیوفزیکل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (این جی آر آئی) نے ہی ریاست بھر میں مانو سے بہتر درجہ حاصل کیا ہے۔

- آر ٹی آئیز کی تفصیلات حسب ذیل ہیں:

تفصیلات	2015-16 (اپریل سے مارچ)			2016-17 (اپریل سے مارچ)			2017-18 (اپریل سے مارچ)			2018-19 (اپریل سے مارچ)			2019-20 (اپریل سے مارچ)		
	آف لائن	آن لائن	کل	آف لائن	آن لائن	کل	آف لائن	آن لائن	کل	آف لائن	آن لائن	کل	آف لائن	آن لائن	کل
پروسس شدہ درخواستوں کی کل تعداد	306	0	306	206	10	216	244	50	294	235	56	291	30	15	45
نمٹائی گئی درخواستوں کی کل تعداد	302	0	302	193	10	203	228	50	278	227	56	283	34	15	49

- تدریسی وغیر تدریسی عملہ اور طلبا سے معاملات کے لیے اصول' طریقۂ کار اور ڈسپلن وضع کیے گئے۔ رکروٹمنٹ پالیسی اور طلبا وعملہ کی بھلائی' گیسٹ ہاؤز' ہاسٹل الاٹمنٹ' عملہ و اساتذہ کو صحت و دیگر فوائد' چھٹی وغیرہ کے تعلق سے پالیسی اور اصول بنائے گئے۔ اسی طرح غلط کام کرنے والے طلبا' اساتذہ اور عملہ کے خلاف بنا کسی تعصب کے ڈسپلنری اقدامات اٹھاتے ہوئے بہترین ڈسپلن کو یقینی بنایا گیا۔

- جہاں بھی مناسب و معقول ہو یونیورسٹی کے فیصلوں میں ممکنہ حد تک شفافیت کو برقرار رکھا گیا۔ اس تعلق سے بیشتر فیصلوں' روداد' احکامات' سرکولرز' رپورٹس' قواعد وضوابط' سرگرمیوں اور واقعات کو یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرتے ہوئے عوام کے سامنے لایا گیا۔

- مختلف فریقین کی جانب سے موصول ہونے والے ان پٹ کے تئیں ایڈمنسٹریٹرز کو جوابدہ بنایا گیا۔ اس تعلق سے یونیورسٹی کے ایڈمنسٹریٹرز کو تمام فریقین کے تئیں آزادی دی گئی کہ وہ انتظامی فیصلوں کے متعلق ان کی شکایات' ناراضگیوں اور مخالف آوازوں کی سماعت کریں اور یونیورسٹی کے انتظامی فیصلوں کے جائزہ و نفاذ کے وقت ان کے اِن پٹ کو سنجیدگی سے لیں۔ اس تعلق سے مانو میں تمام فریقین کی اسوسی ایشنز اور یونین باقاعدگی سے تشکیل دی گئیں اور جہاں ممکن ہو وہاں یونیورسٹی کے قواعد وضوابط کے فریم ورک کے اندر ان کی تشویش کو دور کیا گیا۔

1 مانو ٹیچرز اسوسی ایشن (MANUUTA)

2 مانو ایڈمنسٹریٹیو آفیسرز اسوسی ایشن (MAOA)

3 مانو ایمپلائز ویلفیئر اسوسی ایشن (MEWA)

4 مانو اسٹوڈنٹس یونین

آپریشنل منصوبہ بندی

یہ محسوس کیا گیا کہ ایک واضح اور اختراعی آپریشنل منصوبہ بندی کی ضرورت تھی تاکہ آنے والے سال میں معیاری تعلیم کے فروغ کے مقصد کو حاصل کیا جاسکے۔ اس مقصد کے لیے اپنے اہداف کے حصول کی خاطر یونیورسٹی نے درج ذیل آپریشنل منصوبہ بندی طریقۂ کار کو اختیار کیا:

- مانو کی شناخت بحیثیت تعلیمی اور ثقافتی سرگرم یونیورسٹی کیمپس کے طور پر قائم کرنا
- جوابدہ اور شفاف انتظامیہ فراہم کرنا
- یونیورسٹی کا جدید ترین انفرااسٹرکچر تیار کرنا' اسے برقرار رکھنا اور اس میں مزید سدھار لانا۔
- مختلف النوع شعبہ جات میں اعلیٰ معیاری تعلیم' اکتساب اور تحقیق کے ساتھ ساتھ اُردو زبان کے فروغ کے اصل مرکز کی حیثیت سے مانو کے منشور کے حصول کے ویژن کو حقیقت میں تبدیل کرنا۔
- انفرادی پری پیریٹری برج کورس پروگرام کے ذریعہ مدارس کے طلبا کو مین اسٹریم تعلیم سے جوڑنا۔
- یونیورسٹی میں اصول' طریقۂ کار اور ڈسپلن کو یقینی بنانا۔
- ہندوستان بھر کے مانو کے آف / سیٹلائیٹ کیمپسوں' ریجنل اور سب ریجنل سنٹرز میں انفرااسٹرکچر اور اضافی تعلیمی سرگرمیوں کو تخلیق کرنا۔
- فاصلاتی تعلیمی پروگرام میں تبدیلی کرنا اور اسے ریگولر کورس کے نصاب سے جوڑنا۔
- مانو کے اہداف کو آگے بڑھانے کے لیے ذہین اور موٹی ویٹیڈ ماہرین تعلیم اور پروفیشنلز کو اپنی جانب متوجہ کرنا۔

ان اہداف کے حصول کی راہ ہموار کرنے کے لیے ایک پلاننگ اور ڈیولپمنٹ سیکشن قائم کیا گیا جو بطور نوڈل ایجنسی یونیورسٹی کے ویژن' مشن اور اہداف کو حقیقت میں بدلے گا اور اسکیموں کی منصوبہ بندی اور ساتھ ہی مختلف تعلیمی اور انتظامی اکائیوں کے ساتھ کوآرڈی نیشن میں کام کرے گا۔

ماحول دوست اقدامات

- اپنے کفایتی اقدامات کے حصہ کے طور پر اور کاغذ کی بچت کو بڑھاوا دینے کے لیے یونیورسٹی تمام اہم سرکولرز' نوٹسیں اور اعلامیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ اور ای میل کے ذریعہ بھیجتی ہے۔

نوجوان' تجربہ کار اور حرکی افسران کا ملا جلا مجموعہ

- یونیورسٹی نے اپنی انتظامیہ کے مختلف شعبوں کی نگرانی کے اندرون یونیورسٹی اور پورے ہندوستان سے نوجوان' تجربہ کار اور حرکی افراد / صدور کا تقرر کرتے ہوئے اپنی انتظامیہ کی مختلف شاخوں کو قوت بخش بنایا ہے۔ نئے تقررات کے اہداف حسب ذیل ہیں:
  - مختلف عہدوں کے لیے ممتاز شخصیات کا تقرر کرتے ہوئے پورے ہندوستان میں تعلیمی اور سماجی حلقوں میں یونیورسٹی کی شبیہ کو بڑھانا۔
  - دفاتر کے مرکز میں نئے ویژن' تجربہ اور سمت والے فرد کے ساتھ مختلف شعبۂ جات / سیکشنز / دفاتر / مراکز کو دوبارہ فعال کرنا۔
  - ان شعبۂ جات / سیکشنز / دفاتر اور مراکز کے کام کاج میں پروفیشنلزم لانا۔
  - یونیورسٹی کے مختلف دفاتر کے لیے درج ذیل تقررات کیے گئے:

سلسلہ شمار	نام، عہدہ اور اس سے قبل کی جائے کار	مانو میں ذمہ داری
1	ڈاکٹر شکیل احمد، جوائنٹ سکریٹری، یو جی سی	رجسٹرار (فروری 2016 سے نومبر 2016) اور بعد میں پرووائس چانسلر (دسمبر 2016 سے نومبر 2018)
2	ڈاکٹر ایم اے سکندر، ڈاکٹر بی آر امبیڈکر یونیورسٹی، نئی دہلی	رجسٹرار، ستمبر 2017 سے 10 اکتوبر 2019
3	ڈاکٹر کے پی سنگھ، جوائنٹ سکریٹری، یو جی سی	فینانس آفیسر، دسمبر 2016 سے مارچ 2018 تک
4	مسز لتا ملک ارجنا، پرنسپل اکاؤنٹنٹ جنرل	فینانس آفیسر، اپریل 2018 سے ستمبر 2019 تک
5	پروفیسر رویندر ناتھ، سابق ڈین، ڈیولپمنٹ اور یو جی سی افیرس، عثمانیہ یونیورسٹی، حیدرآباد	اوایس ڈی، پلاننگ اور ڈین اکیڈمکس، مئی 2016 سے نومبر 2018
6	ڈاکٹر محمد شاہد، پروفیسر آف سوشل ورک، مانو	اپریل 2016 سے مارچ 2018 تک تک کنٹرولر آف ایگزامنیشن
7	پروفیسر ساجد جمال، پروفیسر آف ایجوکیشن، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی	کنٹرولر آف ایگزامنیشن، اپریل 2018 سے اگست 2019 تک
8	مسٹر محمد طاہر علی، ریٹائرڈ اسسٹنٹ کمشنر آف پولیس	اوایس ڈی، سیکوریٹی، فروری 2016 سے آج تک
9	مسٹر انیس اعظمی، ایک ممتاز مصنف	ڈائرکٹر، مرکز برائے مطالعات اردو ثقافت، اپریل 2016 سے آج تک
10	ڈاکٹر کاظم نقوی، ایڈیشنل ڈائرکٹر، ایف ٹی کے۔سنٹر برائے انفارمیشن ٹکنالوجی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی	ڈائرکٹر، سنٹر برائے انفارمیشن ٹکنالوجی، اگست 2016 سے جنوری 2017
11	ڈاکٹر اختر پرویز، لائبریرین، آئی آئی ایم، اندور	لائبریرین، سید حامد سنٹرل لائبریری، جنوری 2017 سے آج تک
12	ڈاکٹر سید خواجہ معز الدین، سیول اسسٹنٹ سرجن، ڈائرکٹر آف میڈیکل اور ہیلتھ سرویس، حیدرآباد	کنسلٹنٹ، اردو مرکز برائے فروغ علم، دسمبر 2016 سے آج تک
13	پروفیسر عامر اللہ خاں، وزیٹنگ پروفیسر، آئی ایس بی اور مشیر، بل اینڈ ملینڈا گیٹس فاؤنڈیشن	کنسلٹنٹ، سی ایس ای کوچنگ اکیڈمی، اگست 2017 سے مارچ 2018 تک
14	پروفیسر ریحان خاں سوری، سی ای او۔انڈیا، مڈل ایسٹ اور افریقہ وتھ گرین سرکل ایجوویژن لمیٹڈ، نئی دہلی	ایڈوائزر، ٹریننگ اور پلیسمنٹ، دسمبر 2016 سے اکتوبر 2017 تک
15	مسٹر میر ایوب علی خاں، سابق سینئر ایڈیٹر، ٹائمز آف انڈیا	میڈیا کنسلٹنٹ، پی آر آفس، ستمبر 2017 سے اپریل 2018 تک
16	مسٹر اے کے خاں، ڈی جی پی برائے اے سی بی	مشیر، سی ایس ای کوچنگ اکیڈمی، فروری 2017 سے

17	ڈاکٹر ایچ علیم باشاہ صدر شعبہ طبیعیات مانو	ڈائرکٹر (انچارج) سی ایس ای اپریل 2018 سے
18	مسٹر ایس بی وجے شیکھر سینئر آڈٹ آفیسر برائے اے جی آفس	انٹرنل آڈٹ آفیسر 19 اپریل 2016 سے 31 جنوری 2019
19	مسٹر جی گنا سیکرن	فینانس آفیسر نومبر 2018 سے آج تک
20	پروفیسر وی وینکیا سابق چانسلر کرشنا یونیورسٹی	ایڈوائزر ڈی ڈی ای اپریل 2019 سے آج تک
21	ڈاکٹر مرزا فرحت اللہ بیگ	کنٹرولر آف ایگزامنیشن اگست 2019 سے آج تک
22	مسٹر احمد عبدالحفیظ خان	کنسلٹنٹ آڈٹ مئی 2019 سے آج تک

نئے تقررات

- ذیل میں مانو کے ماڈل اسکولوں / یونیورسٹی کی مختلف تدریسی پوزیشن پر 20102015 سے کیے گئے نئے تقررات کی تفصیلات دی گئی ہیں:

سلسلہ شمار	عہدہ کا نام	تعداد
1	ڈائرکٹر (انچارج) / آفیسر آن اسپیشل ڈیوٹیز (برائے پالی ٹکنکس)	2
2	پروفیسر	7
3	اسوسی ایٹ پروفیسر	9
4	صدور شعبہ جات (برائے پالی ٹکنکس)	2
5	اسسٹنٹ پروفیسر	28
6	لکچررز (برائے پالی ٹکنکس)	11
7	اسسٹنٹ ریجنل ڈائرکٹر	2
8	پرنسپل ماڈل اسکول	1
9	ہیڈ ماسٹرز۔ ماڈل اسکول	2
10	پی جی ٹی	1
11	ٹی جی ٹی	3
12	ڈپٹی ڈائرکٹر (فزیکل ایجوکیشن)	1
13	فزیکل ایجوکیشن ٹیچر	1
14	پرائمری ٹیچرز	6
15	یوگا ٹیچرز	4
	کل	80

اسٹاف کیریئر ایڈوانس منٹ

- پچھلے چار سال میں یونیورسٹی نے ایک لمبے عرصہ سے کیریر ایڈوانس اسکیم (CAS) کے تحت التوا میں پڑے ہوئے معاملات پر توجہ دیتے ہوئے تدریسی اور غیر تدریسی عملے کے مفادات کی نگرانی کی ہے۔ دیانت داری کو یقینی بنانے کے لیے اسکریننگ کمیٹیوں کی رپورٹ کو یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرتے ہوئے، ممکنہ حد تک شفافیت سے کام لیا گیا ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ تدریسی عملے کے CAS سے وابستہ التوا میں پڑے ہوئے سب سے زیادہ معاملات کو نمٹایا گیا۔ ذیل میں پچھلے چار سال میں سی اے ایس کے تحت اساتذہ کے پروموشن کی تفصیلات دی گئی ہیں۔

سلسلہ شمار	اساتذہ کا پروموشن	تعداد
1	اسسٹنٹ پروفیسر گریڈ 1 سے 2	72
2	اسسٹنٹ پروفیسر گریڈ 2 سے 3	21
3	اسٹنٹ پروفیسر سے اسوسی ایٹ پروفیسر	6
4	اسوسی ایٹ پروفیسر سے پروفیسر	21
	کل	**120**

- غیر تدریسی عملہ کے لیے تربیتی پروگراموں کا انعقاد کرایا گیا ہے تا کہ اگلے اہل کیڈر میں ان کے پروموشن کی راہیں استوار کی جاسکیں۔ انہیں پیشہ ورانہ فروغ کے پروگراموں میں شرکت کی سہولت دی گئی ہے تا کہ ان کی مہارتوں اور متعلقہ شعبہ جات کے علم میں اضافہ ہو۔
- دس سالوں کی باقاعدہ مدت کی تکمیل پر غیر تدریسی اراکین عملہ کی تنخواہوں کا تعین تجدید شدہ باشور کیریر پروگریشن اسکیم (ایم اے سی پی) کے تحت ہوا ہے اور مالی ترقی عمل میں آئی ہے۔
- تجدید شدہ ایڈوانسڈ کیریر پروگریشن اسکیم/ ڈائنا مک اشورڈ کیریر پروگریشن اسکیم کے تحت 2016 سے 2019 کے دوران کل 185 غیر تدریسی عملہ کو فینانشیل اپ گریڈیشن دیا گیا۔ فینانشیل اپ گریڈیشن فراہم کیے جانے والے ملازمین کی وقفہ واری تفصیلات حسبِ ذیل ہیں:

سلسلہ شمار	سال	گروپ A	گروپ B	گروپ C	کل
1.	2016	02	-	06	08
2.	2017	04	29	80	113
3.	2018	01	13	20	34
4.	2019	-	01	29	30
کل		**07**	**43**	**135**	**185**

- 2016 سے 2019 کے دوران ڈپارٹمنٹل پروموشن کمیٹیوں کے ذریعہ ترقی پانے والے 35 غیر تدریسی ملازمین کی وقفہ واری تفصیلات حسبِ ذیل ہیں:

سلسلہ شمار	سال	مستفید ہونے والے غیر تدریسی ملازمین۔درجہ واری			
		گروپ۔A	گروپ۔B	گروپ۔C	کل
1.	2016	-	01	02	03
2.	2017	-	-	-	-
3.	2018	-	06	06	12
4.	2019	03	07	08	18
کل		**03**	**14**	**16**	**33**

- مختلف غیر تدریسی جائیدادوں پر نئے تقررات کی تفصیلات حسب ذیل ہیں:

سلسلہ شمار	سال	مستفید ہونے والے غیر تدریسی ملازمین۔درجہ واری			
		گروپ۔A	گروپ۔B	گروپ۔C	کل
1.	2016	02	03	00	05
2.	2017	01	03	03	07
3.	2018	04	01	00	05
4.	2019	--	02	00	02
کل		**07**	**9**	**3**	**19**

تعلیمی انتظامیہ

یونیورسٹی نے سابقہ چار سالوں میں قوانین/ اکیڈمک آرڈیننسز اور ریگولیشنز کے مطابق تعلیمی پالیسیوں کے نفاذ کی کوشش کی ہے جو وقت بوقت یونیورسٹی گرانٹس کمیشن اور دیگر ریگولیٹری باڈیز مثلاً اے آئی سی ٹی ای، این سی ٹی وی ای ٹی اور این سی ٹی ای وغیرہ کے ذریعہ جاری کردہ نوٹیفی کیشنز کے موافق ہیں۔ان چار سالوں میں اصل توجہ نصاب، کورسز، تدریسی طریقہ ہائے کار اور مختلف شعبہ جات واسکولس کے ذریعہ طلبا کی تعلیمی ترقی کی مسلسل نگرانی پر رہی۔علاوہ ازیں، اساتذہ کو بدلتے تعلیمی فکر وعمل کے تناظر میں خصوصی طور پر نصاب پر نظر ثانی کرنے اور کورسز میں تبدیلی لانے کے حوالے سے حساس بنانے کی طرف بھی توجہ دی گئی تاکہ اعلیٰ تعلیم کے موجودہ رجحان کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کی جاسکے۔

رولس، ریگولیشنس اور اثر پذیری پر نظر ثانی

سابقہ چار سالوں میں یونیورسٹی نے اپنے اساتذہ کے لیے یو جی سی/حکومت ہند کے ذریعہ وضع کردہ رولس اور ریگولیشنس پر نظر ثانی کی ہے، انہیں اپنایا ہے اور انہیں ان کے صحیح غائت میں نافذ کیا ہے۔ یونیورسٹی نے اپنے زیادہ تر رکارڈس بشمول سروس بکس، چھٹیوں کے رکارڈس، پرسنل فائکس، نامزدگیاں، سروس اگریمنٹس، ایل ٹی سی رکارڈس اور تدریسی عملہ کے امور خدمات سے متعلق دستاویزات کو منظم کیا ہے۔یونیورسٹی نے مختلف پالیسی معاملات میں اور یو جی سی کے ذریعہ منظور شدہ عہدوں کے بموجب تدریسی عملہ کی تقرری کے سلسلے میں وزارتِ فروغ انسانی وسائل/ یو جی سی کے ساتھ

شفاف خط و کتابت کو یقینی بنایا ہے۔ ایل ٹی سی' پے فکسیشن' چھٹیاں' اسٹڈی لیوز' ڈیوٹی لیوز' ٹی اے/ ڈی اے برائے دفتری امور' مختلف مقاصد کے لیے نو آبجکشن سرٹیفکیٹ کی اجرائی اور ریٹینشن اور ریفریشر کورسز کے لیے اجازت وغیرہ سے وابستہ معاملات تیز روی اور غیر جانب داری کے ساتھ انجام دیے گئے ہیں۔

اسی طرح یونیورسٹی نے تمام غیر تدریسی اراکین عملہ کے تقررات اور امور خدمات کے متعلق بہت باریک بینی سے کام کیا ہے جن میں ملازمین کی ریٹائرمنٹ سے متعلق ایمپلائمنٹ نوٹیفی کیشن کے ساتھ ہی ڈپارٹمنٹل پروموشنس کمیٹیوں کی تشکیل' ریزرویشن روسٹر رجسٹر کی تیاری' اسٹیبلشمنٹ رجسٹر اور سینئرٹی لسٹ وغیرہ شامل ہیں۔ اپنے غیر تدریسی عملہ کی شکایات کا ازالہ کرنے کے لیے یونیورسٹی نے مئی 2016 میں ایک کمیٹی تشکیل دی تاکہ امور خدمات سے متعلق تمام شکایات پر غور کیا جاسکے۔ حالیہ دنوں میں یونیورسٹی نے ایک اور کمیٹی تشکیل دی ہے تاکہ ڈپارٹمنٹ آف پرسنل اینڈ ٹریننگ' حکومت ہند کے ذریعہ وضع کردہ ماڈل رولس کی روشنی میں یونیورسٹی کے تمام غیر تدریسی عہدوں کے لیے موجودہ کیڈر ریکروٹمنٹ رولس پر نظر ثانی کی جاسکے۔

مختصراً ان رولس اور ریگولیشنس میں درج ذیل اہم ہیں:

1۔ ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگراموں سے متعلق ریگولیشنس۔

2۔ ڈی پی سی کے ذریعہ غیر تدریسی عملہ کی ترقی سے متعلق رولس۔

3۔ غیر تدریسی عملہ کے تقررات کے ضوابط۔

4۔ روسٹر سسٹم۔

5۔ پرچیز مینول۔

6۔ ڈسپلینری و کنڈکٹ رولس برائے طلبا۔

7۔ ایمپلائیز ویلفیئر فنڈ سے متعلق ریگولیشنس۔

8۔ داخلی شکایات کمیٹی سے متعلق ریگولیشن۔

9۔ تدریسی عملہ کے تقرر کے لیے یو جی سی ریگولیشنس کو اختیار کرنا۔

10۔ تدریسی عملہ کی خاطر کیریئر اڈوانسمنٹ اسکیم کے نفاذ کے لیے یو جی سی ریگولیشنس کو اختیار کرنا۔

11۔ ہاسٹلوں کے امور سے متعلق ریگولیشنس

خدمات کی فوری فراہمی

سابقہ چار سالوں میں یونیورسٹی نے ملازمین نواز اسکیموں اور خدمات کو بہتر بنایا اور ملازمین تک پہنچایا ہے مثلاً بچوں کے تعلیمی الاؤنس' گاڑی (دو پہیہ/ چار پہیہ) کے لیے قرض' تقریبات اور خصوصی الاونسز' ملازمین کے لیے ہیلتھ کارڈ اور شناختی کارڈ کی اجرائی' امپرسٹ کا طریقۂ عمل' ہنگامی مصارف' سیکیوریٹی بلس اور علاقائی/ ضمنی علاقائی مراکز/ کالجز آف ٹیچر ایجوکیشن/ آئی ٹی آئی/ پالی ٹکنکس/ ماڈل اسکولس کے لیے دیگر الاؤنسز۔ مذکورہ سلسلے میں اصول وضع کیے گئے ہیں' طریقۂ کار کو درست کیا گیا اور آسان بنایا گیا ہے۔ اسکیموں کے نفاذ کے عمل کو تیز کیا گیا۔ اور اہم بات یہ ہے کہ یونیورسٹی کے ملازمین کے

لیےایمپلائیز ویلفیئر فنڈ کے قیام پرغور وخوض کرنے کے لیےایک کمیٹی بھی بنائی گئی ہے۔

یونیورسٹی کےتعمیری کاموں کی نگرانی

مختلف عمارات کی تعمیر کے متعلق تفصیلی جائزہ لینے کے لیےایک تجربہ کاراوایس ڈی (انجینئرنگ) کےتقرر کےذریعہ یونیورسٹی بلڈنگ کمیٹی کی تجدید کی گئی ہے تاکہ یونیورسٹی کی ترقیاتی سرگرمیوں کے سلسلے میں قابلِ قدر قیادت مل سکے وسفارشات حاصل ہوسکیں۔ یونیورسٹی نے چار سال کے عرصے میں جو کچھ منصوبے بنائے ان میں سے بیشتر مکمل ہو چکے ہیں جن میں روزانہ کے سیول کام اور جاریہ تعمیری کام شامل ہیں۔

غیرمعمولی خریداریاں

سابقہ چار سالوں میں یونیورسٹی کے صیغۂ خریداری نے غیر معمولی طور پر کام کیا ہے اور یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات، مراکز اور اسکولوں کے ذریعہ مطلوب سازوسامان، فرنیچر، اسٹیشنری اور دیگر بنیادی ڈھانچے سے متعلق آلہ جات حاصل کیے ہیں۔ یونیورسٹی نے اشیا کی حصولیابی کے لیے جنرل فینانشیل رولس کے تحت مرکزی خریداری نظام کو اپنایا ہے۔ تمام خریداریاں ضابطے کے مطابق DGS&D ریٹ کنٹریکٹ کے تحت یا مسرز کندریہ بھنڈار اور مسرز این سی سی ایف کے ذریعہ خریداری کمیٹی کی سفارشات کے بموجب اجازتی حد کے اندر ہوئیں۔ ٹینڈرس (Tenders) ایکسپرٹ کمیٹی کے مشوروں اور جنرل فینانشیل رولس کی روشنی میں حاکمِ مجاز کی منظوری سے مدعو کیے گئے۔

☆ بارہویں پلان/ نان ریکرنگ کے تحت سابقہ چار مالی سالوں (19-2015) کے دوران خریداریوں کی تفصیلات درجہ ذیل ہیں۔

سلسلہ شمار	کیمپس/ انسٹی ٹیوٹ کا نام	سال 16-2015 کے دوران خریداریاں (ستمبر سے)		17-2016 کے دوران خریداریاں		18-2017 کے دوران خریداریاں		19-2018 کے دوران خریداریاں	
		آلہ جات بشمول کمپیوٹر متعلقہ سازو سامان	فرنیچراور فکسچرس	آلہ جات بشمول کمپیوٹر متعلقہ سازو سامان	فرنیچراور فکسچرس	آلہ جات بشمول کمپیوٹر متعلقہ سازو سامان	فرنیچراور فکسچرس	آلہ جات بشمول کمپیوٹر متعلقہ سازوسامان	فرنیچراور فکسچرس
1.	ہیڈکوارٹرز	1,14,36,307	40,69,802	25206212	19405480	14568847	10153932	10968494	5196304
2.	ASCW، سری نگر	0	0	429800	616087	93000	360500	13454	0

0	111193	821131	478809	0	141265	0	0	لکھنو کیمپس	3.
1668268	427007	8000	72500	0	0	0	0	کٹک سنٹر	4.
2900033	4744814	0	0	0	0	0	0	کڑپہ سنٹر	5.
0	172860	904008	488885	0	82608	0	0	ایم ایس ،حیدرآباد	6.
0	10000	1482916	328697	0	13044	0	0	ایم ایس، دربھنگہ	7.
0	96750	375844	137299	0	0	0	0	سی ٹی ای، نوح	8.
226080	448998	302220	61533	0	40000	0	0	سی ٹی ای، بھوپال	9.
0	358664	357359	293215	7000	288144	0	0	سی ٹی ای، دربھنگہ	10.
498423	120509	48750	38625	0	0	95000	1560622	سی ٹی ای، بیدر	11.
0	13007	755450	1591348	0	0	0	0	سی ٹی ای، سری نگر	12.
0	596382	167258	336813	411574	1842847	0	0	آئی ٹی آئی، بنگلور	13.
68880	262515	0	128500	0	0	0	0	آئی ٹی آئی، دربھنگہ	14.
47140	3120556	80000	394000	0	0	0	0	آئی ٹی آئی، حیدرآباد	15.
10605128	**21465203**	**1,58,17,368**	**1,90,12,071**	**2,04,40,141**	**2,80,43,920**	**41,64,802**	**1,29,96,929**	**کل**	

یونیورسٹی ڈیٹا کو ڈیجیٹل بنانے کا عمل

یونیورسٹی نے ہرطرح کے ڈیٹا/اطلاعات کو فوری طور پر دستیاب کرانے کے لیے اپنے ڈیٹا بیس کو تیار کیا ہے اور اس کو ڈیجیٹل بنایا ہے تاکہ انہیں

سرکاری تنظیموں کو منتقل کیا جا سکے۔ ان اعداد و شمار میں طلبا کی تعداد، پروگرام اور کورس کے بموجب صنفی تناسب، تدریسی و غیر تدریسی عملہ اور یونیورسٹی کے متعلق بہت ساری اطلاعات شامل ہیں۔ اس سے متعلق کچھ اہم کارنامے درجہ ذیل ہیں:

- انٹی گریٹڈ یونیورسٹی مینجمنٹ سسٹم (IUMS)
- آن لائن داخلہ پورٹل
- آن لائن ادائیگی
- امتحانات، کتب خانہ اور دیگر صیغہ جات و شعبہ جات کا آٹومیشن (ترقی یافتہ مرحلہ میں)
- یونیورسٹی کے تمام ڈیٹا کو ڈیجیٹل فارمیٹ میں لانا
- یونیورسٹی ویب سائٹ کی مسلسل تازہ کاری اور تمام برمحل اطلاعات کی فراہمی۔

درج فہرست ذاتیں/ درج فہرست قبائل کے تحفظات کے سلسلے میں

سبھی کورسز میں داخلہ کے دوران یونیورسٹی کے تمام شعبہ جات نے تحفظات کے ضوابط پر عمل کیا یعنی 15% تحفظات درج فہرست ذاتوں اور 7.5% تحفظات درج فہرست قبائل کے معاملے میں دیے گئے۔

یونیورسٹی کی باضابطہ داخلی آڈیٹ

یونیورسٹی نے اپنے داخلی آڈیٹ نظام کو مضبوط کیا ہے۔ داخلی آڈیٹ کے شعبے کو 50,000 سے زائد کی ادائیگی کی پیشگی آڈیٹ، بڑی قدر و قیمت کی لین دین اور معاہدوں کا جائزہ لینے کی ذمہ داری تفویض کی گئی ہے۔ اس شعبے نے فینانس اینڈ اکاؤنٹس کی تمام ادائیگی کی رسیدوں، یونیورسٹی کے دیگر شعبہ جات، مراکز، کالجز اور اسکولوں کی پیشگی آڈیٹ کا گہرائی سے جائزہ لیا ہے۔

یونیورسٹی کا فینانس

یونیورسٹی نے نہ صرف شفافیت کو ملحوظ رکھا ہے بلکہ مالی انتظامیہ کے تعلق سے حکومتِ ہند اور دیگر نگرانی کرنے والے اداروں کے قواعد و ضوابط پر عمل کیا ہے۔ لہذا یونیورسٹی کا مالی انتظامیہ پچھلے چار سالوں میں عمل میں لایا گیا۔ یونیورسٹی کا نان پلان صرفہ جو سال 15-2014 میں 30 کروڑ روپے تھا 16-2015 میں تقریباً دوگنا ہو کر 65 کروڑ روپے ہو گیا ہے۔ اس کی وجہ سے یونیورسٹی کی مختلف سرگرمیوں کے لیے معقول وسائل مختص کرنے میں آسانی ہوئی ہے۔ یو جی سی نے یونیورسٹی کے لیے نان پلان نان سیلری کے تحت مختص رقم کو بڑھا کر 17-2016 میں 11.00 کروڑ روپے کر دیا ہے، اس فیاضی کی کوئی سابقہ مثال نہیں ملتی۔ یہ رقم 14-2013 میں صرف 4.50 کروڑ روپے تھی۔ نان پلان نان سیلری کے زمرے میں اس بڑی چھلانگ کی وجہ سے یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کی ضرورتوں کی تکمیل کی راہیں استوار ہوئی ہیں۔ پچھلے سال XII پلان کے تحت یونیورسٹی کے کیپٹل آؤٹ لے میں زائد فنڈ کے ذریعہ 8.63 کروڑ روپئے کا اضافہ ہوا۔ مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی چونکہ ایک مخصوص زمرے کی یونیورسٹی ہے جس کو سماج کے غیر

مراعات یافتہ اور حاشیے پر زندگی گزارنے والے طبقات کی ضروریات کو پورا کرنے کے مقصد سے قائم کیا گیا ہے۔ لہذا تعلیمی امور اور طلبا کی سہولیات کے لیے بہتر بنیادی ڈھانچہ کی فراہمی پر زور دیا گیا۔ بہتر روزگار کے مواقع کی فراہمی کے مدِنظر کالجز آف ٹیچر ایجوکیشن اور پالی ٹکنک کالجز کی بنیادی ضروریات کو حددرجہ ترجیح دی جارہی ہے۔ تمام کالجز آف ٹیچر ایجوکیشن اور پالی ٹکنک کالجز کو حسبِ ضرورت فنڈ دیے گئے ہیں تاکہ وہ اے آئی سی ٹی ای/ این سی ٹی ای کے ضابطوں کے مطابق اپنے تعلیمی ڈھانچوں کی تشکیل کر سکیں اور انہیں بہتر بنا سکیں۔ حیدرآباد کیمپس میں واقع پالی ٹکنک کالج کے ورک شاپ کا کام 8.00 کروڑ روپے کے صرفے سے تکمیل کے مرحلے میں ہے۔ اس کام کو اعلیٰ ترجیحی بنیاد پر کیا گیا جس کی عزت مآب وائس چانسلر نے بغائر نگرانی کی۔

- یونیورسٹی کے ذریعہ مالی سال 2017-18 میں حاصل کردہ کل گرانٹ مندرجہ ذیل ہے:

گرانٹ منظوری کی تاریخ	گرانٹ کا مقصد	کل منظور شدہ گرانٹ (روپے لاکھ میں)
18.05.2017 سے 28.12.2017	گرانٹ ان ایڈ (تنخواہ)	6477.34
19.05.2017 سے 19.03.2018	گرانٹ ان ایڈ (ریکرنگ)	2087.66
24.11.2017 سے 28.03.2018	گرانٹ ان ایڈ (اصل اثاثہ جات) (نان ریکرنگ)	2647.14
26.07.2017	گرانٹ ان ایڈ (ایچ آر ڈی سی)	50.00
21.08.2017	گرانٹ ان ایڈ (آر سی اے)	65.00
03.10.2017	گرانٹ ان ایڈ پلان	7.33
17.11.2017 سے 20.03.2018	گرانٹ ان ایڈ۔ اصل اثاثہ جات۔ آئی ٹی آئی، کٹک	1500.00
17.11.2017 سے 20.03.2018	گرانٹ ان ایڈ۔ اصل مد۔ پالی ٹکنک، کڑپہ	1200.00
کل گرانٹ		**14034.47**

- مالی سال 2018-19 کے دوران مانو کو وصول ہونے والا کل گرانٹ حسبِ ذیل ہے:

گرانٹ کی منظوری کی تاریخ	گرانٹ کا مقصد	منظور شدہ کل گرانٹ (روپے لاکھ میں)
08-05-2018 سے 13-03-2019	تنخواہ کے لیے گرانٹ	6,558.06

09-05-2018 سے 22-02-2019	ریکرنگ گرانٹ	2,271.84
10-01-2019	اصل اثاثہ جات کے لیے گرانٹ (نان ریکرنگ)	600.00
03-07-2018 سے 24-08-2018	ایچ آر ڈی سی کے لیے گرانٹ	80.00
کل گرانٹ		**9,509.90**

مانو کو مالی سال 2019-20 کے دوران ملنے والی گرانٹ (15-10-2019 تک)

گرانٹ کی منظوری کی تاریخ	**گرانٹ کا مقصد**	**کل منظور شدہ گرانٹ (روپے لاکھ میں)**
29-04-2019 سے 25-09-2019	تنخواہ کی مد میں گرانٹ	5229.00
01-05-2019 سے 26-09-2019	ریکرنگ ایڈ میں گرانٹ	1762.50
13-08-2019	یو جی سی فروغ انسانی وسائل مرکز	40.00
15-05-2019	مرکز برائے مطالعات سماجی اخراج وشمولیتی پالیسی	78.68

غیر فعال مراکز اسکیموں کی تجدید

سابقہ چار سالوں میں انتظامیہ اقلیتوں کے لیے ریمیڈیل کوچنگ سنٹرز، یو جی سی نٹ کوچنگ سنٹرز، سی سی ایم ای ایس اور سی ایس ای رہائشی کوچنگ اکیڈمی کو پھر سے سرگرم عمل بنانے میں کامیاب ہوا ہے۔ یہ تینوں مراکز 2012-13 سے غیر فعال تھے۔ ان مراکز کے احیا سے یونیورسٹی کے طلبا کو مطلوبہ مدد مل رہی ہے۔

- **اقلیتوں کے لیے ریمیڈیل کوچنگ**: ریمیڈیل کوچنگ سنٹرز کی حصولیابیاں درج ذیل ہیں:

* ہر سال اکتوبر۔ نومبر اور مارچ۔ اپریل کے مہینوں میں متعلقہ شعبہ جات میں باقاعدہ تدریسی اوقات سے پہلے یا بعد ریمیڈیل کلاسز کا پابندی سے انعقاد ہوتا ہے۔
* کل 1115 کتابیں حاصل کی گئی ہیں جن میں سے 200 کتابیں اردو میں ہیں۔ یہ کتابیں طلبا کو حوالہ جاتی مواد کے طور پر دستیاب کرائی گئی ہیں۔ بحسب ضرورت دستی مواد کی بھی نقل کرائی گئی اور طلبا کے درمیان تقسیم کرائی گئی۔
* اساتذہ کے ذریعہ ریمیڈیل کلاسز میں سمعی وبصری امدادی اشیا کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک رنگین ٹیلی ویژن، ایک فائیو ان ون ڈی وی ڈی پلیئر، ایک پروجیکٹر اور ایک ہینڈی کیم موثر کوچنگ کے لیے دستیاب ہیں۔
* شعبہ جات کے ذریعہ بہت سے خصوصی لکچروں کا نظم۔

* مجموعی طور پر ابھی تک 1571 طلبا ریمیڈیل کوچنگ سے فیض یاب ہوئے ہیں۔

☆ **کوچنگ مراکز برائے درج فہرست ذاتوں/درج فہرست قبائل/دیگر پسماندہ طبقات (نان کریمی لیئر) اور اقلیتی طبقات**۔اس سلسلے میں چند اہم کامیابیاں درجہ ذیل ہیں:

- یوجی سی نیٹ کوچنگ سنٹر تیرہ مضامین یعنی اردو، انگریزی، عربی، فارسی، ہندی، عوامی انتظامیہ، سیاسیات، مینجمنٹ، سوشل ورک، کمپیوٹر سائنس اینڈ اپلی کیشن، مطالعات نسواں، تعلیم اور عوامی ذرائع ترسیل وصحافت کے لیے پرچہ -I (تدریس اور تحقیقی رجحان) اور پرچہ -II اور III میں نیٹ کے لیے کوچنگ چلا رہا ہے۔
- نومبر 2015 سے مئی 2019 تک 624 طلبا کو کوچنگ دی گئی جن میں سے 10 طلبا نے یو جی سی نٹ میں کامیابی حاصل کی جب کہ 5 طلبا یو جی سی۔جے آر ایف میں کامیاب ہوئے۔

☆ **سروسز میں اقلیتوں کے داخلے کے لیے کوچنگ سنٹر (سی سی ایم ای ایس)**: اس سنٹر کی چند اہم کامیابیاں درجہ ذیل ہیں:

- نو ودیا/کندر یا ودیالیہ میں 17-2016 میں :30 امیدوار مستفید ہوئے۔
- سال 19-2018 میں سی سی ایم ای ایس مرکز نے 6 اگست 2018 سے 17 ستمبر 2018 تک تلنگانہ ریاستی حکومت کے کانسٹبل/ایس آئی/اے ایس آئی عہدوں کے لیے پریلمنری ایگزامنیشن کوچنگ کلاسز کا کامیابی سے انعقاد کیا۔30 طلبا میں سے 7 طلبا نے کانسٹبل امتحان کامیاب کیا اور 5 طلبا نے سب انسپکٹر کے لیے ہونے والا پریلمنری امتحان کامیاب کیا۔

☆ **سی ایس ای رہائشی کوچنگ اکیڈمی**: اس اکیڈمی کی چند اہم کامیابیاں درج ذیل ہیں:

* یونیورسٹی کیمپس، حیدرآباد میں جدید ترین سہولیات سے مزین اکیڈمی کی علاحدہ عمارت ہے جہاں سمعی و بصری کلاس روم، سیمینار ہال، کمپیوٹر سہولیات، 24 گھنٹے چلنے والے کتب خانہ کی سہولیات دستیاب ہیں۔
* کتب خانے کے پاس تقریباً 3000 کتابیں ہیں جن میں نصابی وحوالہ جاتی کتابیں شامل ہیں۔کتب خانہ نے مختلف جرائد/رسائل اور اخبارات (انگریزی، تلگو اور اردو) کی خریداری امیدواروں کی ضرورتوں کے مطابق کی ہے۔
* آڈیٹوریم کو پبلک ایڈریس سسٹم اور ایل سی ڈی پراجکٹر کی سہولت لیس کرایا گیا ہے۔کمرۂ جماعت اے سی اور ضروری فرنیچر مع تدریسی امدادی اشیا سے مزین ہیں۔
* 2015 تا 2018 اکیڈمی نے سیول سروسز کے لیے پانچ کوچنگ پروگرام منعقد کرائے ہیں اور 394 امیدواروں نے کوچنگ کی سہولیات سے استفادہ کیا ہے۔
* 24 اکتوبر 2017 کو ایک قومی سیمینار کا انعقاد عمل میں لایا گیا جس کا موضوع تھا ''موجودہ دور میں سیول سروسز کی تفہیم: ایک شمولیاتی ایجنڈہ کی ترتیب''۔مدعوین میں رہائشی کوچنگ اکیڈمی اسکیم کے ڈائرکٹر، نجی اداروں کے سربراہ، تجربہ کار وممتاز برسرخدمت وسبکدوش سیول سرونٹس اور ماہرین تعلیم اے کے خان (آئی پی ایس)، ظفر اقبال (آئی اے ایس)، سید عمر جلیل (آئی اے ایس)، رانا جارا جن (آئی اے ایس)، پروفیسر کنڈ، پروفیسر ہرگوپال، پروفیسر راماچندرن ودیگر شامل تھے۔

* کوچنگ کی کارکردگی کے لیے ہدایتی دستی مواداورکورس موڈیولس ڈیزائن تیار کیے گئے۔

* تعلیمی سال 18-2017 میں داخلہ کے لیےتقریباً 6300 درخواستیں موصول ہوئیں تھیں؛ 2500 طلبا نے آن لائن امتحان لکھا اور 500 طلبا نے انٹرویو کے لیے کوالیفائی کیا۔جن میں سے 100 طلبا کو بالآخر اکادمی میں داخلہ دیا گیا۔ان میں سے دو امیدوار سیول سروسز ابتدائیہ امتحان 2107 میں کامیاب ہوئے اورایک امیداوار مین امتحان میں کامیاب ہونے کے بعد مارچ 2018 میں انٹرویو میں شامل ہوااوراس کا انتخاب عمل میں آیا۔دیگر دوامیدوار ریاستی پبلک سروس گروپ I/A آفیسر امتحان میں اہل قرار پائے اور مین امتحان میں شامل ہوئے۔

* تعیناتی یاتقرری کے معاملے میں اکادمی کامیابی 13 تک محدود ہےاورامتحانات کی مختلف سطحوں پر 22 کی حدتک امیدوار اہل قرار پائے۔

آف کیمپسوں کی یکساں دیکھ بھال

آف کیمپسز سیل کا قیام 5 جنوری 2016 میں عمل میں آیا جس کا مقصد یونیورسٹی کے آف کیمپسوں پر یکساں توجہ کرنا تھا۔ان ادارہ جات کی بہتر کارکردگی کے لیے یہ سیل قومی اعلی ادارہ جات سے متعلق امور مثلاً نیشنل کونسل فار ٹیچرایجوکیشن' آل انڈیا کاؤنسل فار ٹکنیکل ایجوکیشن' کوالٹی کاؤنسل آف انڈیا' نیشنل کاؤنسل فارووکیشنل ٹریننگ' ڈائرکٹوریٹ جنرل آف امپلائمنٹ اینڈ ٹریننگ وغیرہ سے معاملات کرتا ہے۔کالجز آف ٹیچرایجوکیشن' پالی ٹکنک کالجز اور آئی ٹی آئیز نے آف کیمپسس سیل سے ان کی بنیادی ضرورتوں ومطالبوں کی طرف توجہ کرنے کے لیے گزارشات کی تھیں۔آف کیمپس سیل نے پرچیز اینڈ اسٹور سیکشن کے اشتراک سے ارباب مجاز کی منظوری سے کمیٹیاں تشکیل دیں جو 1.02 کروڑ روپے کی خریداری کی مجاز ہیں۔

نئے کورسیز اور کیمپسیس

سابقہ چار سالوں میں آف کیمپسوں نے قابل ذکر ترقی کی ہے جس کی تفصیلات درجہ ذیل ہیں:

1- مانوسیٹلائٹ کیمپس' لکھنؤ میں 18-2017 سے عربی میں ماسٹر آف آرٹس (ایم اے) شروع ہوا۔

2- مانوسیٹلائٹ کیمپس' لکھنؤ میں 18-2017 سے اردو' عربی' فارسی اور انگریزی میں ڈاکٹر آف فلاسفی (پی ایچ ڈی) شروع ہوا۔

3- مانوسیٹلائٹ کیمپس، لکھنؤ میں 19-2018 سے اردو' عربی' فارسی' انگریزی' اسلامیات' سیاسیات اور تاریخ میں بیچلر آف آرٹس (بی اے) شروع ہوا۔

4- مانو آرٹس اینڈ سوشل سائنس کالج فارویمنس' بڈگام' جموں کشمیر میں: 17-2016 سے اسلامیات میں ایم۔اے کی شروعات ہوئی؛ 18-2017 سے معاشیات' اردواور انگریزی میں ایم۔اے۔کی شروعات ہوئی؛ 18-2017 میں اسلامیات' معاشیات' اردواور انگریزی میں پی ایچ ڈی کی شروعات ہوئی۔

5- مانوسیٹلائٹ کیمپس' بڈگام' جموں کشمیر' مانوسیٹلائٹ کیمپس' بھوپال (مدھیہ پردیش) اور مانوسٹلائٹ کیمپس' دربھنگہ (بہار) میں 18-2017 سے ایجوکیشن میں پی ایچ ڈی کا آغاز ہوا۔

6- جموں وکشمیر بڈگام کے مانوسیٹلائیٹ کیمپس میں مخلوط تعلیم (یعنی لڑکے اورلڑکیوں کی ایک ساتھ تعلیم) کومتعارف کروایا گیا۔

7- یونیورسٹی نے 2018 میں کڑپہ (آندھراپردیش) اورکٹک (اڈیسہ) میں پالی ٹکنک کالجز کا قیام عمل میں لایا ہے۔

****

یونیورسٹی سپورٹ سسٹم

پچھلے چار سالوں میں یونیورسٹی کی توجہ اس بات کو یقینی بنانے پر رہی ہے کہ یونیورسٹی کے امدادی نظام کے سبب طلبا' اساتذہ اور عملہ اطمینان وسکون محسوس کر سکیں۔ سابقہ چار سالوں میں مختلف امدادی نظام کی کارکردگیوں اور کامیابیوں کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

ملازمین کے لیے ڈے کیئر کی ضرورت:

سابقہ چار سالوں میں یونیورسٹی کیمپس میں قائم شدہ ڈے کیئر سنٹر نے عملہ اور طلبا کے (عہد طفلی سے اسکول جانے والی عمر تک کے) بچوں کی محفوظ محتاط دیکھ بھال موثر طریقے سے کی ہے۔

انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم:

یونیورسٹی نے اپنے سنٹر فار انفارمیشن ٹکنالوجی (سی آئی ٹی) کو پوری طرح سے فعال بنایا ہے۔ سنٹر نے مکمل طور پر مربوط انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم کے ساتھ آئی سی ٹی کو متعارف کرا کر قابل ستائش کام کیا ہے جس نے طلبا' اساتذہ اور دیگر عملہ کی شماریاتی ضرورتوں کو پورا کرنے میں مدد کی ہے۔ فی الحال سی آئی ٹی نے فائبر آپٹکس' یونیورسٹی پورٹل ڈیولپمنٹ اینڈ مینٹیننس' پرابلم ڈائیگنوسٹکس اور ٹربل شوٹنگ کے علاوہ انٹرنیٹ ایکسس' ای میل' آئی ٹی سیکوریٹی' وائی فائی مع وائی میکس بیک بون کی سہولیات فراہم کی ہیں۔ سی آئی ٹی نے ایک جی بی پی سیکنڈ لنک بذریعہ نیشنل نالج نٹ ورک استعمال کرتے ہوئے انٹرنٹ سہولت اور آن لائن اکتسابی مواد تک رسائی کی سہولیات فراہم کرائی ہیں۔ اس نے طلبا' اساتذہ اور عملہ کے موثر آئی سی ٹی استعمال کے لیے آئی ٹی کے بنیادی ڈھانچے اور متعلقہ سہولیات کو بہتر بنایا ہے۔ آئی سی ٹی' یونیورسٹی ویب سائٹ پر تعلیمی سرگرمیوں' ادارہ جاتی اطلاعات' داخلہ جات' واقعات و تقریبات' امتحانات' نتائج وغیرہ سے متعلق انفارمیشن کی وقت بوقت کامیابی کے ساتھ تجدید کاری اور اس کا نظم ونسق کرتا رہا ہے۔ سی آئی ٹی نے 2015 میں ویب کاؤنسلنگ' آن لائن درخواستوں کی تکمیلی کے کام کا آغاز کیا ہے۔ یہ سمعی وبصری مخزن کا بھی نظم ونسق کرتا ہے۔

صحت کی دیکھ بھال سے متعلق خدمات:

یونیورسٹی' مستقل اراکین عملہ پر مشتمل ایک صحت مرکز بھی چلاتا ہے جن میں میڈیکل آفیسر' ایک مرد نرس' ایک اکسرے ٹکنیشین' لیب ٹکنیشین' فارماسسٹ' کاؤنسلر اور اٹینڈنٹ شامل ہیں' ان کے علاوہ دیگر معاہدہ جاتی عملہ بشمول جنرل فیزیشین' گائنا کولوجسٹ اور پیڈی ایٹریشین پر مشتمل ہے۔ مرکز امراض قلب' امراض چشم اور عطیۂ خون سے متعلق کیمپوں کے انعقاد کے علاوہ اتحاد کے لیے دوڑ اور ہم آہنگی کے لیے چہل قدمی کا انعقاد بھی کر چکا ہے۔

معذور افراد کے لیے سیل:

سابقہ چار سالوں کے دوران ایک اہم کارنامہ 31 مارچ 2106 کو معذور افراد کے لیے سیل (پی ڈبلیو ڈی سیل) کا قیام ہے جس کا مقصد یونیورسٹی میں بیداری پیدا کرنے کے لیے قدم اٹھانا اور دیگر طور پر اہل افراد کو مشاورت فراہم کرنا ہے۔ اس سیل کی تشکیل نو 3 مئی 2017 کو ہوئی جس میں نئے اراکین شامل کیے گئے۔ کیمپس کے پی ڈبلیو ڈی طلبا کے ساتھ ملاقات کرنے' ان طلبا کے لیے کیمپس میں بہتر رسائی کی جانچ کرنے اور مختلف پروگرام منعقد کرانے کی کوشش کی جارہی ہے تاکہ کیمپس کے اندر تدریسی غیر تدریسی عملے اور طلبا برادری میں حساسیت اور بیداری پیدا کی جاسکے۔ حال ہی

میں ہمارے دو طلبا نے یوتھ فار جابس (این جی او) کی جانب سے 16-15 اپریل کو ایچ سی یو کیمپس میں منعقد کی جانے والی حیدرآباد کیریر ایکسپو 2019 (معذور افراد کے لیے) میں شرکت کی۔ سب سے اہم بات یہ کہ معذور افراد کی ضروریات و مسائل کے لحاظ سے مانو کیمپس میں تبدیلیاں کی گئی ہیں اور ساتھ ہی ان کے لیے امتحانی قواعد میں تبدیلیوں سمیت دیگر پالیسیاں اختیار کی جا رہی ہیں۔

عمارتوں کو معذور افراد کے لیے سہولت بخش بنانے کی خاطر 4 کروڑ روپے کا گرانٹ حاصل ہوا۔ ایلیویٹرز پر کام شروع ہو چکا ہے۔ پی ڈبلیو ڈی سیل کے ذریعے کرائے گئے پروگراموں اور سرگرمیوں کی فہرست درجہ ذیل ہے:

سرگرمیاں	تفصیلات اور نتائج
یونیورسٹی میں رسائی کی منی آڈٹ	25 جولائی 2016 کو پی ڈبلیو ڈی سیل کمیٹی کے اراکین کے ذریعہ تین عمارتوں کی منی آڈٹ کی گئی
معذور طلبا کے ساتھ میٹنگ	13 اکتوبر 2016 کو پی ڈبلیو ڈی سیل کمیٹی کے لیے اراکین طلبا نامزد کیے گئے
پبلک لکچر	''یونیورسٹیوں کی کائنات کی توسیع: حقوق معذوریت اور مطالعات معذوریت'' کے موضوع پر پروفیسر انیتا وھنڈا، نلسار یونیورسٹی آف لا کا لکچر
نعرے لکھنے کا مقابلہ	بین الاقوامی یوم برائے معذور افراد کے موقع پر 28 نومبر 2017 کو مقابلے کا انعقاد
فلم اسکریننگ اور مباحثہ	یکم دسمبر 2016 کو فلم ''کوشش'' کی اسکریننگ اور بعد ازاں اس پر مباحثہ؛ اس میں طلبا اور اساتذہ شریک ہوئے
ریلی اور تقسیم انعامات	طلبا، اساتذہ اور غیر تدریسی عملہ نے 2 دسمبر 2016 کو ریلی میں حصہ لیا۔ میٹنگ کے دوران پی ڈبلیو ڈی سیل کے لوگو کی اجرائی ہوئی۔
پبلک لکچر	کلپنا کنابیرن ڈائرکٹر، کاؤنسل فار سوشل ڈیولپمنٹ، حیدرآباد نے 7 مارچ 2017 کو ''حقوق معذوریت کی تفہیم اور تعین مقام'' کے موضوع پر لکچر دیا
مختلف تنظیموں کے نمائندوں سے ملاقات	کمیٹی کے اراکین نے 5 مئی 2017 کو MSU، MANUUTA اور MEWA کے نمائندوں سے ملاقاتیں کیں انہوں نے کیمپس برادری کے ہر گروپ سے متعلق خصوصی امور پر گفتگو کی
نئے داخلہ یافتہ معذور طلبا سے ملاقات	نئے داخلہ یافتہ طلبا کا استقبال کیا گیا اور ان کی ضروریات کو قلم بند کیا گیا۔ 28 ستمبر 2017 کو خریداری کمیٹی کے ایک نمائندہ نے اراکین کمیٹی اور طلبا سے ملاقات کر کے ان کے لیے معاون آلہ جات کی ضروریات کو قلم بند کیا۔
فلم اسکریننگ	6 اکتوبر کو فلم ''اسپرش'' کی اسکریننگ کی گئی۔ بعد ازاں، شعبۂ عوامی ذرائع ترسیل و صحافت کے ڈاکٹر معراج احمد مبارکی کی سرپرستی میں مباحثے کا انعقاد عمل میں آیا
غیر تدریسی عملہ کے لیے حساسیت ورک شاپ	13 نومبر کو سوادھیکار کے جناب پون ملتھا نے ''پی آر ڈی ایکٹ 2016 کے مطابق ملازم معنی رکھتا ہے'' کے موضوع پر ورک شاپ کا انعقاد کرایا۔
مختصر کہانی نویسی مقابلہ	بین الاقوامی یوم برائے معذور افراد کے مد نظر یکم دسمبر 2017 کو مقابلہ ھذا کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔
پبلک لکچر	''نیا معذوریت قانون کے مطابق مناسب انتظام رہائش'' کے موضوع پر ڈاکٹر اناؤ رَم، شعبۂ سماجیات، یونیورسٹی آف حیدرآباد نے 13 مارچ 2017 کو لکچر پیش کیا۔

سید حامد لائبریری (ایس ایچ ایل):

سابقہ چار سالوں کے دوران یہ کوشش رہی ہے کہ مختلف شعبۂ تعلیم سے متعلق کتابیں لائبریری کے موجودہ ذخیرے میں شامل ہوں۔ مزید برآں لائبریری سو سے زیادہ میعادی جرائد کی خریداری کر رہا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ہماری طرف سے مسلسل کوشش ہے کہ زیادہ تر جرائد کی پرانی باقی ماندہ جلدوں کو جلد از جلد حاصل کیا جائے۔

لائبریری کی مسلسل کوشش رہی ہے کہ طلبا اور اساتذہ کو بہترین تحقیق سے آشنا کرایا جائے کیونکہ آج کے اطلاعات کے زمانے میں ای۔وسائل بہت ہی اعلی معیار کے وسائل ہیں۔ اسی سلسلے میں لائبریری نے بڑی تعداد میں قومی اور بین الاقوامی ڈیٹابیسس کی خریداری کی ہے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ سید حامد لائبریری نے 19-2018 میں کتب (نان ریکرنگ) کے لیے ایک کروڑ روپے اور ریکرنگ اخراجات (جرنلز اخبارات وغیرہ کی خریداری) کے لیے 31 لاکھ روپے مختص کیے تھے اور ان کا مکمل استعمال کیا گیا۔

بہ یک نظر:

- لائبریری نے 20 اکتوبر 2016 اور 20 اکتوبر 2019 کے درمیان اردو، انگریزی، ہندی، عربی اور فارسی میں مختلف تعلیمی شعبہ جات سے متعلق 13676 کتابیں اور 2500 ای بکس حاصل کی ہیں۔
- 19-2018 میں، لائبریری نے اپنے 144 ای بکس کے موجودہ ذخیرے میں 346 ای بکس عنوانات شامل کیے۔ کیمبرج یونیورسٹی پریس، آکسفورڈ یونیورسٹی پریس، سیج، ایلوائزر اور ٹیلر اینڈ فرانسس وہ اہم پبلشرز ہیں جن سے ای بکس خریدی گئیں۔ اس بات کو ملحوظ رکھا جائے کہ لائبریری کے ذریعہ خریدی گئی تمام ای بکس دائمی رسائی کے لیے ہیں اور ڈی آر ایم ٹائٹلز نہیں ہیں۔
- ای جرنلس کے لیے 8 ڈیٹابیس
- لائبریری 226 جرائد، 07 مقبول رسائل، 14 اخبارات (چار زبانوں یعنی اردو، ہندی، انگریزی اور تلگو میں) کی خریداری کرتی ہے۔
- لائبریری نے طلبا کے نئے بیچ کے لیے دو یوزر اور ینٹیشن پروگرام منعقد کرائے۔

لائبریری کے ذریعے نئے اقدامات:

سابقہ چار سالوں میں مندرجہ ذیل اقدامات کیے گئے ہیں:

- لائبریری نے کتابوں کی مکمل اسٹاک ویریفی کیشن کرائی۔
- لائبریری کے بہتر نظم ونسق کے لیے، حال میں KOHA (اوپن ریسورس لائبریری سافٹ ویئر) کا استعمال شروع کیا گیا ہے۔ مرکزی لائبریری کی فہرست کتب تک رسائی کے ساتھ ساتھ استعمال کنندگان (مختلف مقامات پر) شعبہ جات کے کتب خانوں اور سیٹلائٹ کیمپسوں کے کتب خانوں تک بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں تعلیمی اور مالی وسائل کے مناسب تو جیہ پر بہتر معیاری کنٹرول حاصل ہو سکے گا۔
- 18-2017 میں یونیورسٹی نے شودھ گنگا (INFLIBNET کی الکٹرانک تحقیقی مقالہ جات برائے ایم فل و پی ایچ ڈی کا ذخیرہ) پر اپنے تحقیقی مقالہ جات شیئر کرنے کے لیے INFLIBNET کے ساتھ مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کی۔

- 2017-18 میں یونیورسٹی نے تمام مراکز کے لیے خریداری کی پالیسی وضع کی اور اس کو اختیار کیا۔ پالیسی کے مطابق کتب فروشوں کی ایک پینل تیار کیا جاتا ہے اور ان سے کوٹیشن حاصل کے جاتے ہیں۔ کتب فروشوں کو اعلی ترین ڈسکاؤنٹ رکم ترین لاگت کا حوالہ دیتے ہوئے خریداری کی لیے آرڈر دیے جاتے ہیں۔

- پہلی مرتبہ ای بکس کی خریداری کی گئی اور مین کیمپس (حیدرآباد) اور دیگر سیٹلائیٹ کیمپسوں سے وابستہ مانو کمیونٹی کو اس تک رسائی فراہم کی گئی۔

- لائبریری وسائل کے مناسب استعمال کے لیے دیگر مراکز / کیمپسوں کو تمام سبسکرائب کردہ وسائل تک ریموٹ رسائی فراہم کی گئی۔

- 2017-18 کے دوران مانو نے کوئیچن پرو (سوالات تیار کرنے والی ایک اپلی کیشن) کے ساتھ ایک ایم او یو کیا تا کہ یونیورسٹی کے ریسرچ اسکالرز آن لائن سوال نامہ بنانے کے قابل بن سکیں، جواب دینے والوں سے فوری ڈیٹا حاصل کر سکیں اور موصولہ ڈیٹا کا تیزی سے تجزیہ کر سکیں۔

- نیشنل ڈیجیٹل لائبریری، سویم، سویم پربھا، ریفریشنگ وغیرہ کے استعمال کی خاطر ایم ایچ آرڈی کے ڈیجیٹل اقدامات کے فروغ کے لیے لائبریری باقاعدگی سے اورینٹیشن پروگرام منعقد کر رہی ہے۔

- ستمبر 2017 کے یو جی سی کے اعلامیہ کے لحاظ سے مخالف سرقہ (anti-plagiarism) پالیسی کو فروغ دینے کے لیے یونیورسٹی نے اکیڈمک کونسل میٹنگ کے دوران مخالف سرقہ (anti-plagiarism) پالیسی تیار اور اختیار کی ہے۔

- اساتذہ، طلبا اور عملے کے درمیان تعلیمی دیانت داری کو تقویت پہنچانے کے لیے اور یو جی سی ریگولیشنز 2018 (تعلیمی دیانت داری کا فروغ اور اعلی تعلیمی اداروں میں سرقہ کا ارتداد) سے جڑے رہنے کے لیے یونیورسٹی نے 2018-19 میں ٹرنی ٹین سرقہ سافٹ وئیر کی خریداری کی ہے۔ یہ بات ملحوظ رہے کہ یونیورسٹی کے پاس پہلے ہی سے ارکنڈ سرقہ سافٹ وئیر موجود ہے جو انفلبنٹ نے فراہم کیا ہے۔

- مختلف شعبوں کی تعلیمی ضروریات کی تکمیل کے لیے، یونیورسٹی نے 2018-19 میں ٹائمز آف انڈیا آرکائیو کی خریداری کی ہے جس میں 1838 سے آج تک کے ٹائمز آف انڈیا کے اخبارات اس کے اصل لے آؤٹ میں موجود ہیں۔

- مولانا آزاد پر ذخیرہ کے لیے خصوصی لائبریری بننے کی کاوش میں یونیورسٹی نے 2018-19 میں الہلال کی اصل نقول خریدی ہیں۔ لائبریری اس اخبار کی اصل نقول کو ڈیجیٹائز کر رہی ہے۔

- سال 2017-18 میں مانو نے ریختہ فاؤنڈیشن (اُردو زبان، ادب و ثقافت کے فروغ کے لیے دہلی میں واقع ایک عوامی چیاریٹیبل ٹرسٹ) کے ساتھ اشتراک کیا تا کہ اس کے نایاب ذخیرہ کو ڈیجیٹائز کیا جا سکے۔ ریختہ کی جانب سے سنٹرل لائبریری میں اسکینر نصب کر دیا گیا ہے اور ڈیجیٹائزیشن کا عمل شروع ہو چکا ہے۔

- یونیورسٹی کی درخواست پر ریختہ نے اُردو زبان کی اپنی تمام 56,939 ڈیجیٹل کتابیں، مع کتابیاتی توضیحات مانو کے ساتھ شئیر کی ہیں۔ ان ریکارڈز کی ضروری ادارت کے بعد مانو لائبریری نے ان تمام 56,939 کتابیاتی ریکارڈز کو کوہا لائبریری سافٹ وئیر کو ایکسپورٹ کیا ہے اور مانو کمیونٹی مین کیمپس اور دیگر سیٹلائیٹ کیمپسوں سے ان تک رسائی حاصل کر سکتی ہے۔

طلبا کی فلاح و بہبود

ڈین آفس برائے فلاح طلبا کو مکمل طور پر فعال بنایا گیا ہے۔ یہ دفتر طلبا کی فلاح و بہبود کے لیے یونیورسٹی کے مختلف دفاتر مثلاً پروکٹر، پرووسٹ، ہیلتھ سنٹر اور مختلف شعبہ جات وغیرہ کے اشتراک سے مسلسل کام کر رہا ہے۔ سابقہ چار سالوں میں اس دفتر نے مندرجہ ذیل خدمات فراہم کیں ہیں۔

(1) طلبا کے لیے صحت اور طبی انشورنس کی خدمات: پالیسی کارڈ اخراجات کا دعویٰ اور اس کی واپسی

(2) مختلف ایجنسیوں کی اسکالرشپ اور فیلوشپ کے متعلق اطلاعات کی فراہمی

(3) طلبا کی کاؤنسلنگ اور رہنمائی کا انتظام کیا گیا ہے۔

(4) ریلوے کنسیشن (رعایت)

(5) بس پاس کے متعلق درخواستیں

(6) طلبا یونین کے انتخابات، عہدہ نشینی اور طلبا یونین سے متعلق امور

(7) یو جی سی کی صنفی حساسیت کی اسکیم

(8) ڈینگو جیسی بیماریوں کے لیے احتیاطی تدابیر کے طور پر صفائی ستھرائی کو بحال رکھنے کی طرف توجہ

(9) ذہین طلبا کی معاون نصابی سرگرمیوں کے لیے حوصلہ افزائی۔ لہٰذا تلنگانہ کے بین ضلعی گولڈ میڈلسٹ ماسٹر حسین علی باوزیر کو اتر پردیش میں ہونے والے قومی مقابلے میں شرکت کے لیے مالی تعاون دیا گیا۔

اگست 20-2019 میں ڈین آفس، اسٹوڈنٹس ویلفیئر کی جانب سے 6 روزہ طویل طلبا تعارفی پروگرام (Students Induction Programme) کا انعقاد کیا گیا۔

داخلی شکایت کمیٹی

کام کی جگہ جنسی ہراسانی کے خلاف یونیورسٹی کی کمیٹی، پالیسی برائے صنفی امتیاز و جنسی ہراسانی (PADASH) کی تشکیل نو ہوئی ہے اور متعلقہ قانون کے ہدایت نامے کے مطابق اس کا نام داخلی شکایت کمیٹی رکھا گیا ہے۔ یہ کمیٹی اب تک بیس سے زیادہ شکایت کے معاملات نمٹا چکی ہے اور حکام مجاز کو مناسب کارروائی کے لیے سفارشات پیش کر چکی ہے۔

پراکٹر آفس

یونیورسٹی میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کے خصوصی احکامات و اختیارات کے ساتھ پراکٹر آفس کو فعال بنایا گیا ہے۔

دفتر تعلقات عامہ

دفتر تعلقات عامہ نے اُن امور کو مستحکم کرنے پر کام کیا ہے جن کا آغاز سابقہ تعلیمی سال میں ہوا تھا۔ مثلاً اس دفتر نے یونیورسٹی نیوز لیٹر ''الکلام'' کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کی کوشش کی ۔ چمکدار کاغذ پر شائع ہونے والا یہ نیوز لیٹر ملک کے بہترین یونیورسٹی رسالوں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے ۔ یہ یونیورسٹی کے ذریعہ منعقد کیے جانے والے تقریبات کی بھی تشہیر واشاعت کرتا ہے۔

دفتر تعلقات عامہ ہفتے میں تقریباً ہر روز پریس نوٹ جاری کرتا ہے۔ یہ یونیورسٹی کی زندگی کی تمام جہتوں کے متعلق اطلاعات فراہم کرتا ہے جن میں مانو طلبا اور ٹیچر اسوسی ایشن کے انتخابات، تعلیمی زندگی، مختلف سمینار، ورکشاپ، کانفرنس اور کھیل کود سے متعلق روداد شامل ہوتے ہیں۔

دفتر تعلقات عامہ کے ذریعہ جاری کیے گئے پریس نوٹ اُردو کے اخبارات ورسائل کے علاوہ دیگر زبانوں مثلاً ہندی، انگریزی اور تیلگو کے بھی اخبارات ورسائل کے ذریعہ بھی شائع کیے جاتے ہیں۔ اس دفتر نے 2016 میں وال کلینڈر، ڈسک ٹاپ کیلنڈر اور ڈائریاں نکالیں جو یونیورسٹی کے عملہ اور معززین کے درمیان تقسیم کی گئیں۔ وال اور ٹیبل کیلنڈر خصوصی موضوعات بالترتیب ''سائنس دان جنھوں نے دنیا بدل دی'' اور ''کیمپس میں مہاجر پرندوں کی تصاویر'' پر شائع کیے گئے۔ مختلف پروگراموں مثلاً سیمینار، ورک شاپ، ممتاز شخصیات کے ذریعے لکچرز کے علاوہ دفتر ھذا نے یوم جمہوریہ اور یوم آزادی کے جشن کا بھی اہتمام وانعقاد کیا۔ یہ سہرا بھی دفتر تعلقات عامہ کو جاتا ہے کہ ہندوستان بھر سے 50 سے زائد پبلی کیشنز، مولانا آزاد یونیورسٹی کو ڈی اے وی پی کی شرح دے رہی ہیں جو انتہائی رعایتی شرح ہے۔

پرووسٹ آفس اور ہاسٹل انتظامیہ

تعلیمی سال 17-2016 میں بوائز ہاسٹل کی فلاح کے لیے درج ذیل اقدامات کیے گئے ہیں:

- تمام بوائز ہاسٹلوں میں ریڈنگ روم کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ اُردو، انگریزی اور ہندی کے موقر اخبارات کو تمام ریڈنگ روم کے لیے سبسکرائب کیا گیا ہے۔
- تمام بوائز ہاسٹلوں میں کامن روم کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ ایچ ڈی سیٹ ٹاپ باکس کے ساتھ فل ایچ ڈی ٹیلی ویژن سیٹ نصب کیا گیا ہے۔ تمام بوائز ہاسٹلوں کے سبھی کامن رومز میں کیرم اور شطرنج کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔
- مسٹر بی وینکٹیشوارلو، ایم ایل سی، ٹی آر ایس، ریاست تلنگانہ کی جانب سے منظور شدہ 1500 لیٹر فی گھنٹہ گنجائش والے تین آر او پلانٹس کو بوائز ہاسٹل-I، III اور گلزار گرلز ہاسٹل میں نصب کیا گیا ہے۔
- بوائز ہاسٹل-III کو جانے کے لیے ایک مستقل سڑک تعمیر کی گئی ہے۔
- سبزیاں اور پھل رکھنے کے لیے ایک ائیر کنڈیشنڈ روم کا انتظام کیا گیا ہے۔
- غذا کی قیمتوں میں کمی کے لیے بوائز ہاسٹل-II میں ایک مرکزی میس کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ غذائی اشیا بوائز ہاسٹل-II سے بوائز ہاسٹل-I، III اور IV کو پہنچائی جارہی ہیں اور غذا کو صحت بخش رکھنے کے لیے پروفیشنل کیٹرنگ باکسز وغیرہ خریدے گئے ہیں۔

- مرکزی میس کی سہولت قائم کرنے سے صرفہ میں کمی آئی ہے جس کی وجہ سے یونیورسٹی کی لاکھوں روپے کی بچت ہوئی ہے۔
- سال 17-2016 سے مرکزی ہاسٹل داخلہ کمیٹی کی جانب سے وضع کی گئی شرائط کی بنیاد پر ہاسٹل میں داخلہ فراہم کیا جارہا ہے اوران شرائط کی بنیاد طلبا کا معاشی پس منظر اور میرٹ ہیں۔
- پرووسٹ آفس میں ایک اکاؤنٹ سیکشن بنایا گیا ہے جو ہاسٹل / میس فیس اوران کے ماہانہ ریکارڈ سے متعلق اکاؤنٹس رکھے گا۔
- پرووسٹ آفس نے سال 18-2017 سے غریب معاشی پس منظر رکھنے والے ضرورت مند طلبا کے لیے **"مفت میس اور 50% رعایتی میس"** کی سہولت فراہم کی ہے۔
- ہاسٹلز کے شراکتی مینجمنٹ کو فروغ دینے کے لیے طلبا بطور ہاسٹل سکریٹریز ٗ ہاسٹل کے مختلف معاملات میں شامل ہورہے ہیں۔
- طلبا اور ساتھ ہی ساتھ یونیورسٹی عملے کے درمیان ایک خوشگوار اور دوستانہ ماحول پروان چڑھانے کے لیے پرووسٹ آفس نے سال 18-2017 سے **"سالانہ ہاسٹل ڈنر"** شروع کیا ہے۔
- 18-2017 سے سالانہ ہاسٹل تقریبات کے تحت باقاعدگی سے انٹراہاسٹل اسپورٹس ٗ گیمس اور ثقافتی سرگرمیاں منعقد کی جارہی ہیں۔

☆ **ہاسٹل کمیٹیاں:** خریدی وآڈٹ کمیٹی ٗ ہم نصابی کمیٹی ٗ ریڈنگ روم کمیٹی ٗ زائد از نصابی کمیٹی ٗ صحت اور حفظانِ صحت کمیٹی اور گرین کلب کمیٹی قائم کیے گئے ہیں۔

- فروری 2019 میں پرووسٹ آفس نے ایک ہفتہ کے لیے **انٹراہاسٹلز اسپورٹس اور گیمس** منعقد کیے۔
- پہلی مرتبہ ٗ 16 فروری 2019 کو سالانہ ہاسٹل تقریبات ۔19-2018 کا گرلز اور بوائز ہاسٹلوں کی جانب سے مشترکہ طور پر انعقاد کیا گیا۔ سالانہ ہاسٹل تقریب کے لیے **مسٹر شازی زماں ٗ موقر جرنلسٹ اور سابق گروپ ایڈیٹر اے بی پی نیوز نیٹ ورک اور مس نینا جیسوال ٗ بین الاقوامی ٹینس کھلاڑی** کو بطور مہمان خصوصی مدعو کیا گیا۔
- بوائز اور گرلز ہاسٹلوں نے سہ لسانی سالانہ ہاسٹل میگزین **"امنگ"** بھی متعارف کرایا ہے۔
- کمرشیل گیس کے صرفہ کی لاگت کو روکنے اور ساتھ ہی غذائی اشیا کے معیار کو بڑھانے کے لیے اگست 2019 میں اسٹیم بوائلرز خریدے گئے ہیں اور انہیں سنٹرلائزڈ / بیس کچن میں نصب کیا گیا ہے۔

پلیسمنٹ سرویز

پلیسمنٹ سیل کی تشکیل اس عرصہ کی سب سے اہم کامیابیوں میں سے ایک ہے جس کا مقصد پلیسمنٹ سرگرمیوں کے لیے امکانی آجروں کا ایک نیٹ ورک تیار کرنا اور ساتھ ہی ہائرنگ پروسس کے ہر مرحلہ کی تیاری کے لیے طلبا کو مدد فراہم کرنا ہے۔

ٹریننگ اور پلیسمنٹ سیل نے مانو (19-2017) کے گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ طلبا کے لیے درج ذیل ٹریننگ پروگرامز منعقد کیے:

(1) ایک غیر منافع بخش تنظیم کیریئر گائیڈنس کونسل (سی جی سی) ٗ جو طلبا کو انڈسٹری پروفیشنلز کے ساتھ رابطہ کرنے اور ان کے تجربات اور افکار شیئر کرنے کا پلیٹ فارم مہیا کرتی ہے ٗ کے اشتراک سے "ایمپلائی ابیلیٹی مہارتوں کا فروغ" ٹریننگ پروگرام منعقد کیا گیا۔

(2) مسٹرظفراقبال، ریٹائرڈ آئی اے ایس افسر کی جانب سے ''امپلائی ایبلیٹی کے لیے انگریزی'' سافٹ اسکلز ڈیولپمنٹ پروگرام۔

(3) مینٹرشپ پروگرام: اس پروگرام کے انعقاد کا اہم مقصد طلبا کو امپلائی ایبلیٹی اسکلز، علم اور قابلیت سے آراستہ کرنا تھا۔

(4) پروفیشنل کورسز کے طلبا کے لیے اصلاحی کوچنگ

(5) ٹریننگ اور پلیسمنٹ سیل نے این ایس ایس سیل اور آئی کیو اے سی کے اشتراک سے ''ہندوستانی مسلح افواج'' میں شرکت کے لیے کیریئر کونسلنگ پر ایک خصوصی لکچر کا انعقاد کیا۔ لفٹیننٹ کرنل گنیش، آفیسر کمانڈنگ 8 (ٹی) این سی سی بٹالین کو مدعو کیا گیا تھا جنھوں نے ہندوستانی مسلح افواج (زمینی فضائی اور بحری افواج) میں شرکت پر لکچر دیا۔

(6) ٹریننگ اور پلیسمنٹ سیل نے حیدرآباد میں واقع ایک اختراعی مصنوعی ذہانت کی ٹریننگ اور ڈیولپمنٹ سنٹر، ڈاٹا جانگو کے اشتراک سے مانو (بی ای/بی ٹیک/ایم ٹیک/ایم سی اے) کے طلبا کے لیے ڈیٹا سائنس اور مصنوعی ذہانت پر ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

(7) مانو کے انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ طلبا کے لیے صدر شعبہ انگریزی، مانو اور مسٹر سوم پلیام گوداورتھی کی جانب سے انگریزی میں کمیونکیشن مہارتوں پر ایک کورس کا انعقاد کیا گیا۔

(8) انگلش لینگویج فیلو مس رابن کیتھی، یو ایس قونصل خانہ حیدرآباد کی جانب سے مانو کے انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ طلبا کے لیے انگریزی میں کمیونکیشن مہارتوں پر ایک کورس جس میں طلبا کو کریٹیکل تھنکنگ اسکلز، حل مسئلہ اور کمیونکیشن تکنیکیں سکھائی گئیں۔

(9) انگریزی میں کمیونکیشن اسکلز مکمل کر لینے والے طلبا کے لیے مس رابن کیتھی، یو ایس قونصل خانہ حیدرآباد کی جانب سے مانو کے انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ طلبا کے لیے زبانی کمیونکیشن اور فریکوئنسی پر ایک کورس جس میں پیشکش کی مہارتوں پر زور دیا گیا۔

(10) یو ایس قونصل خانہ حیدرآباد اور ٹی آئی ای حیدرآباد کے اشتراک سے مانو کی جانب سے ''تعلیم سے انٹر پرینیورشپ تک'' پر ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام میں 600 طلبا نے شرکت کی۔

(11) ''صنعت اور ادارہ کے درمیان رشتے: نوجوانوں میں بیداری، اختراع اور امپلائی ایبلیٹی'' پر قومی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جسے قومی و کثیر قومی کمپنیوں کے سی ایم ڈی اور سی ای اوز نے مخاطب کیا۔

(12) ''نئے ہندوستان میں ملازمت کی مانگ - ایک پالیسی تناظر'' پر دو روزہ قومی کانفرنس کا انعقاد: اس کانفرنس نے یونیورسٹی کے طلبا نئے ہندوستان میں ملازمتوں کی مانگ اور چیلنجز کو سمجھنے میں مدد دی۔

(13) ٹریننگ اور پلیسمنٹ سیل اور سید حامد لائبریری نے ڈائرکٹوریٹ آف پبلک لائبریریز (ڈپارٹمنٹ آف اسکول ایجوکیشن، حکومتِ تلنگانہ)، انڈین پبلک لائبریری موومنٹ (آئی پی ایل ایم) اور ڈیجیٹل امپاورمنٹ فاؤنڈیشن کے اشتراک سے ''ہندوستان میں پبلک لائبریریز میں بدلاؤ'' پر دو روزہ کانفرنس کا انعقاد کیا۔

طلبا کونسلنگ اور کیریر گائیڈنس کی آج تک (19-2017) کی تفصیلات حسب ذیل ہیں:

سلسلہ شمار	سرگرمی	شرکا	تفصیلات
1	31.08.2017 کو انکیوبیشن پراجکٹ	14	اسٹارٹ اپ ویب ڈیولپمنٹ کمپنی
2	6.09.2017 کو ''خود کا مستقبل ترتیب دیں'' پر خصوصی لکچر	160	کیریئر کے انتخاب کی اہمیت
3	16.09.2017 کو کیریئر گائیڈنس کونسل کی جانب سے ''ایمپلائی ایبلیٹی اسکلز کا فروغ'' ٹریننگ پروگرام	120	عناوین: 1۔ آجرین کیا چاہتے ہیں؟ 2۔ ریزیومے رائٹنگ
4	22.11.2017 کو ''صحت کی حفاظت اور ماحول میں کیریئر''	30	بی ایس سی طلبا کے لیے بیداری پروگرام
5	23.09.2017 کو کیریئر گائیڈنس کونسل کی جانب سے ''ایمپلائی ایبلیٹی اسکلز کا فروغ'' ٹریننگ پروگرام	70	عناوین: اپٹی ٹیوڈ ٹسٹ۔ تیاری۔ سافٹ / کمیونکیشن اسکلز
6	30.09.2017 کو کیریئر گائیڈنس کونسل کی جانب سے ''ایمپلائی ایبلیٹی اسکلز کا فروغ'' ٹریننگ پروگرام	60	عناوین: 1۔ گروپ ڈسکشن / جے اے ایم سیشن / مجھے اپنے بارے میں بتائیں انٹرویو کا سامنا کیسے کریں؟
7	07.10.2017 کو کیریئر گائیڈنس کونسل کی جانب سے ''ایمپلائی ایبلیٹی اسکلز کا فروغ'' ٹریننگ پروگرام	60	تمثیلی انٹرویوز
8	05.10.2017 کو ''انگریزی برائے امپلائی ایبلیٹی'' پر سافٹ اسکلز ڈیولپمنٹ کورس	60	طلبا کی کمیونکیشن اسکلز کو بڑھانا
9	6.10.2017 اور 07.10.2017 کو مینٹر شپ پروگرام	33	طلبا کو امپلائی ایبلیٹی اسکلز، علم اور قابلیت سے لیس کرنا
10	12.10.2017 کو ''انگریزی برائے امپلائی ایبلیٹی'' پر سافٹ اسکلز ڈیولپمنٹ کورس	60	طلبا کی کمیونکیشن اسکلز کو بڑھانا
11	26.10.2017 کو ''انگریزی برائے امپلائی ایبلیٹی'' پر سافٹ اسکلز ڈیولپمنٹ کورس	60	طلبا کی کمیونکیشن اسکلز کو بڑھانا
12	27.10.2017 کو ''ایجوکیشن سے انٹرپرینرشپ تک'' پر ورکشاپ	500	یو ایس قونصلیٹ جنرل حیدرآباد اور ٹی آئی ای حیدرآباد کے اشتراک سے
13	2.11.2017 کو ''انگریزی برائے امپلائی ایبلیٹی'' پر سافٹ اسکلز ڈیولپمنٹ کورس	80	طلبا کی کمیونکیشن اسکلز کو بڑھانا
14	3.11.2017 کو مینٹر شپ پروگرام	28	اس پروگرام کا مقصد طلبا کو ایمپلائی ایبلیٹی اسکلز، علم اور قابلیت سے آراستہ کرنا ہے۔

15	4.11.2017 کومینٹر شپ پروگرام	20	اس پروگرام کا مقصد طلبا کو ایمپلائی ایبلیٹی اسکلز، علم اور قابلیت سے آراستہ کرنا ہے۔
16	26.11.2017 کوشروعات بس	250	اختراعی افکار میں اضافہ کرنا
17	8-7 دسمبر 2017 کو دوروزہ قومی سمینار	150	''مولانا آزاد کا ویژن اور قوم کی تعمیر'' پر قومی سمینار
18	17-16 جنوری 2018 کو انگریزی میں کمیونکیشن اسکلز	15	مانو کے طلبا کی کمیونکیشن اسکلز میں اضافہ
19	16.01.2018 کو ''مساوی مواقع کی تفہیم۔ تصورات اور پریکٹس'' پر قومی کانفرنس	200	مساوی مواقع کی تفہیم۔ تصورات اور پریکٹس
20	جنوری۔ اپریل 2018 میں انگریزی میں کمیونکیشن اسکلز	256	مانو کے طلبا کی کمیونکیشن اسکلز میں اضافہ
21	10.02.2018 کو کیریئر گائیڈنس کونسل کی جانب سے ''ایمپلائی ایبلیٹی اسکلز کا فروغ'' ٹریننگ پروگرام	60	عناوین: 1۔ آجرین کیا چاہتے ہیں؟ 2۔ ریزیومے رائٹنگ
22	17.02.2018 کو کیریئر گائیڈنس کونسل کی جانب سے ''ایمپلائی ایبلیٹی اسکلز کا فروغ'' ٹریننگ پروگرام	37	عناوین: اپٹی ٹیوڈ ٹسٹ۔ تیاری۔ سافٹ / کمیونکیشن اسکلز
23	19-18 فروری 2018 کو پروفیشنل کورسز کے طلبا کی اصلاحی کوچنگ	58	سافٹ اسکلز، زبانی قابلیت
24	24.02.2018 کو کیریئر گائیڈنس کونسل کی جانب سے ''ایمپلائی ایبلیٹی اسکلز کا فروغ'' ٹریننگ پروگرام	20	عناوین: اپٹی ٹیوڈ ٹسٹ۔ تیاری۔ سافٹ / کمیونکیشن اسکلز
25	25-16 فروری 2018 کو پروفیشنل کورسز کے طلبا کی اصلاحی کوچنگ	83	ارتھمیٹک / لاجیکل ریزننگ
26	3.03.2018 کو کیریئر گائیڈنس کونسل کی جانب سے ''ایمپلائی ایبلیٹی اسکلز کا فروغ'' ٹریننگ پروگرام	11	عنوان: 1۔ ملازمت کی تلاش کیسے کریں
27	8-7 مارچ 2018 کو ''نئے ہندوستان میں ملازمت کی مانگ۔ ایک پالیسی تناظر'' پر دوروزہ کانفرنس	400	''نئے ہندوستان میں ملازمت کی مانگ۔ ایک پالیسی تناظر''
28	24.09.2018 کو یوایس سفارت خانے کا ''انگریزی میں کمیونکیشن اسکلز'' پر افتتاحی کورس	120	''انگریزی میں کمیونکیشن اسکلز'' پر افتتاحی کورس
29	28.09.2018 کو ''ہندوستانی مسلح افواج میں شرکت کے لیے کیریئر کونسلنگ''	120	ہندوستانی مسلح افواج میں شرکت کے لیے کیریئر کونسلنگ
30	6-4 اکتوبر 2018 کو ''ڈیٹا سائنس اور مشین لرننگ (اے آئی)'' پر ورکشاپ	150	''ڈیٹا سائنس اور مشین لرننگ (اے آئی)'' پر ورکشاپ

31	اکتوبر 2018 سے 8 ہفتوں کے لیے انگریزی فیلومس رابن کینتھی' یوایس قونصل خانہ کی جانب سے ''انگریزی میں کمیونکیشن اسکلز'' اورزبانی کمیونکیشن اورفریکوئنسی پرایک کورس	467	طلبا کریٹیکل تھنکنگ اسکلز' حل مسئلہ اور کمیونکیشن تکنکیں سیکھیں گے۔
32	16-23 فروری 2019 کوکیریئر گائیڈنس کونسل (سی جی سی)' ایک غیر منافع بخش تنظیم کے اشتراک سے کیمپس رکروٹمنٹ کلاسز	40	اپٹی ٹیوڈ ٹسٹ کی تیاری' سافٹ اسکلز' ریزیومے کی تیاری اور آجرین کیا چاہتے ہیں' جیسے عناوین پر گفتگو کی گئی۔

مانو ہیڈکوارٹرز میں پچھلے تین سالوں میں کیمپس پلیسمنٹ کی تفصیلات حسبِ ذیل ہیں:

دورہ کرنے والی تنظیموں کی تعداد	شرکت کرنے والے طلبا کی تعداد	ملازمت پانے والے طلبا کی تعداد
19	1015	120

☆ حال ہی میں آنے والے مرکزی اساتذہ اہلیتی ٹسٹ (سی ٹی ای ٹی۔2018) کے نتائج مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اورٹریننگ کے لیے خوشیوں کی سوغات لائے ہیں جیسا کہ اس کے 80 طلبا نے اس ٹسٹ میں کامیابی حاصل کی۔ کئی طلبا نے سنٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے منعقدکردہ قومی سطح کے اول اوردوم دونوں سطحوں پرکامیابی حاصل کی ہے۔

اساتذہ اور عملہ انڈکشن پروگرام

یونیورسٹی نے ایک کمیٹی بھی تشکیل دی ہے جوفیکلٹی انڈکشن ڈیولپمنٹ سیل (FIDC) کے لیے ایک انسٹرکشنل مینول تیار کرے گی تا کہ نو تقرر شدہ اساتذہ اوراسٹاف کوان کے حقوق وذمہ داریوں کے علاوہ یونیورسٹی کے اختیارات' اسٹرکچر اور کاموں سے واقف کرایا جاسکے۔

متفرقات:

...... یونیورسٹی نے اینٹی ریگنگ اسکواڈ (مانو کیمپس) تشکیل دیا ہے۔

...... یونیورسٹی نے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے جو یونیورسٹی کے پی جی طلبا کے لیے اسکالرشپ کی ادائیگی کی مناسب اسکیم وضع کرے گی۔

...... یونیورسٹی نے مساوی مواقع سیل قائم کیا ہے۔

...... مانو اب ایم ایچ آر ڈی کے مشن پرمبنی ہدایات جیسے سوچھ بھارت ابھیان؛ سوچھ بھارت۔سوستھ بھارت؛ سوچھتا پکھواڑہ؛ ایک بھارت ۔شریشٹھ بھارت؛ بیٹی بچاؤ۔ بیٹی پڑھاؤ؛ وتیا شاکشرت ابھیان اور پی ایم کوشل وکاس یوجنا؛ کے علاوہ این کے این۔ این ایم ای۔آئی سی ٹی کا ڈیجیٹل انڈیا کا حصہ ہے جس میں کیمپس کنکٹ' یوجی سی۔انفلبنٹ' این ڈی ایل کلسٹر' سوئم' بھارت وانی وغیرہ شامل ہیں۔

****

انفرااسٹرکچر: جاری پیشرفت

پچھلے چار سال میں' یونیورسٹی کی توجہ یونیورسٹی کے انفرااسٹرکچر کو برقرار رکھنے' اسے درست کرنے اور اس کی اصلاح کرنے پر رہی ہے۔ موجودہ انفرااسٹرکچرل سہولیات میں کئی معیاری سدھار لائے گئے ہیں جس نے یونیورسٹی کے تدریسی واکتسابی اور تحقیقی ماحول اور گورننس وانتظامیہ کی قدر میں اضافہ کیا ہے۔ ذیل میں کلیدی جھلکیاں پیش ہیں:

← **آئی سی ٹی سے آراستہ کلاس رومز**: یونیورسٹی نے مختلف شعبوں / مراکز کے کئی کلاس رومز کو جدید ترین سمعی و بصری آلات جیسے ایل سی ڈی پراجکٹرس اور وائی فائی کنکشن کے ساتھ وائرڈ ساؤنڈ سے آراستہ کیا ہے۔

← **ہاسٹلس کی تزئین نو**: بوائز اور گرلز ہاسٹل دونوں کی بڑی حد تک درستی اور مرمت کی گئی اور کھلی جگہ' قدرتی روشنی اور حفظانِ صحت کی برقراری پر زور دیا گیا۔

← **حفاظتی انتظامات**: ہمارے حفاظتی انتظامات انتہائی سخت ہیں تاکہ رہائشیوں اور ان کی املاک کے تحفظ وصیانت کو یقینی بنایا جاسکے۔ نئی سیکوریٹی ایجنسی کو ہائر کیا گیا ہے۔ کیمپس میں کئی جگہوں بشمول عمارتِ انتظامیہ' باب الداخلہ اور وی سی لاج میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے گئے ہیں۔

← **توانائی کی بچت**: کیمپس میں اسٹریٹ لائٹس پر آٹو ٹائمرز نصب کیے گئے ہیں تاکہ توانائی کے تحفظ میں مدد مل سکے۔ سی پی ڈبلیو ڈی آرکیٹکٹس کی جانب سے عمارات کی ابتدائی ڈرائنگ کی تیاری کے مرحلہ میں توانائی بچت کے تصور کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔

← **قابل تجدید توانائی کا استعمال**: ہاسٹلس اور گیسٹ ہاؤس میں پانی گرم کرنے کے لیے شمسی توانائی استعمال کی جارہی ہے۔ کیمپس میں سولر پاور پلانٹ نصب کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔

← **زیرزمین آبی ذخیرہ (واٹر ہارویسٹنگ)**: بارہویں پلان میں سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ(Sewerage Treatment Plant) کی گنجائش رکھی گئی ہے اور سی پی ڈبلیو ڈی اس پلانٹ کے نصب کرنے کا کام کررہا ہے۔ اسی طرح' مانو کیمپس میں سی ایس ای بلڈنگ کے قریب زیر زمین آبی ذخیرہ کے لیے تالاب(Water Harvesting) کی تعمیر کی گئی ہے۔

← **کاربن تعدیل کی کاوشیں**: لمبے سبز درخت کیمپس کو جمالیاتی احساس بخشنے اور خوبصورت بنانے کے علاوہ کاربن تعدیل کو فروغ دینے میں بھی مدد کرتے ہیں اور اس طرح صحت کو لاحق خطرات اور آلودگی کو کم کرتے ہیں۔

← **شجرکاری**: ایک مسلسل شجرکاری مہم زیر عمل ہے۔ اب ہر نئی بننے والی عمارت کے قلب میں ایک منصوبہ بند سبزہ زار ہے۔ سی پی ڈبلیو ڈی اور بی ایس این ایل کی جانب اپنے سیول ونگ کے ذریعہ وقفہ بوقفہ شجرکاری مع ان کی مورٹیلیٹی ریٹ(Mortality Rate) بڑھانے کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمۂ جنگلات کی مدد سے کئی قابل قدر اور کمیاب پودوں کی نشاندہی کرلی گئی ہے اور ان کی لیبلنگ کردی گئی ہے۔

← **آبی بحران کا نظم**: آبی بحران پر قابو پانے کے لیے یونیورسٹی نے کئی اہم اقدامات کیے ہیں جن میں مانو کیمپس میں کئی بورویلز کی کھدائی' سب مرسیبل پمپ سیٹس اور جی آئی ڈیلیوری پائپ لائن شامل ہیں۔

← **گیسٹ ہاؤز کی تزئین نو**: یونیورسٹی کے وی آئی پی گیسٹ ہاؤز کی تزئین نو کی گئی ہے۔ یو جی سی۔ اے ایس سی گیسٹ ہاؤس کا کچن شیڈ بھی تعمیر کیا گیا ہے۔ کچن روم میں کوٹا اسٹون فلورنگ 'اسٹورروم میں شیلف' یو جی سی۔ ایچ آر ڈی سی کے قریب حفاظتی ستون(Plinth

Protection)اورانٹرلاکنگ فرش (Interlocking Pavers) بھی لگائے گئے ہیں۔

← **الکٹریکل اور میکانیکل مرمت**: پچھلے چار سالوں میں یونیورسٹی نے بڑے پیانے پر الکٹریکل اور میکانیکل کام انجام دیا ہے جیسے پورے کیمپس میں اسٹریٹ لائٹس کو ایل ای ڈی سے بدلا گیا ہے؛ بوائز ہاسٹل۔III کو جانے والے راستے پر ایل ای ڈی اسٹریٹ لائٹ؛ مانو کیمپس کے باب الداخلہ پر تین زبانوں میں تھری ڈی روشن اسٹین لیس اسٹیل چینل حروف کی تنصیب؛ آؤٹ ڈور TSSPDCL سنگل پول اسٹرکچر سے ایچ ٹی وی سی بی پینل تک سنگل پول اسٹرکچر اور باب الداخلہ کے قریب واقع آؤٹ ڈور سب اسٹیشن پر سنگل پول اسٹرکچر؛ تمام آڈیٹوریم کی روایتی لائٹس کو بدل کر ایل ای ڈی لائٹس کی تنصیب۔ محفوظ پینے کے پانی کی سہولت فراہم کرنے کے لیے تمام ہاسٹلوں میں 500 ایل پی ایچ آر او واٹر پیوریفکیشن سسٹم۔ انگریزی زبان کی لیب میں پاور آؤٹ لیٹس اور لیان ساکیٹ آؤٹ لیٹس کی مرمت اور تبدیلی؛ مانو کیمپس کی پالی ٹکنک بلڈنگ میں فائر فائٹنگ سسٹم؛ سی ایس ای بلڈنگ میں ایل ای ڈی اور پنکھوں کی تنصیب؛ موجودہ گرم پانی کے سولار ہیٹنگ سسٹم کی مرمت؛ آؤٹ ڈور ایل ای ڈی لائٹنگ؛ ڈی ڈی ای کے آڈیٹوریم، سنٹرل لائبریری اور سی پی ڈی یو ایم ٹی کی بلڈنگ میں پی اے سسٹم آلات کی تبدیلی؛ نئے سب اسٹیشن سے ڈی آر سی بلڈنگ کے لیے آئی ٹی آئی کی عمارت تک ایل ٹی سروس کنکشن؛ 500 کے وی اے ٹرانسفارمر اور 250 کے وی اے ٹرانسفارمر کی تبدیلی کے ذریعہ اسپورٹس کامپلکس کے قریب اور باب الداخلہ پر ایل ٹی فیڈر ستون؛ پالی ٹکنک بلڈنگ کے لیے لازمی ایل ٹی سروس کنکشن؛ اور مانو کیمپس کی پرانی سب اسٹیشن بلڈنگ پر موجودہ 125 کے وی اے والے ڈی جی سیٹ کی 250 کے وی اے والے ڈی جی سیٹ سے تبدیلی۔

← **آف کیمپسوں میں انفرااسٹرکچر کی تعمیر**: یونیورسٹی نے آف کیمپسوں میں بھی انفرااسٹرکچر کی تعمیر کا کام انجام دیا ہے جیسے مانو کیمپس بھوپال، نوح (ہریانہ)، بڈگام، دربھنگہ، اورنگ آباد، آسنسول، بیدر اور کٹک میں باؤنڈری وال کی تعمیر: مانو سیٹلائیٹ کیمپ بڈگام، سری نگر میں گیٹ اور گارڈ روم کی تعمیر؛ دربھنگہ کیمپس پر ہمہ مقصدی تعلیمی عمارت کی تعمیر؛ اور مانو ماڈل اسکول فلک نما حیدرآباد میں خراب شدہ اسٹریٹ لائٹنگ کی ایل ای ڈی سے تبدیلی۔

← **صحت و حفظان صحت** : ہمہ وقتی ہاؤس کیپنگ، صفائی اور نگہداشت خدمات فراہم کرنے کے لیے نئی ایجنسی کو ہائر کیا گیا ہے۔ مانو کے کیمپس میں اوور ہیڈ ٹینک، چھت پر ذخیرۂ آب، انڈر گراؤنڈ سمپ اور سپٹک ٹینکوں کو باقاعدہ وقفہ سے صاف کیا جاتا ہے۔

← **انجینئرنگ ورکشاپ کی تعمیر**: 17.03.2017 کو مانو کیمپس میں انجینئرنگ ورکشاپ کی تعمیر کا کام پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ (1) ورکشاپ کی توسیع کا کام جاری ہے اور امکان ہے کہ یہ 31.12.2019 تک مکمل ہو جائے گا۔ (2) مین کیمپس میں کمپاؤنڈ وال کی اونچائی میں اضافہ کا کام تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔

← **جاری کام (بلڈنگ انفرااسٹرکچر)**: پچھلے چار سالوں میں شروع کیے گئے انفرااسٹرکچر پراجکٹس کی تعمیر کی پیشرفت حسب ذیل ہے:

سلسلہ شمار	کام/پراجکٹ کی نوعیت	آغاز کی تاریخ	ریمارکس
1	مانو کیمپس کے گلزار ہاسٹل میں پہلی اور دوسری منزل کی عمودی توسیع کی تعمیر	31.03.2017	اصل عمارت 27.03.2019 کو تعمیر کر کے سونپ دی گئی۔
2	مانو کیمپس کے بوائز ہاسٹل۔III کی تیسری منزل کی تعمیر	31.03.2017	14.09.2018 کو تعمیری کام مکمل ہو گیا۔

3	مانو، نوح (میوات)، ہریانہ میں کالج آف ٹیچر ایجوکیشن (سی ٹی ای) کی تعمیر	03.04.2017	30.09.2019
4	بوائز ہاسٹل۔III کی تعمیر، ذیلی ہیڈ: مانو کیمپس میں گراؤنڈ فلور کے ایک بلاک اور گراؤنڈ فلور+3 کے دو بلاکس کی تعمیر	09.02.2018	کام جاری ہے اور 31.03.2020 تک مکمل ہوگا۔
5	مانو کیمپس میں اسکول برائے کامرس اور مینجمنٹ بلڈنگ کی تعمیر	09.02.2018	کام جاری ہے اور 31.12.2019 تک مکمل ہوگا۔
6	مانو کیمپس میں سی ایس اینڈ آئی ٹی بلڈنگ کی تعمیر	09.02.2018	کام جاری ہے اور 31.12.2019 تک مکمل ہوگا۔
7	مانو کیمپس میں انجینئر نگ ورکشاپ کے پہلے اور دوسرے فلور کی مکمل اور گراؤنڈ فلور کے بچے ہوئے حصے کی تعمیر	21.02.2018	کام جاری ہے اور 31.12.2019 تک مکمل ہوگا۔
8	نوح (میوات)' ہریانہ' مانو سیٹلائیٹ کیمپس' ماڈل اسکول بلڈنگ کی تعمیر	15.09.2018	انتظامی منظوری اوراخراجات کی منظوری 31.03.2020
9	کٹک' اڑیسہ میں مانوسیٹلائیٹ کیمپس میں پالی ٹکنک بلڈنگ کی تعمیر	20.06.2019	انتظامی منظوری اوراخراجات کی منظوری 20.04.2020
10	کٹک' اڑیسہ میں مانوسیٹلائیٹ کیمپس میں آئی ٹی آئی بلڈنگ کی تعمیر	10.10.2018	31.12.2019
11	کڑپہ' اے پی میں مانوسیٹلائیٹ کیمپس میں پالی ٹکنک بلڈنگ کی تعمیر	21.07.2018	31.03.2020
12	بھوپال کے مانوسیٹلائیٹ کیمپس میں کالج ٹیچر ایجوکیشن کی تعمیر	28.07.2019	31.12.2020

متفرق کام: یونیورسٹی کے جمالیاتی حسن کو بڑھانے کے لیے اکتوبر 2015 سے اکتوبر 2019 مختلف ترقیاتی پراجکٹس ونگہداشت کے کاموں کا ایک سلسلہ بھی شروع کیا گیا' اس کی تجاویز پیش کی گئیں اور اس کی منظوری دی گئی جیسے اسٹوڈیو میں سی سی فلورنگ اور آئی ایم سی بلڈنگ کے میڈ یالیب کے فرش کے ٹائلز کی تبدیلی؛

← مانو کیمپس کی پالی ٹکنک بلڈنگ کے سیکنڈ فلور کی عمودی توسیع کی تعمیر؛ مانو کیمپس میں سائن بورڈز اور سمت دکھانے والے بورڈز کی فراہمی؛

← مرکزی لان کی تزئین؛ انجینئر نگ سیکشن (فرسٹ فلور) کی عمودی توسیع کی تعمیر (گراؤنڈ فلور کا کچھ حصہ' فرسٹ فلور' سیکنڈ فلور' تھرڈ فلور)؛

← عمارت انتظامی کے اطراف کی سڑکوں کو دوبارہ بچھایا گیا'؛ رہائشی کوارٹرس کی اندرونی اور بیرونی پینٹنگ؛ سی پی ڈیوایم ٹی' ڈی ڈی ای' عمارت انتظامی اور بوائز ہاسٹل۔II کی مرمت۔

← ایم ایس گیٹ کے اطراف جالی دار باڑ اور نئے آر سی سی سمپ کے اطراف ترقیاتی کام بشمول سی سی راستے اور ایم ایس گیٹ؛ انڈور اسپورٹس اسٹیڈیم کی تزئین نو؛

← ایس ایل ایل اینڈ آئی کے سیکنڈ فلور پر لینگویج لیب کا قیام؛

← دورہ کنندگان کے لیے سائبان کی تعمیر؛ قدیم گرلز ہاسٹل اور نئے گرلز ہاسٹل کے درمیان پگڈنڈی کی تعمیر؛

← ہاسٹلز میں دھوئے گئے کپڑے سکھانے کے لیے جگہ؛ کچن روم میں کوٹا پتھر کی فرش سازی؛ اسٹور روم میں شیلف؛ یو.جی سی۔ ایچ آر ڈی گیسٹ ہاؤز کے قریب حفاظتی ستون (Plinth Protection) اور انٹرلاکنگ فرش (Interlocking Pavers)؛ موجودہ باؤنڈری وال کی اونچائی میں اضافہ اور ان کے اطراف خم کھاتی ہوئی لچھے دار باڑ؛ اسٹاف کوارٹرز کی مرمت ونگہداشت؛

← گرلز ہاسٹل اور گارڈ ہاوز کے قریب رہائشی علاقہ اور کچرے کے ڈبوں کے لیے باڑ؛ لینگویج لیب کا قیام؛ بوائز ہاسٹل۔II کے قریب کیاسک کی تعمیر؛

← بوائز اور گرلز ہاسٹلوں اور اسٹاف کوارٹرز میں سیوریج میں ترمیم؛

← منتخبہ علاقوں میں تارکول کی سڑک بچھائی گئی۔ منڈیر کے پتھروں کی تبدیلی اور ان کی پینٹنگ؛ پلے گراؤنڈ مین گیٹ اور اس کو جانے والے راستہ کی کشادگی؛ انڈور اسٹیڈیم کی اندرونی و بیرونی پینٹنگ؛ سی ایس ای آڈیٹوریم کی آرائش؛

← مانو کیمپس میں والی بال کورٹ کی تعمیر؛ ملٹی اسٹیشن جم آلات اور جسمانی ورزشی کل (treadmills) کا حصول اور انڈور اسٹڈیم میں تنصیب۔

****

اُردو کا فروغ: منشور کے ساتھ پیش قدمی

ایک لمبے عرصہ سے اُردو نہ صرف عوام کی زبان رہی ہے بلکہ ہندوستانی سماج کے تمام طبقات کی جانب سے اسے سراہا، پالا اور پھیلایا بھی جاتا رہا ہے۔ یہ اب بھی ایک بولی جانے والی زبان تھی لیکن بدقسمتی سے ایک تخلیقی اظہار کے طور پر یہ اپنی مقبول حیثیت کھو چکی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ایک عرصہ سے اُردو کو بطور زبان حاشیہ پر ڈھکیل دیا گیا جس کے نتیجہ میں جاب مارکیٹ میں داخل ہونے والوں کے لیے یہ کوئی مناسب انتخاب نہیں رہی۔ اسی طرح اُردو تعلیم بھی تیزی سے اپنی سماجی مقبولیت کھو رہی تھی جیسا کہ اسے بڑے پیمانے پر صرف مسلمانوں کی زبان سمجھا جانے لگا تھا۔ تاہم ابھی معاملہ مکمل ختم نہیں ہوا۔ اُردو کے افق پر چھائے گہرے سیاہ بادلوں کے اوپر اب بھی ایک چمکدار لکیر موجود ہے۔ اس تعلق سے مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی (MANUU) کے پاس اس بات کی ہر توجیہ موجود ہے کہ وہ اُردو کی عظمتِ رفتہ کو واپس لانے کی ذمہ داری اپنے سر لے۔ اس کی وجہ مانو کے منشور میں واقع اور واضح ہے جو کہتا ہے کہ ''مانو کا قیام اُردو زبان کے فروغ وترقی کے لیے اور روایتی اور فاصلاتی طریقہ سے اُردو میڈیم میں پیشہ ورانہ اور تکنیکی تعلیم فراہم کرنے کے لیے عمل میں آیا ہے۔''

ڈاکٹر محمد اسلم پرویز کے پہلے ہی سال ان کی پہلی ترجیح یونیورسٹی کے منشور کو حقیقت میں بدلنا تھی۔ اس سمت میں یونیورسٹی نے درج ذیل پالیسی فیصلے لیے ہیں:

- **رکروٹمنٹ پالیسی**: بطورِ اصول، یونیورسٹی نے ''اُردو کا علم'' بطور لازمی اہلیت پر سختی سے عمل کیا ہے جو تدریسی اور غیر تدریسی عملے کے رکروٹمنٹ کے ضمن میں یونیورسٹی کے آرڈیننس نمبر 1 کے کلاز۔6 میں درج ہے۔

- **یونیورسٹی عملے کے لیے اُردو مہارت پروگرام**: یونیورسٹی کے منشور کی تکمیل کے لیے شعبہ اُردو کی جانب سے ایسے تدریسی اور غیر تدریسی عملے کے لیے اُردو مہارت کورس متعارف کرایا گیا تھا جنھیں اُردو زبان پر ماہرانہ دسترس نہیں تھی تاکہ وہ اُردو زبان میں پڑھا سکیں اور کام کرسکیں۔

- **متعلقہ پالیسی ڈاکیومنٹس اُردو میں**: یونیورسٹی اپنے پالیسی ڈاکیومنٹس، نوٹسوں، سرکولرز، احکامات، روداد، پراسپکٹس وغیرہ کو انگریزی اور اُردو دونوں ہی زبانوں میں شائع کرنے کی ہر ممکن کوشش کررہی ہے۔

- **یونیورسٹی ویب سائٹ اُردو میں**: یونیورسٹی نے اپنی ویب سائٹ اُردو میں ڈیولپ کی ہے اور اس کا افتتاح 24 مارچ 2016 کو وائس چانسلر کے ہاتھوں عمل میں آیا۔

- **اُردو میں نصابی مواد کی تیاری**: یونیورسٹی نے پالیسی فیصلہ لیا ہے کہ مانو میں چلائے جارہے تمام کورسز اور مضامین کے نصابی مواد بشمول کتب، مضامین اور دیگر تعلیمی وسائل کو اُردو زبان میں تیار کرایا جائے گا۔

- **ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز کا قیام**: ریگولر اور فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں کے لیے اُردو میں نصابی مواد کی تیاری، طباعت اور اشاعت کے لیے ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔

ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز نے 12 جولائی 2019 کو اپنے کے شیروانی مرکز برائے مطالعات دکن (HKCDS) کی عمارت میں اپنا سیل کاؤنٹر شروع کیا ہے۔ ڈائرکٹوریٹ نے اُردو زبان میں طلبا، اساتذہ اور قارئین کے لیے متعدد نصابی اور علمی کتب شائع کی ہیں۔

- **میموریل لکچر کی شروعات**: 'قلی قطب شاہ میموریل لکچر شروع کیا گیا تا کہ اُردو زبان کے تئیں ان کی خدمات کو سراہا جاسکے۔

- **اُردو کے ثقافتی ورثہ کا احیا**: یونیورسٹی نے مرکز برائے مطالعات اُردو ثقافت (CUCS) کو مضبوط کیا ہے تا کہ اُردو کی جمالیاتی اور ثقافتی اقدار

کا تحفظ کیا جاسکے اور انھیں فروغ دیا جاسکے۔ اُردو حلقوں کی ایک ممتاز شخصیت مسٹر انیس احسان اعظمی نے سی یو سی ایس جوائن کیا ہے۔ اس ادارہ نے پچھلے چار سالوں میں مختلف تخلیقی ادبی و ثقافتی پروگراموں کے ذریعہ اُردو کے ثقافتی ورثہ کے احیا میں سرگرم کردار ادا کیا ہے۔

● **اُردو مرکز برائے فروغ علم (CPKU)**: اُردو مرکز برائے فروغ علم (CPKU) کا قیام 2017 میں ڈاکٹر عابد معز کی نگرانی میں عمل میں آیا جس کا مقصد اُردو میں جدید مضامین میں باقاعدگی سے لٹریچر کی تیاری اور اسے عام عوام بالخصوص طلبا اور ریسرچ اسکالرز کے لیے دستیاب بنانا ہے۔

فروغ اُردو کے مقصد سے سی پی کے یو نے درج ذیل سرگرمیاں انجام دی ہیں:

1۔ قومی اُردو سوشل سائنس کانگریس 2017 اور 2018 (NUSSC 2017 & 2018): سی پی کے یو نے اسکول برائے سوشل سائنسس کے اشتراک سے 14 اور 15 دسمبر 2017 اور نومبر 2018 میں دوروزہ اُردو سوشل سائنس کانگریس کا انعقاد کیا۔ یہ سماجی سائنسدانوں، اُردو مصنفین، طلبا اور عام عوام کا اپنی نوعیت کا پہلا اجتماع تھا۔ اس پروگرام میں چودہ سائنسی سیشن تھے اس کے علاوہ ایک افتتاحی اور اور ایک اختتامی سیشن بھی تھا۔ اس میں کل ستر پرچے پڑھے گئے۔ یہ اُردو میں سماجی سائنس کی فراہمی سے متعلقہ مسائل پر گفتگو کرنے کا ایک پلیٹ فارم بھی تھا۔

2۔ اُردو قومی سائنس کانگریس 2017، 2018 اور 2019 (NUSC 2017, 2018 & 2019): اس مرکز نے اسکول برائے سائنسس کے اشتراک سے تین، دوروزہ اُردو سائنس کانگریسوں کا انعقاد کیا۔ پہلی کانگریس 15 اور 16 فروری 2017، دوسری 8 اور 9 فروری 2018 اور تیسری 28-27 فروری 2019 کو منعقد کی گئی۔ اس میں سائنسدانوں، ریسرچ اسکالرز، طلبا، سائنسی مصنفین اور اُردو میں مواد پیش کرنے والے افراد نے شرکت کی۔ اس کی تفصیلات کو ریکارڈ کیا گیا جو کہ بے انتہا فائدہ مند ہیں۔

3۔ سی پی کے یو نے 28 فروری 2018 کو اسکول برائے سائنسس کی جانب سے منعقدہ سائنس ڈے اور اسکول برائے پالی ٹکنک کی جانب سے منعقدہ ٹیک فیسٹ میں سرگرمی سے حصہ لیا۔

4۔ یہ مرکز، علمی کتب کی اردو میں طباعت کے لیے ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز سے اشتراک کر رہا ہے۔ حیوانیات اور حشریات کی ایک فرہنگ شائع کی گئی اور NUSC 2018 میں اس کا اجرا کیا گیا۔

5۔ اپنے مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے، یہ مرکز اُردو میں مختلف مضامین میں تعلیمی اور تحقیقی مواد جمع کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ساتھ ہی اسکالرز کے نیٹ ورک کی تیاری بھی جاری ہے تاکہ ان کے تحقیقی کاموں کو اکٹھا کر کے قارئین کے لیے مرتب کیا جاسکے۔

6۔ مرکز کا ایک اور مقصد دو پئیر ریویوڈ جرنلز شائع کرنا ہے (ای سی ریزولوشن) جن میں سے ایک سائنس اور دوسرا سوشل سائنس پر مشتمل تھا، مرکز متعلقہ شعبوں کے ساتھ اس ہدف پر کام کر رہا ہے۔

****

مانو میں تدریس واکتساب

پچھلے چار سال مانو میں تدریس؍اکتساب اور تحقیق کومضبوط بنانے کا عرصہ تھا۔اس عرصہ میں واضح اہداف طریقۂ عمل کے ذریعہ مانو کوایک اکیڈمک ایکسلنس والا اکتسابی مرکز بنانے کی خاطر کئی اقدامات اٹھائے گئے جودرج ذیل ہیں:

● اس بات کو مانتے ہوئے کہ تعلیم صرف کمرۂ جماعت کی تدریس ہی کا نام نہیں' یونیورسٹی نے ہمہ رخی اکتسابی تجربات کویقینی بنانے کا فیصلہ کیا جس سے تعلیمی' اطلاقی' عملی اور بین شعبہ جاتی تناظر کو یکجا کیا جاسکے تا کہ تمام شعبوں میں اس کے سیاق وسباق کے ساتھ گہرے فہم کو یقینی بنایا جاسکے۔

● اس حقیقت کو جانتے ہوئے کہ نظری اور اطلاقی طور پر معیاری ریسرچ کا قحط موجودہ تعلیمی نظام سے ٹکرانے والا ایک اور اہم چیلنج ہے' یونیورسٹی نے ارتقائی علمی سرگرمی کے لیے مناسب حالات کے قیام کے ذریعہ معیاری ریسرچ کو پروان چڑھانے کا ہدف بنایا۔

● تحقیقی اقدامات' قومی اور بین الاقوامی سطحوں پر ورکشاپ اور کانفرنسوں میں شرکت کی حوصلہ افزائی کے ذریعہ اپنے اساتذہ کی مسلسل ترقی کے تئیں تمام سہولیات فراہم کرنا بھی یونیورسٹی کا مقصد ہے۔

● یونیورسٹی کا ایک اور مقصد کمرۂ جماعت سے آگے بڑھ کر امتیازی طور پر ہاسپیٹبل اکتسابی ماحول فراہم کرنا ہے۔

● یونیورسٹی کا ایک اور ہدف عملی' نظریاتی' مہارت پر مبنی اور حل مسئلہ تعلیم کا اختراعی مرکب استعمال کرنا ہے تا کہ پیشہ ورانہ اور تعلیمی قابلیتوں کو سماجی اور اخلاقی ذمہ داری کے احساس کے ساتھ مضبوط کیا جاسکے۔

● یونیورسٹی کا مقصد کورس کے ڈھانچہ اور نصاب پر مسلسل نظر ثانی کو یقینی بنانا ہے تا کہ موجودہ تعلیم کی تبدیل ہوتی ہوئی ضروریات کی تکمیل کی جاسکے۔

● یونیورسٹی کا مقصد سماجی طور پر متعلقہ' نظریاتی اور عملی' بین شعبہ جاتی تحقیق کی تیاری کرانا ہے۔

<u>ہم نے کیا حاصل کیا؟</u>

اکیڈمک اور امتحانی ریگولیشنز:

● مانو کے اکیڈمک ریگولیشنز 2 اگست 2016 کو تشکیل کردہ کمیٹی کے ذریعہ وضع اور فریم کیے گئے ہیں اور ان کی اکیڈمک کونسل سے منظوری لے لی گئی ہے۔

● 2 اگست 2016 کو تشکیل کردہ کمیٹی کی جانب سے درج ذیل امتحانی ریگولیشنز وضع اور اپ ڈیٹ کیے گئے اور اکیڈمک کونسل کی جانب سے اس کی منظوری لی گئی۔

1۔ پی ایچ ڈی ریگولیشنز 2017

2۔ ایم فل ریگولیشنز 2017

3۔ عام امتحانی رولز 2016

4۔ چوائس بیسڈ کریڈیٹ سسٹم، 2016 کےتحت امتحانی ریگولیشنز

5۔جوابی بیاضوں / کتب کی دوبارہ جانچ کے لیے رولس اور ریگولیشنز

✦ **توثیق (ایکریڈیٹیشن):**

● نیشنل اسسمنٹ اینڈ اکریڈیٹیشن کونسل (NAAC) نے چار نکاتی پیمانے کی بنیاد پر مانو کو 3.09 سی جی پی کے ساتھ گریڈ ''A'' سے نوازا ہے جو 24 مئی 2021 تک جائز رہے گا۔

☆ **یادداشت مفاہمت (MOU)**: بذریعہ اشتراک تعلیمی، تحقیقی اور تربیتی سرگرمیوں میں توسیع کے لیے قومی اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ اسٹریٹجک پارٹنرشپ کے 8 یادداشت مفاہمت کو حتمی شکل دی گئی۔

● عالمی سطح پر ملازمتوں کے مواقع اور اسکالرشپ کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے لیے مئی 2018 میں 4 یو دا ویب پورٹل کے ساتھ ایم او یو کیا گیا۔

● اندرا گاندھی نیشنل سنٹر (IGCNA)، نئی دہلی اور ای ٹی وی اُردو حیدرآباد کے ساتھ دو ایم او یو کیے گئے۔

● بہار کے مدارس میں تعلیم نو بالغان پروگرام (AEP) کے لیے ٹریننگ، استعداد میں اضافہ اور نفاذ کے تئیں UNFPA کے ساتھ ایم او یو کیا گیا۔ ہم نے یہ پروگرام جنوری 2019 میں مشترکہ طور پر شروع کیا۔

● المصطفیٰ انٹرنیشنل یونیورسٹی (MIU) ایران کے ساتھ اپریل 2019 میں ایم او یو کیا گیا۔ یہ بین الاقوامی سطح پر مانو کا پہلا تعلیمی اشتراک ہے۔

● میکس کیور ہاسپٹلز (حیدرآباد) کے ساتھ ایم او یو کیا گیا تاکہ قومی اہلیتی فریم ورک (NSQF) اسکیم کے تحت یو جی سی کا منظور شدہ بیچلر آف ووکیشنل پروگرامس ان میڈیکل لیبارٹری ٹکنالوجی (MLT) شروع کیا جاسکے۔

✦ **NIRF درجہ بندی**: NIRF-2017 اور NIRF-2018 کے تحت مانو کو یونیورسٹیوں کے 101-150 کے زمرے میں رکھا گیا ہے۔

✦ **آؤٹ لک۔آئی کیئر درجہ بندی**: آؤٹ لک آئی کیئر کی جانب سے جولائی 2019 میں مانو کو 25 مرکزی یونیورسٹیوں کی فہرست میں 20 واں رینک دیا گیا۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہماری یونیورسٹی اس فہرست میں جگہ پانے والی ہندوستانی زبان کی واحد یونیورسٹی ہے۔

✦ **سی بی سی ایس:**

● یونیورسٹی نے یو جی اور پی جی دونوں سطحوں پر چوائس بیسڈ کریڈیٹ اسکیم (CBCS) کو اختیار کیا ہے۔

● یہ کریڈیٹ سسٹم اسکول برائے تعلیم وتربیت میں 16-2015 سے متعارف کرایا گیا ہے۔

● مانو میں چلائے جانے والے تعلیمی پروگراموں میں ویلیو ایڈیشن کے اضافے کے لیے MOOCs کو بطور Non-CGPA کریڈیٹ اختیار کیا گیا ہے۔

✦ کورسز کی منظوری:

● یو جی سی نے ڈائرکٹوریٹ آف ڈسٹنس ایجوکیشن (ڈی ڈی ای) کو فاصلاتی ذریعہ تعلیم کے تحت بی اے، بی ایس سی اور تمام پی جی کورسز چلانے کی آزادی دی۔ یونیورسٹی کے ان فاصلاتی پروگراموں کو ڈیب (DEB) کے ذریعہ منظوری دی گئی: ایم اے اردو؛ ایم اے انگریزی؛ ایم اے تاریخ؛ بی اے؛ بی ایس سی (فزیکل سائنسز)؛ بی ایس سی (لائف سائنسز)؛ بی ایڈ؛ ڈپلوما ان جرنلزم اینڈ ماس کمیونکیشن؛ ڈپلوما ان ٹیچنگ انگلش؛ سرٹیفکیٹ کورس برائے اُردو مہارت بذریعہ انگریزی؛ اور سرٹیفکیٹ کورس برائے فنکشنل انگلش

● مانو آئی ٹی آئی بنگلور، نیشنل کونسل برائے ووکیشنل ٹریننگ (NCVT) سے دوبارہ ملحق ہو چکا ہے، جس کا نفاذ اگست 2016 سے ہوگا۔

✦ نصاب سے متعلق اپ ڈیٹس:

● یونیورسٹی کے بیشتر شعبہ جات اور مراکز نے اپنے متعلقہ تعلیمی پروگرامز کے نصاب، ممتحن کے پینل اور پیپر سیٹرس وغیرہ کو یو جی سی / اے آئی سی ٹی ای / این سی ٹی ای / این سی وی ٹی کے قواعد کے مطابق کو تیار کر لیا ہے اور اس کی پر نظر ثانی کر لی ہے۔

☆ مانو کے کیمپس پروگراموں اور فاصلاتی ذریعہ تعلیم کے لیے یو جی اور پی جی پروگراموں کا مشترکہ نصاب اور تعلیمی مواد۔

✦ تعلیمی کیلنڈر:

● یونیورسٹی نے اپنی نصابی سرگرمیوں، تدریسی اور اکتسابی سیشنز کو واضح متعینہ تعلیمی کیلنڈر کے تحت چلانے کا منصوبہ بنایا اور اس پر سختی سے عمل کیا گیا۔

✦ امتحانات:

● یونیورسٹی نے اپنے سنٹرلائز ڈ امتحانی نظام اور جانچ کے عمل کو ریگولر کنٹرولر آف اگزامنیشن کی نگرانی میں اپ ڈیٹ کیا ہے۔

● امتحانات شیڈول کے مطابق منعقد کیے جا رہے ہیں اور نتائج کا وقت پر اعلان کیا جا رہا ہے۔

● ازالۂ شکایات کا موثر میکانزم تشکیل دیا گیا ہے، جو امتحانات سے متعلق معاملات کا تصفیہ کرے گا۔

✦ طلبا کی حاضری:

● یونیورسٹی کی کمرۂ جماعت میں حاضری کی پالیسی کو موثر بنایا گیا جیسا کہ یونیورسٹی نے امتحانات میں شرکت کے لیے طلبا کی کم از کم 75% حاضری کو لازمی قرار دیا۔

● طلبا کو ان کے حاضری ریکارڈز سے ہر مہینہ واقف کرایا جاتا ہے اور ساتھ ہی اسے نوٹس بورڈ پر بھی ڈسپلے کیا جاتا ہے۔

✦ طلبا کا فیڈ بیک:

● طلبا کی پیشرفت پر مسلسل نظر رکھی جاتی ہے۔ زیر جائزہ سال میں بیشتر شعبہ جات نے طلبا کا فیڈ بیک لینا شروع کیا تا کہ ہمارے تعلیمی پروگرامس کا جائزہ لیا جا سکے اور انھیں بہتر بنایا جا سکے اور ساتھ ہی زیر مطالعہ اکائیوں کے تئیں طلبا کے تجربات کے اقل ترین معیار کو یقینی بنایا جا سکے۔

آئی یوایم ایس پورٹل کے ذریعہ اساتذہ کے بارے میں طلبا کا فیڈ بیک:
مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی نے نے طلبا سے اپنے تعلیمی تجربہ اور تدریسی معیار کے بارے میں فیڈ بیک حاصل کرنا شروع کیا ہے۔ مانو شاید وہ پہلی مرکزی یونیورسٹی ہے، جس نے آن لائن موڈ کے ذریعہ یہ سسٹم متعارف کرایا ہے۔

✦ تعلیمی امدادی پروگرام:

● انڈر گریجویٹ سطح پر کمزور طلبا کے مظاہرہ میں بہتری کے لیے مانو نے اپنا منفرد تعلیمی امدادی پروگرام شروع کیا ہے جس میں اصلاحی کوچنگ کلاسز شامل ہے جو کہ سمسٹر کے اختتام پر منعقد کیے جاتے ہیں تاکہ مستحق طلبا کو مدد فراہم کی جاسکے (ایسے طلبا جو ریگولر کلاسز کے دوران مضمون کو بہتر طور پر سمجھ نہ پائے)۔ اس پروگرام میں، مختلف شعبوں کے ہمارے اساتذہ نے بطور امدادی کونسلرز کام کرنا شروع کردیا ہے۔ وہ پورے سمسٹر کے دوران طلبا کے چھوٹے گروہوں سے باقاعدگی سے ملاقات کرتے ہیں۔

● پچھلے چار سال میں یو جی سی۔نیٹ کے چار بیاچس کو کوچنگ دی گئی جن میں 334 طلبا شریک تھے۔

● اس عرصہ میں مختلف مضامین کے 15 طلبا نے یو جی سی نیٹ کوالیفائی کیا جبکہ 5 طلبا نے یو جی سی۔ جے آر ایف کوالیفائی کیا۔

✦ طلبا کے لیے اُردو میں تعلیمی مواد:

● اس عرصہ کا سب سے امتیازی نمایاں کام مانو میں چلائے جارہے تعلیمی پروگراموں کے تمام مضامین کے لیے اُردو زبان میں تعلیمی مواد کی تیاری تھا تاکہ انگریزی اور اُردو کے تعلیمی وسائل میں موجود خلا کو پُر کیا جاسکے اور طلبا کو یونیورسٹی کے منشور کی زبان میں مضمون کی تفہیم میں مدد دی جاسکے۔

✦ نئے کورسز اور تعلیمی پروگرام:

مانو اردو میڈیم میں تعلیم کے اختراعی اور امتیازی انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ پروگرام چلاتی ہے جو کہ آج کی سوسائٹی سے ہم آہنگ ہیں۔ ہمارے ذریعہ وضع کیے گئے منفرد پروگرامز طلبا کو پیشہ ورانہ انتخاب کے لیے ایک سلسلہ (array) فراہم کرتے ہیں۔ زیر جائزہ عرصہ میں چند نئے کورسز اور پروگرام متعارف کروائے گئے جو کہ حسب ذیل ہیں:

1۔ یونیورسٹی نے ڈی ڈی ای کے ذریعہ ڈپلوما ان ایلمنٹری ایجوکیشن (D.El.Ed) متعارف کروایا۔

2۔ یو جی سی نے ڈی ڈی ای کو عربی، اسلامک اسٹڈیز اور ہندی میں تین نئے پی جی پروگرامز شروع کرنے منظوری دی۔

3۔ یو جی سی نے ڈی ڈی ای کو کامرس (بی کام) میں انڈر گریجویٹ پروگرام شروع کرنے کی منظوری دی۔

4۔ یونیورسٹی نے کئی انڈر گریجویٹ کورسز میں مدرسوں کے طلبا کے لیے برج کورس پروگرام متعارف کروایا۔

5۔ ڈی ڈی ای کے ذریعہ 10 نئے پروگرام سنٹرز پر 10 نئے بی ایڈ (فاصلاتی پروگرام) کا قیام عمل میں آیا۔

6۔ تعلیمی سال 17-2016 سے شعبۂ کامرس میں بی کام پروگرام کو متعارف کرایا گیا۔

7۔ڈپلوما ان اسلامک اسٹڈیز (سال 17-2016 سے نیا)

8۔بڈگام جموں و کشمیر میں واقع مانو آرٹس اینڈ سوشل سائنس کالج برائے خواتین میں ایم اے اسلامک اسٹڈیز متعارف کرایا گیا۔

9۔اسلامک اسٹڈیز میں پی ایچ ڈی

10۔حیوانیات میں پی ایچ ڈی

11۔تاریخ میں پی ایچ ڈی

12۔طبیعیات میں پی ایچ ڈی (19-2018 سے)

13۔حیوانیات میں پی ایچ ڈی (19-2018 سے)

14۔کیمیا میں پی ایچ ڈی (19-2018 سے)

15۔جدید عربی زبان اور ترجمہ میں ایڈوانسڈ ڈپلوما

16۔مانو کے تدریسی وغیر تدریسی عملہ کے لیے اُردو سرٹیفکیٹ کورس جو شعبۂ اُردو کی جانب سے چلایا جارہا ہے۔

17۔2019-2020 سے انڈر گریجویٹ سطح پر دو نئے ووکیشنل کورسز جن کے نام میڈیکل امیجنگ ٹکنالوجی (ایم آئی ٹی) اور میڈیکل لیباریٹری ٹکنالوجی (ایم ایل ٹی) ہیں۔

18۔یونیسیف انڈیا نے ڈپارٹمنٹ آف ماس کمیونکیشن، مانو کے اشتراک سے ہیلتھ جرنلزم کورس شروع کیا ہے۔یہ کورس یونیسیف نے تھامسن رائٹرز فاؤنڈیشن، آکسفورڈ یونیورسٹی، یوکے اور انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ماس کمیونکیشن، دہلی کے اشتراک سے تیار کیا ہے۔

✦ برج کورس: ایک اختراعی تجربہ

برج کورس یقیناً مین اسٹریم تعلیم میں کامیابی کے لیے طلبا کی مدد کرنے والا ایک اہم آلہ ہے۔ یہ طلبا کی بنیادی استعداد کو تقویت پہنچاتا ہے۔ اس کو ذہن میں رکھتے ہوئے، یونیورسٹی نے ایک منفرد ابتدائی برج کورس پروگرام شروع کیا ہے جس کا تعلیمی نصاب دو سمسٹرز پر مشتمل ہے۔ یہ پروگرام مدرسوں کے طلبا کے لیے ہے جس سے انھیں یونیورسٹی کے مین اسٹریم تعلیم کے ذہنی چیلنجز سے نمٹنے میں مدد ملے گی اور اس پروگرام کی تکمیل کے بعد طلبا یونیورسٹی کے انڈر گریجویٹ سطح کے ریگولر پروگرامس بالخصوص بی کام اور بی ایس سی میں داخلہ کے اہل ہوں گے۔

****

تحقیق اور ترقی

یونیورسٹی کے سامنے سب سے بڑا چیلنج یہ تھا کہ اُردو میڈیم میں جاری تحقیق کے معیار کو یقینی بنایا جائے تا کہ وہ عالمی سطح پر مسابقتی ہو اور اندرون و بیرون ملک سب سے بہترین اور روشن اذہان کو اپنی جانب متوجہ کرے۔ اس کو بروئے کار لانے کے لیے ہمارے ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگراموں کی تشکیل نو کی جارہی ہے تا کہ انتہائی تعلیم یافتہ اور ذہنی طور پر غیر معمولی طلبا کو ایڈوانس سطح پر انتہائی چیلنجنگ لیکن تعلیمی طور پر معاون ماحول میں اپنا تحقیقی کام انجام دینے کا موقع ملے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے مانو ریگولیشنز برائے ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامس پر نظر ثانی کی گئی۔

تاہم، مانو نے پچھلے چار سال میں درج ذیل طلبا کو ایم فل اور پی ایچ ڈی کی ڈگریوں سے نوازا ہے:

یکم اکتوبر 2015 سے اگست 2019 کے دوران ڈگری پانے والے ریسرچ اسکالرز کی تفصیلات

سلسلہ شمار	سال	پی ایچ ڈی (تمام مضامین)	ایم فل (تمام مضامین)	کل
1	2015 (اکتوبر۔دسمبر)	9	13	22
2	2016	17	84	101
3	2017	22	51	73
4	2018 (جولائی)	26	65	91
5	2018 (اگست) سے 2019 (اگست)	48	--	48
	کل اسکالرز	**122**	**213**	**335**

● **مرکزی تحقیقی کمیٹی:**

تحقیق کی ضرورت والے شعبوں کی نشاندہی کرنے اور اس پر رہنمائی و مشاورت اور تحقیق کو فروغ و ترقی دینے والے اقدامات کی سفارش کرنے اور ساتھ ہی مختلف فنڈنگ اداروں میں تحقیقی پروپوزلس کے ادخال کی سفارش کرنے والی اسکریننگ کمیٹیوں کی تشکیل کے لیے ایک مرکزی تحقیقی کمیٹی قائم کی گئی ہے۔

● مئی 2018 میں **ڈین آفس (تحقیق اور مشاورت)** تخلیق کیا گیا تا کہ یونیورسٹی میں پائیدار تحقیق، اختراع اور توسیعی سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکے۔

✦ **تحقیقی سرگرمیاں، پبلکیشنز اور شراکت: اساتذہ:**

مانو کے اساتذہ مسلسل مختلف میجر اور مائنر ریسرچ پراجکٹس پر کام کرنے کے علاوہ بڑے پیمانے پر علمی مقالے بشمول کتب، تحقیقی مضامین اور رپورٹس کی تیاری اور ساتھ ہی ساتھ کئی قومی اور بین الاقوامی کانفرنسوں، سیمینار اور سمپوزیم میں شرکت کررہے ہیں۔ ساتھ ہی وہ کئی تعلیمی اداروں سے بھی جڑے ہیں اور انہیں مسلسل ملک و بیرون ملک مختلف یونیورسٹیوں، اداروں اور تنظیموں کی جانب سے بطور ریسورس پرسن مدعو کیا جاتا ہے۔

● **مائنر ریسرچ گرانٹس:** 2017 میں تحقیقی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے، یونیورسٹی نے ایک پالیسی اقدام اٹھایا ہے جس کے تحت یونیورسٹی کے اساتذہ کو ان کے ریسرچ پروپوزل کی مناسبت سے ایک اسکریننگ کمیٹی کی سفارش کے بعد ایک لاکھ روپے کا مائنر ریسرچ گرانٹ فراہم کیا جارہا ہے۔

● **ریسرچ پراجکٹس**: پچھلے چار سال میں ہمارے اساتذہ کی جانب سے لیے گئے / مکمل کیے گئے کنسلٹنسی؛ میجر اور مائنر پراجکٹس حسب ذیل ہیں:

پچھلے چار سال میں ایوارڈ کردہ ریسرچ پراجکٹس کی فہرست ۔2015 سے 2019

2015 میں ایوارڈ کردہ

سلسلہ شمار	شعبہ	فیکلٹی کا نام	پراجکٹ کا عنوان	پراجکٹ کی نوعیت	فنڈنگ ایجنسی	پراجکٹ کی رقم (روپے میں)	پراجکٹ کی موجودہ صورتحال
- **سینماتھیک مانو**: سماجی زندگی میں سینما کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے آئی ایم سی مانو نے ایک فلم کلب بنام 'سینماتھیک' مانو شروع کیا ہے۔ یہ کیمپس انٹرٹینمنٹ کا ایک پروگرام ہے جہاں طلبا اور عملے کے ارکان کے لیے سینما کلاسکس، تعلیمی پروگرامز، فلم اور ڈاکیومنٹریز کی ہفتہ واری اوپن ائیر اسکریننگ کی جائے گی۔

- **موڈل MOOC پلیٹ فارم اور اوپن ایجوکیشن ریسورسز (OER) کے ساتھ آن لائن تدریس، اکتساب اور جانچ پر ورکشاپ**: یہ ورکشاپ 27-29 نومبر 2017 کو مانو میں منعقد کیا گیا جس کا مقصد اساتذہ کو ایجوکیشنل ٹکنالوجی کے ٹولس، اوپن ایجوکیشن ریسورسز (OER) اور ساختیاتی پڑوگاجی پر مبنی فری اوپن سورس موڈل ۔ موک پلیٹ فارم کے ساتھ مختلف شعبوں میں آن لائن کورسز ڈیزائن، اس کی ترسیل اور جانچ کرنے اور کے قابل بنانا تھا۔

- **ای لرننگ اور ای ٹکنالوجیز ۔ امکانات اور چیلنجز، پر دوروزہ قومی کانفرنس**: یہ کانفرنس 20-21 فروری 2018 کو منعقد کی گئی جس کا مقصد ای لرننگ میں موجود مسائل کے حل کی تلاش تھا۔

- **آل انڈیا 24 ۔ گھنٹے آن لائن فلم میکنگ چیلنج**: ڈیجیٹل فلم سازی میں تخلیقی ذہانت کو فروغ دینے کے لیے آئی ایم سی نے انڈیا فلم پراجکٹ کے اشتراک کے ساتھ 6 مارچ 2018 کو ایک آل انڈیا 24 گھنٹے فلم سازی چیلنج منعقد کیا تھا۔

- سائنس **فلم سازی ورکشاپ**: شرکا کی استعداد میں اضافہ اور ہنر کے فروغ کے لیے، سائنس فلم ورکشاپ، سائنس **فلم سازی پر قومی ورکشاپ** کی سیریز کا ایک حصہ تھا جو مانو میں 17 سے 19 ستمبر 2018 کے دوران منعقد کیا گیا۔

- **مانو نالج سیریز انٹرٹینمنٹ لکچر، روشنی، کیمرہ اور آواز ورکشاپ 2018**: 25 ستمبر 2018 کو مشہور سینماٹوگرافر، پدماشری اے کے بیر اور مسٹر روی شنکر، ساؤنڈ انجینیر اور راموجی فلم سٹی میں ''سمفنی'' اسٹوڈیو کے بانی نے اپنی شرکت سے اس پروگرام کو رونق بخشی اور ''سینما اور انسانی ترقی''

پر لکچر زدیے۔ اس کے بعد انسٹر کشنل میڈیا سنٹر کے عملہ کے لیے 30 ستمبر 2018 تک روشنی اور آواز پر چھ روزہ ورکشاپ رکھا گیا جو ہر لحاظ سے انتہائی معلومات بخش، تازگی بخش، پراثر اور جامع تھا۔

- **فلم اور ٹیلی ویژن انسٹی ٹیوٹ آف انڈیا (ایف ٹی آئی آئی) پونے کے اشتراک سے تحسین فلم کورس**: فلم اور ٹیلی ویژن انسٹی ٹیوٹ آف انڈیا (ایف ٹی آئی آئی) نے مانو کے ساتھ اشتراک کرتے ہوئے اپنے فلیگ شپ پروگرام 'اسکلفٹ'' (اسکریننگ فلم اور ٹیلی ویژن) کے تحت مختصر مدتی اسکل ٹریننگ پروگرام کا انعقاد کیا۔ یہ ایک 5 روزہ طویل پروگرام تھا جو 20 سے 24 فروری 2019 کے دوران منعقد کیا گیا۔

- **ڈائرکٹوریٹ آف فلم فیسٹولز، نئی دہلی کے اشتراک سے انڈین پنورما فلم فیسٹول**: مانو برادری کے لیے فکر کو جلا بخشنے والی فلموں کے ساتھ انڈین پنورما فلم فیسٹول کا انعقاد کیا گیا۔ یہ فلم فیسٹول 25 فروری سے یکم مارچ 2019 کے دوران منعقد کیا گیا۔

- 21 مارچ 2019 کو ''ہندوستانی فلمی ورثہ: زرخیز، متنوع اور خطرہ میں'' کے عنوان سے مسٹر شیویندرا سنگھ ڈنگر پور، قومی ایوارڈ یافتہ فلم ساز اور فلم ہیریٹج فاؤنڈیشن کے بانی کا مانو نالج سیریز کے تحت معلوماتی لکچر منعقد ہوا۔

- **مانو کیمپس کی سویم پربھا تک رسائی**: آئی ایم سی نے تمام شعبوں کے طلبا اور اپنے اساتذہ کے لیے سویم پربھا پر دستیاب ویڈیو اسباق کی اسکریننگ کا اقدام اٹھایا ہے۔ ایک کلی کارکرد پرویو تھیٹر اور اسی کلاس روم کے ساتھ تمام شعبوں کے لیے ایک باقاعدہ شیڈول تیار کرلیا گیا جس میں ہماری جانب سے لکچرز کے بڑے ڈیٹا بیس کی نمائش کی جائے گی۔

- **قومی اور بین الاقوامی تنظیموں / اداروں کے ساتھ ایم او یو کے ذریعہ ڈیجیٹل رسائی**: INPUT کے ساتھ ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کیے گئے جس کے تحت ہر سال اگست میں پریویو تھیٹر، انسٹر کشنل میڈیا سنٹر، مانو حیدرآباد میں سہ روزہ 'THE BEST OF INPUT AND MINI INPUTS' کا انعقاد کیا جائے گا؛ وزارتِ ثقافت، حکومت ہند کے ماتحت اندرا گاندھی نیشنل سنٹر فار آرٹس (IGNCA) نئی دہلی کے ساتھ ایک ایم او یو کیا گیا تھا، جس کا مقصد IGNCA اور اس کے شریک اداروں کے ذریعہ بین الاقوامی معیار کے ڈیجیٹل آرکائیوز تیار کرنا ہے؛ اور ای ٹی وی اُردو چینل حیدرآباد کے ساتھ دو سالہ (2018-19) یادداشتِ مفاہمت کیا گیا جس کا مقصد اشتراک کے ساتھ اُردو انٹرٹینمنٹ پروگراموں کی ترسیل کرنا تھا۔

- **او ڈی ایل ویڈیو پروگرام اپروڈکشن ورکشاپ**: اعلیٰ تعلیم کے نفاذ میں ڈیجیٹل ٹکنالوجی کے استعمال کے فروغ کے لیے انسٹر کشنل میڈیا سنٹر نے 27 فروری سے 6 مارچ 2017 کے دوران مانو کے اساتذہ کے لیے ایک چھ روزہ اورینٹیشن کیمپ کا انعقاد کیا تھا تاکہ انھیں فاصلاتی تعلیم کے لیے ویڈیو اسباق کی تیاری کے عمل سے واقف کرایا جاسکے۔

- **سوشل میڈیا کے ذریعہ رسائی میں توسیع**: مانو کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمس ٹوئٹر، فیس بک، اور یوٹیوب پر تخلیق کیے گئے تاکہ دیگر اداروں کے ساتھ مانو کی تعلیمی سرگرمیوں اور کامیابیوں کو ظاہر اور عام کیا جاسکے اور ساتھ ہی سوشل میڈیا پلیٹ فارمس پر ایم ایچ آر ڈی کے اختراعی اقدامات کو شیئر کیا جاسکے۔

- **میڈیا انڈسٹری کے ساتھ روابط اور آئی ایم سی کو معروف شخصیات کا دورہ**: انسٹر کشنل میڈیا سنٹر نے میڈیا لیڈرس اور ماہرین کے ساتھ مضبوط تعلقات قائم کیے ہیں۔

- آئی ایم سی نے 27 فروری سے 6 مارچ 2017 تک اوپن ڈسٹنس لرننگ ملٹی میڈیا پروگرام پروڈکشن پر ایک اورینٹیشن پروگرام منعقد کیا تھا

تاکہ اساتذہ کو پروڈکشن پروسس سے واقف کروایا جاسکے۔ یہ پروگرام انتہائی کامیاب رہا اور 70 افراد بشمول ڈین، صدور شعبہ جات اور اساتذہ نے اس میں شرکت کی۔

● آئی ایم سی عملہ نے کئی پراجکٹس میں ماس کمیونکیشن اور جرنلزم شعبہ کے طلبا کی نگرانی اور تربیت کی۔ ''میں اور میرا بچپن'' کے نام سے شخصیت پر مبنی منفرد سیریز شروع کی گئی۔ اس سیریز کا واحد مقصد مختلف شعبہ حیات سے تعلق رکھنے والی ہمہ رخی شخصیات کے اہم پہلوؤں کو اجاگر کرنا تھا۔ اس کے علاوہ اس کا ایک اور مقصد ایک مخصوص دور میں زبان، ادب اور ثقافتی ورثہ کا تحفظ کرنا اور کیمرہ کی آنکھ کے ذریعہ ان زندہ عظیم شخصیات کے الفاظ کے ساتھ ڈاکیومنٹری کا حصہ بنادینا ہے۔

● **آڈیو۔ویژول وسائل کے ساتھ ڈیجیٹل ذخیرہ:** پچھلے کئی سالوں میں آئی ایم سی نے طلبا کے لیے آڈیو۔ ویژول وسائل کا ایک بڑا ذخیرہ تیار کیا ہے، جس میں نصابی پروگرامز، ممتاز شخصیات پر ڈاکیومنٹریز اور ساتھ ہی ساتھ اُردو زبان وثقافت پر مبنی موضوعی ڈاکیومنٹریز شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، آئی ایم سی کے پاس آڈیو۔ ویڈیوز کا ایک بہت بڑا ذخیرہ ہے جس میں ممتاز ماہرین نے اپنے سیمناز، کانفرنسوں، سمپوزیا وغیرہ کے ذریعہ تعاون دیا ہے۔

● **قومی سائنس فلم فیسٹول 2019 میں آئی ایم سی:** انسٹرکشنل میڈیا سنٹر نے مسابقتی زمرہ میں تین نامزدگیوں کے ساتھ قومی سائنس فلم فیسٹول میں اپنا نام روشن کیا۔ قومی سطح پر مانو کی پہچان بنانے میں کامیابی حاصل کرنا آئی ایم سی عملے کے لیے ایک قابل فخر بات ہے۔ نامزد کی گئی تین فلمیں ہیں:

1۔ ''**پروفیسر یو آر راؤ**''، ہدایت کار مسٹر محمد مجاہد علی

2۔ ''**اسٹیفن ہاکنگ**''، ہدایت کار مسٹر عمر اعظمی

3۔ ''**بھارت رتن اے پی جے عبدالکلام**''، ہدایت کار مسٹر عبیداللہ ریحان

● **عالمی سنیما فیسٹول سیلی گڑی 2019 میں آئی ایم سی:** آئی ایم سی نے 21 اگست سے 25 اگست 2019 کے دوران سیلی گڑی میں منعقد ہونے والے عالمی سنیما فیسٹول کے افتتاحی اجلاس میں چار نامزدگیاں حاصل کیں۔ اس فیسٹول کا انعقاد فلم فیڈریشن آف انڈیا (ہندوستان میں فلمی صنعت کی اعلیٰ ترین باڈی) نے حکومت مغربی بنگال کے اشتراک سے کیا تھا۔ یہ اعزاز چار آئی ایم سی فلموں کو دیا گیا جن میں سے ''ارسطو'' اور ''مرزا غالب'' کی ہدایت کاری بالترتیب مسٹر عامر بدر اور مسٹر میر حشمت علی نے کی۔ ''اسٹیفن ہاکنگ'' اور ''بھارت رتن اے پی جے عبدالکلام'' کی ہدایت کاری بالترتیب مسٹر عمر اعظمی اور مسٹر عبیداللہ ریحان نے کی۔

آئی ایم سی کے تحت تیار کردہ پروگرامز: (اکتوبر 2015 سے جون 2019) بہ یک نظر

سلسلہ شمار	پروگرام کی نوعیت	پروگرامس کی تعداد
1	نصاب پر مبنی پروگرامس تیار کیے گئے	279
2	خصوصی/انرجمنٹ پروگرام تیار کیے گئے	074

008	ڈاکیومنٹریز تیار کیے گئے	3
035	مانو نالج سیریز پروگرامس تیار کیے گئے	4
207	احاطہ کیے گئے سیمینارز کانفرنسیں، خصوصی لکچرز تقریبات وغیرہ	5
070	لائیو اسٹریمنگ	6
673		**کل**

مستقبل کے منصوبے:

- اُردو میڈیا میں مذاکروں، تحقیق اور نظریاتی مطالعے کے استعمال کی خاطر انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کے تحت ایک ''اُردو میڈیا ریسورس سنٹر'' (UMRC) کے نام سے ڈیجیٹل آرکائیو تخلیق دینا۔ یہ مرکز اُردو میڈیا، اُردو زبان، ثقافت، ورثہ اور ساتھ ہی ساتھ دیگر ڈاکیومینٹریز اور فیچر فلموں، ٹیلی ویژن اور ریڈیو پروگراموں، پرنٹ میڈیا کے مضامین، جرنلز، کتب، ناول، سفرناموں، مونوگرافس، تصاویر، پینٹنگز، پوسٹرز کا ایک جامع ذخیرہ ہوگا تاکہ ایک خصوصی اور تقابلی مطالعہ کیا جا سکے۔

- پورے ملک کے فاصلاتی طلبا کو فائدہ پہنچانے کے لیے ریجنل سنٹرز، ایس آر سیز، اور ایس سیز کے آئی ایم سی ای کلاس روم سے مربوط ''لائیو ای کلاس''، اور ''ٹیلی کونسلنگ'' بنانا۔

****

انفارمیشن ٹکنالوجی: نئی راہوں کی جانب

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی نے سال 2015 میں مرکز برائے انفارمیشن ٹکنالوجی (سی آئی ٹی) قائم کیا۔ اس سے قبل یہ آئی ٹی سیل کہلاتا تھا۔ اپنے ابتدائی سالوں میں، سی آئی ٹی نے او ایف سی اور وائی مکس بیک بون کو استعمال کرتے ہوئے ایک LAN قائم کیا۔ پچھلے چند سالوں کے دوران، یہ مرکز ایک چھوٹی سی کمپیوٹر سہولت سے یونیورسٹی کی ایک اہم مرکزی سہولت میں تبدیل ہو گیا ہے۔ تعلیم و تحقیق کو جدت سے جوڑنے کی اپنی خصوصیت کو ملحوظ رکھتے ہوئے مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی آئی سی ٹی کو ایک ایسے ٹول میں ڈھال رہی ہے جو سسٹم میں تزویراتی اصلاحات اور تبدیلی لاسکے۔ اس طرح سی آئی ٹی نے یونیورسٹی کو آئی ٹی سے جوڑنے کے اہم کردار کو اپنے ذمہ لیا ہے۔ اب یہ مرکز لازمی آئی سی ٹی سہولیات فراہم کر رہا ہے جن میں انٹرنیٹ رسائی، ای میلنگ، آئی ٹی سیکوریٹی، وائی فائی، یونیورسٹی پورٹل، سافٹ ویئر ڈیولپمنٹ اور نگہداشت شامل ہیں۔ یہ مرکز یونیورسٹی کے دیگر اہم اداروں بشمول نظامت داخلہ، نظامت فاصلاتی تعلیم، انٹرنل کوالٹی ایشورنس سیل، کنٹرولر آف اگزامنیشن آفس کو اپنے بنیادی کام انجام دینے میں مدد دیتا ہے اور ساتھ ہی پوری یونیورسٹی کو عمومی آئی سی ٹی سہولت فراہم کرتا ہے۔

انٹرنیٹ سہولت اور نصابی مواد تک رسائی فراہم کرنے کے لیے یہ مرکز نیشنل نالج نیٹ ورک سے 1۔جی بی پی ایس لنک کا نظم کرتا ہے۔ سی آئی ٹی جدید آئی سی ٹی ٹولز کا استعمال کرتے ہوئے یونیورسٹی کے تعلیمی اور انتظامی عمل کو مکمل طور پر خودکار بنانے کے لیے بے پناہ کاوشیں کر رہا ہے۔

متعلقہ سرگرمیاں: پچھلے چار سال میں آئی سی ٹی نے درج ذیل سرگرمیاں انجام دی ہیں:

1۔ 17-2016 میں سرگرمیاں اور اقدامات

طلبا کے مرکزی ڈیٹا بیس کی تیاری

2016 میں مانو نے سی آئی ٹی کے سامنے پہلا گول رکھا اور اس پر حاضری شیٹس کی تیاری کی آن لائن سہولت فراہم کرنے اور نقد فیس جمع کرنے کے طریقے کا آن لائن متبادل فراہم کرنے کی ذمہ داری ڈالی۔ اس کام کو انجام دینے کے لیے سی آئی ٹی نے طلبا کا مرکزی ڈیٹا تیار کرنا شروع کیا۔ کسی مناسب مستند ڈیٹا سورس کی عدم دستیابی کی بنا پر یہ ڈیٹا بیس مانو کے حیدرآباد کیمپس میں واقع انڈین اوورسیز بنک سے موصول شدہ فیس چالان سے لیے گئے مشمولات کو استعمال کر کے بنایا گیا۔ اس طرح حاصل کردہ طلبا کا ڈیٹا بیس کی متعلقہ شعبوں سے توثیق کی گئی تاکہ اس کو مکمل اور درست کیا جاسکے۔

چوائس بیسڈ کریڈیٹ سسٹم (سی بی سی ایس) کا نفاذ

مانو میں چوائس بیسڈ کریڈیٹ سسٹم (سی بی سی ایس) کا نفاذ عمل میں لانے کے لیے، مرکز برائے انفارمیشن ٹکنالوجی نے اگزامنیشن برانچ کے ساتھ سی بی سی ایس کے تحت چلائے جانے والے تمام کورسز کو پرچہ نمبر مختص کرنے کے لیے ایک اسکیم ترتیب دی۔ اس کا مقصد کوڈ انفارمیٹیو بنانے کے لیے پورے یونیورسٹی میں یکسانیت اور تسلسل لانا تھا۔ یہ اسکیم سی بی سی ایس کے تقاضوں سے سے پوری طرح مطابقت رکھتی تھی۔ اس کے علاوہ رول نمبر تیار کرنے کے لیے بھی ایک اسکیم تشکیل دی گئی اور اسے اختیار کیا گیا۔ اس کوڈنگ اسکیم کو مانو کی اکیڈیمک کونسل کی جانب سے بھی منظوری دی گئی۔

کورس رجسٹریشن سسٹم

طلبا کا مرکزی اور سی بی سی ایس کورسز کا ڈیٹا بیس تیار کرنے کے بعد دسمبر 2016 میں کورس رجسٹریشن کا ایک ویب پر مبنی سسٹم نافذ کیا گیا۔

اس سسٹم سے طلبا کو نصابی ضروریات کے مطابق مختلف کورسز میں خود کو رجسٹر کرنے کی سہولت حاصل ہوئی۔ کورس کوآرڈینیٹرز کو انٹرفیس کی سہولت فراہم کی گئی تا کہ وہ طلبا کی جانب سے اختیار کردہ انتخابات کی توثیق کرسکیں۔ اس کے نتیجہ میں اساتذہ کو اپنی متعلقہ حاضری شیٹس پرنٹ کرنے کی سہولت حاصل ہوئی۔

آن لائن فیس چالان

مینول فیس چالان پروسیس سے متعلقہ مسائل کو حل کرنے کے لیے مرکز برائے انفارمیشن ٹکنالوجی نے ایک ماڈیول تیار کیا جس سے طلبا کو اپنے متعلقہ اکاؤنٹس میں لاگ ان ہو کر چالان تیار کرنے کی سہولت حاصل ہوئی۔ یہ چالان پری پرنٹیڈ ہوتا ہے جس میں طالب علم کی تمام متعلقہ تفصیلات معہ طالب علم کا اندراج نمبر / رول نمبر، نام، فیس کی رقم اور بنک اکاونٹ نمبر جس میں فیس داخل کرنی ہو شامل ہوتی ہیں۔ اس سے جعلی، غیر درست اور نامکمل چالانوں کے مسئلہ کو حل کرنے میں مدد حاصل ہوئی جو کہ 2016 سے قبل عام بات تھی۔

فیس رسیدوں کی بروقت تجدید

مانو کی حیدرآباد شاخ میں واقع آئی او بی برانچ کو ایک انٹرفیس فراہم کیا گیا تا کہ وہ انھیں موصول ہونے والی رسیدوں کی بروقت تجدید کرسکیں۔ بنک کے کاموں (روزانہ جمع رقم کی رپورٹ) اور ساتھ ہی مانو کے ساتھ اشتراک کے لیے ضروری رپورٹنگ سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔

آئی پی۔ ای پی بی ایکس تنصیب

مختلف شعبوں کو ٹیلی فون کنکشن فراہم کرنے کے لیے آئی پی پر مبنی ای پی بی ایکس نظام حاصل کیا گیا۔ او ایف سی اور یو ٹی پی کیبلس کا موجودہ نظام جہاں ممکن ہو ٹیلی فون کنکشن فراہم کرنے کے لیے استعمال کیا گیا۔ انڈر گراؤنڈ ٹیلی فون کیبلس بھی بچھائے گئے اور ای پی بی ایکس فراہم کرنے کے لیے اندرونی وائرنگ بھی کی گئی۔ آج مانو کی تمام عمارتوں میں ای پی بی ایکس سہولت موجود ہے۔ ایکسچنج کے ساتھ ایک پی آر آئی لائن بھی جوڑی گئی ہے۔

☆2016-17 کے دوران آئی سی ٹی انفرااسٹرکچر کا فروغ

سلسلہ شمار	آلات / کام کا نام	استعمال شدہ تعداد	وہ جگہ جہاں خدمت فراہم کی گئی
1	سی سی ٹی وی کیمرے	36 عدد	مانو کا اصل باب الداخلہ، انتظامی عمارت کا داخلہ، وی سی رہائش گاہ کا باب الداخلہ، انتظامی عمارت کے کاریڈور اور گراؤنڈ، پہلی دوسری اور تیسری منزل، انتظامی عمارت کی پارکنگ (پیچھے کی جانب)، ڈی ڈی ای بیس منٹ، انجینئرنگ سیکشن نگہداشت بلڈنگ
2	نیٹ ورک ویڈیو ریکارڈر	4عدد	

3	آئی پی ای پی بی ایکس سسٹم پی بی ایکس کیبنیٹ مع مدر بورڈ، سی پی یو اور پاور سپلائی یونٹ (01 عدد) 32 پورٹ ایس ایل ٹی کارڈ (160 اینلاگ ایکسٹنشن) 16 پورٹ ٹرنک کارڈز (1 عدد) 08 پورٹ ٹرنک کارڈ (1 عدد) 32 پورٹ ایس ایل ٹی کارڈ۔ 1 عدد پی آر آئی کارڈ۔ 1 عدد (30 چینل) 32 پورٹ وی او آئی پی سرور کارڈ۔ 1 عدد 24 پورٹ وی او آئی پی گیٹ ویز۔ 7 عدد 16 پورٹ وی او آئی پی گیٹ ویز۔ 12 عدد 8 پورٹ وی او آئی پی گیٹ ویز۔ 3 عدد	--	انتظامی عمارت، اسکول برائے آرٹس اور سوشل سائنسز، ڈی ڈی ای، اسکول برائے ماس کمیونکیشن اور جرنلزم، سید حامد لائبریری، اسکول برائے مینجمنٹ اور کامرس، اسکول برائے سی ایس آئی ٹی، اسکول برائے السنہ، لسانیات اور ہندوستانیات، اسکول برائے تعلیم

2.18-2017 میں سرگرمیاں اور اقدامات:

انٹی گریٹیڈ یونیورسٹی مینجمنٹ سسٹم (آئی یو ایم ایس) کی جانب

18-2017 کی شروعات میں سی آئی ٹی نے طلبا اور کورسز کے ڈیٹا نظم اور ا یگزامنیشن آٹومیشن کے نئے میدان تک توسیع کے لیے جامع ماڈیولز کی تیاری پر کام شروع کیا۔ طلبا کو سہولت پہنچانے اور اعلیٰ ترین سیکوریٹی کے حصول کے لیے یو ایم ایس سروس دو انٹرفیسوں یعنی براؤزر پر مبنی (روزمرہ معاملات کے لیے) اور ونڈوز پر مبنی (کہیں زیادہ تحسیبی آپریشن کے لیے جہاں اونچی سیکوریٹی درکار ہوتی ہے) کے ذریعہ شروع کی۔ ایک متحدہ سروس فراہمی کے لیے دو پلیٹ فارموں کی یکجائی کے ٹکنیکل ڈیزائن کی خاطر یونیورسٹی مینجمنٹ سسٹم کو انٹی گریٹیڈ یونیورسٹی مینجمنٹ سسٹم کا نام دیا گیا جسے آئی یو ایم ایس کے نام سے جانا جاتا ہے۔

براؤزر پر مبنی خدمات کی فراہم کے لیے ایک نیا ڈومین http://manuucoe.in رجسٹر کیا گیا۔ پی ایچ پی کوڈا گنائٹر فریم ورک کو استعمال کرتے ہوئے ویب انٹرفیسیس تیار کیے گئے۔ جب کہ ونڈوز پر مبنی آئی یو ایم ایس ماڈیولز ویژول بیسک کو استعمال کرتے ہوئے تیار کیے گئے۔ مانو کے ریگولر پروگرام میں داخلہ لینے والے ہر طالب علم کو آئی یو ایم ایس اکاؤنٹ فراہم کیا گیا تاکہ طلبا سے متعلق مختلف معاملات انجام دیے جا سکیں۔ مانو اساتذہ اور عملے کو بھی ان کے انفرادی اکاؤنٹس کے ذریعہ آئی یو ایم ایس سروس تک رسائی دی گئی۔

امتحانات میں آئی یو ایم ایس کا نفاذ

آئی یو ایم ایس امتحانات ماڈیول کو سب سے پہلے مانو کے سال 17-2016 میں داخلہ لینے والے تمام ریگولر کورسز کے طلبا (سوائے ڈپلوما ان انجنیئر نگ پروگرامز کے) نتائج تیار کرنے کے لیے استعمال کیا گیا۔ سافٹ وئیر کو مناسب طور پر ٹسٹ کرنے کے لیے کنٹرولر آف ایگزامنیشن آفس کی

جانب سے نتائج کی باریک بینی سے جانچ کی گئی۔ آن لائن مارک شیٹس بھی تیار کی گئیں اور طلبا کے لیے آن لائن دستیاب کروائی گئیں۔

☆ آن لائن فیس ادائیگی

2016 میں آن لائن چالان کے کامیاب نفاذ کے بعد یونیورسٹی نے انڈین بنک / بل ڈیسک کے ساتھ ایک معاہدہ پر دستخط کیے تاکہ صرف آن لائن لین دین کے ذریعہ ہی فیس جمع کرنے کی خاطر پے منٹ گیٹ وے سروس کو نافذ کیا جا سکے۔ مرکز برائے انفارمیشن ٹکنالوجی نے ایک سافٹ وئیر تیار کیا ہے تاکہ بل ڈیسک کی جانب سے فراہم کردہ اے پی آئی کو جوڑا جا سکے اور بعد از کامیاب آزمائش اسے تمام اقسام کی نیٹ بنکنگ یا کریڈیٹ کارڈز کے ذریعہ فیس داخل کرنے کے تیئیں تمام ریگولر طلبا کے لیے لازمی کر دیا گیا۔

☆ نان نیٹ فیلوشپ درخواست کی پروسسنگ

18-2017 میں اکیڈیمک سیکشن مانو کی تجویز پر مرکز برائے انفارمیشن ٹکنالوجی نے ایک سسٹم تیار کیا جس کے تحت تمام نان نیٹ فیلوشپ ہولڈرز اپنے متعلقہ آئی یو ایم ایس اکاؤنٹس کو استعمال کرتے ہوئے اپنی فیلوشپ کی درخواست آن لائن داخل کرتے ہیں۔ طلبا کے سوپروائزرس کو آئی یو ایم ایس میں اس بات کے حقوق دیے گئے ہیں کہ وہ طلبا کے حقیقی ریکارڈز کے مطابق اس درخواست کو رد یا تبدیل کر سکیں۔ صدر شعبہ کو آئی یو ایم ایس میں اس بات کی سہولت دی گئی ہے کہ وہ اس درخواست کی توثیق کریں اور اسے اکیڈیمک سیکشن بھیجیں تاکہ درج شدہ نظام الاوقات کے مطابق ان درخواستوں کو یکجا کیا جا سکے اور فینانس اور اکاؤنٹس سیکشن کے ذریعہ فیلوشپ کی اجرائی کے لیے انتظامی منظوری لی جا سکے۔

☆ آن لائن داخلہ پورٹل

18-2017 سے قبل مانو میں تمام داخلے ایک پورٹل کے ذریعہ آن لائن درخواستوں کے ذریعہ کیے جاتے تھے تاہم یہ کام ایک بیرونی ایجنسی کو آؤٹ سورس کر دیا گیا تھا جس کی بنا پر اس میں کچھ تحدیدات تھیں۔ 18-2017 میں سی آئی ٹی نے مقامی طور پر مانو کے لیے ایک جامع داخلہ پورٹل تیار کیا اور انٹرنس ٹسٹ پر مبنی پروگرامز میں داخلے کے لیے اس کا کامیابی سے استعمال کیا۔ اس پورٹل کا استعمال پی ایچ ڈی ایم ایڈ اور ڈپلوما انجینئرنگ پروگرامز کی آن لائن کونسلنگ کے لیے بھی کیا گیا۔

☆ کنووکیشن رجسٹریشن

دور دراز علاقوں میں رہنے والے طلبا کو سالانہ کنووکیشن میں رجسٹر کرنے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ایک آن لائن کنووکیشن رجسٹریشن پورٹل تیار کیا گیا اور سال 2017 سے اس کا استعمال شروع کیا گیا۔ یہ پورٹل طلبا کو کنووکیشن کے لیے خود کو رجسٹر کروانے' اپنی تازہ ترین فوٹوز اور دستخط اپ لوڈ کرنے اور آن لائن ذریعہ سے کنووکیشن فیس جمع کرانے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ متعلقہ شعبوں کی جانب سے طلبا کے بارے میں مثبت توثیق کے بعد طلبا اپنے متعلقہ اکاؤنٹس سے کانووکیشن پاس ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

☆ آئی سی ٹی استعداد کے فروغ کے پروگرام

مرکز برائے انفارمیشن ٹکنالوجی (آئی سی ٹی) نے 28-24 جولائی 2017 کے دوران ایک پانچ روزہ تربیتی پروگرام منعقد کیا تھا جس کا عنوان تھا ''اوپن سورس آفس پروڈکٹی ویٹی ٹولز اور سائبر سیکوریٹی''۔ اسسٹنٹ رجسٹرار اور سیکشن آفیسر رینک کے 20 افسران نے اس پروگرام میں شرکت کی۔

سی آئی ٹی کی جانب سے پی ایچ ڈی طلبا کے لیے ایک ہفتہ کا ایک ورکشاپ بعنوان ''تحقیق میں آئی ٹی اپلیکشنز'' منعقد کیا گیا تھا۔ پہلا ورکشاپ 30 مارچ سے 5 اپریل 2018 کے دوران منعقد کیا گیا تھا۔

☆ کمیونکیشن میں بہتری کے لیے گوگل ایپس اور ایس ایم ایس خدمات کا حصول

یونیورسٹی نے سال 2017 میں تعلیم کے لیے گوگل ایپس اختیار کیے۔ شروع میں manuu.edu.in@ ڈومین پر اساتذہ اور ایل ڈی سی سطح کے عملے کے 512 اکاؤنٹ بنائے گئے۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی کے اندر موثر گروپ کمیونکیشن کے لیے کئی ای میل گروپس بھی کنفیگر کیے گئے۔

☆ ایس ایم ایس خدمات

مانو کے او ڈی ایل پروگراموں میں اندراج طلبا کے ساتھ کمیونکیشن میں بہتری کے لیے سی ڈیاک ممبئی سے ایس ایم ایس سروسز حاصل کی گئیں۔ دیگر شعبوں کو طلبا سے روابط کی سہولت بہم پہنچانے کی خاطر ایس ایم ایس سروسز کا دائرہ کار مزید بڑھا کر نظامت فاصلاتی تعلیم، انسٹرکشنل میڈیا سنٹر اور سی آئی ٹی تک کر دیا گیا۔

☆18-2017 کے دوران انفرا اسٹرکچر میں اضافہ

سلسلہ شمار	آلات / کام کا نام	استعمال شدہ تعداد	خدمات کہاں فراہم کی گئیں
1.	اسکول برائے آرٹس اور سوشل سائنسز سے سی ایس آئی ٹی بلڈنگ کو سرور روم کی منتقلی	--	اسکول برائے آرٹس اور سوشل سائنسز سے سی ایس آئی ٹی بلڈنگ تک او ایف سی بچھایا گیا تاکہ نئے کیبل بچھائے بغیر سی ایس آئی ٹی بلڈنگ کے ساتھ دیگر عمارتوں کو جوڑنے والے او ایف سی سگمنٹس کی توسیع کی جا سکے۔
2.	کیمپس کنکٹ کے تحت سرور روم سے مختلف مقامات کو جوڑنے آپٹیکل فائبر بچھائے گئے۔	7 کلومیٹر ایس ایم او ایف سی	درج ذیل عمارتوں کو سی آئی ٹی سے جوڑنے کے لیے او ایف سی بچھائے گئے: سید حامد لائبریری، سنٹرل کینٹن، ڈی ایس ڈبلیو آفس، ایچ کے ایس سنٹر برائے مطالعات دکن، بوائز ہاسٹل۔II، اسپورٹس کامپلکس، بوائز ہاسٹل۔I، بوائز ہاسٹل۔III، گرلز ہاسٹل۔II، سی ایس ای کوچنگ اکیڈیمی

3۔ 2018۔ اکتوبر 2019 کے دوران سرگرمیاں اور اقدامات:

آئی یو ایم ایس کے کاموں میں بہتری اور اس کی توسیع کے لیے، سی آئی ٹی نے ایک نیا فعال ماڈل متعارف کرایا ہے جسے **آئی یو ایم ایس 2.0** کا نام دیا گیا ہے۔ یہ نیا ورژن جو ابھی تیاری کے مراحل میں ہے درج ذیل خصوصیات فراہم کرتا ہے:

1۔ 3۔ ٹائر آرکیٹکچر (ایپلی کیشن سرور، ڈاٹا بیس سرور، یوزر انٹرفیس)

2۔ تازہ ترین ڈاٹ نیٹ فریم ورک (4.5) اور ڈاٹ نیٹ (2.4) پر بنا ہوا

3۔ایپلی کیشن سرور مکمل طور پر ویب اے پی آئی پر مبنی جو کسی بھی نتیجہ پر گرامنگ زبان پر کراس پلیٹ فارم کیا جاسکتا ہے(پی ایچ پی' اینڈ رائیڈ پر مبنی زبانیں' آئی او ایس پر مبنی زبانیں' جاوا وغیرہ)

4۔ایپلی کیشن سرور ڈاٹ نیٹ کور کے تازہ ترین ورژن پر بنا ہوا' جس کا مطلب اسے ونڈوز سرور کے علاوہ کسی بھی انوائرمنٹ جیسے لائنکس وغیرہ پر پورٹ کیا جاسکتا ہے۔اس سے ہمیں مستقبل میں کلاؤڈ پر منتقل ہونے کی پورٹیبلٹی ملتی ہے۔

5۔کوڈنگ زبان **C# 6.0** ہے جو بزنس ماڈل کو ہینڈل کرنے میں کہیں زیادہ لچک فراہم کرتی ہے۔

6۔مکمل طور پر آبجیکٹ اوریئنٹیڈ اپروچ

7۔ایپلی کیشن کو اسکیل کرنے کے لیے کوڈ کو دوبارہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

8۔مائیکروسافٹ اینٹیٹی فریم ورک کا استعمال کیا گیا ہے جو ڈھیلے ڈھالے طریقے سے قابل اطلاق ڈاٹا بیس شرائط کے ساتھ کام کرتا ہے جس سے مسلسل اور تیز ڈاٹا بیس رسائی ملتی ہے۔

9۔ڈاٹا بیس اور ایپلی کیشن سرور ماڈلز کو کم از کم تبدیلیوں یا بنا کسی تبدیلیوں کے ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے تاکہ موبائل ڈیوائسس (اینڈ رائیڈ' آئی او ایس وغیرہ) کے لیے ایپلی کیشن تیار کیے جاسکیں۔

10۔یوزر انٹرفیس ون **فارمس** میں سے ہے جو ترقی یافتہ گرِڈس' لچکدار یو آئی اجزا وغیرہ کو استعمال کرتے ہوئے ڈاٹا کے نظم کے لیے آسان اور قابل فہم انٹرفیس فراہم کرتا ہے۔

11۔ایک طاقتور **یوزر آتھنٹی کیشن ماڈل** جو یوزر ایکسس رائٹ کنٹرول کرنے میں کہیں زیادہ لچک فراہم کرتا ہے' ایپلی کیشن کے اٹوٹ حصہ کے طور پر تیار کیا گیا ہے۔

☆ایف ٹی ایس (فائل ٹریکنگ سسٹم)

فائل ٹریکنگ ماڈیول' فائلز موومنٹ کے ساتھ نمٹنے میں انتظامی جوابدہی میں بہتری کے مقصد سے ڈیزائن اور تیار کیا گیا ہے۔ یہ ایف ٹی ایس ماڈیول ایسی خصوصیات کا حامل ہے جو استعمال کنندگان کو مانو انٹرانیٹ پر کہیں بھی کسی بھی وقت اپنی فائلز کو ٹریک کرنے کے قابل بناتے ہوئے یونیورسٹی کی مجموعی شفافیت اور کارکردگی میں اضافہ کرتا ہے۔اس سسٹم کو ٹسٹ کرلیا گیا ہے اور استعمال کنندگان کو اس سسٹم کے استعمال کی ٹریننگ بھی دے دی گئی ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے اجازت ملتے ہی یہ کارکرد ہوجائے گا۔یہ سسٹم درج ذیل خصوصیات کا حامل ہے:

1۔ملٹی انٹرفیس (اُردو' ہندی اور انگریزی)

2۔اپنی شروعات سے لے کر موجودہ حالت تک فائل کی مکمل ٹریکنگ

3۔فائلز سے ڈیل کرتے وقت اعلیٰ انتظامی کارکردگی اور جوابدہی

4۔آٹو جنریٹیڈ آؤٹ ورڈ ان ورڈ رجسٹرز

5۔ڈپارٹمنٹل فائل ڈیش بورڈ تاکہ تمام فائلز کی صورتحال فوری دیکھی جا سکے۔

6۔یونیورسٹی کے تمام کیمپسوں'اسکول/شعبوں/ڈائرکٹوریٹ/مراکز اور دفاتر کے لیے ایک روبسٹ سسٹم جنریٹیڈ اسکیم کے ذریعہ فائل نمبرنگ میں پوری یونیورسٹی میں یکسانیت

7۔تیز وصولی اور روانگی کے عمل کے لیے منفرد بارکوڈ

☆فیس بازادائیگی ماڈیول

پچھلے دو دسالوں میں آن لائن موڈ سے فیس جمع کرنے کے طریقے کے بعد مانو کو جس مسئلہ کا سب سے بڑا سامنا تھا وہ تھا فیس کی بازادائیگی۔فیس کی واپسی کا مینول طریقہ طویل اور تھکا دینے والا تھا جس سے طالب علم کو کافی پریشانی سے گزرنا ہوتا تھا۔سی آئی ٹی نے اپنے **آئی یو ایم ایس 2.0** کے تحت اس عمل کو تیز تر کرنے کا ایک متبادل حل تیار کیا ہے۔اس سسٹم کی خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔یہ بازادائیگی کے طویل وقت اور پیچیدہ پروسس کو ختم کرتا ہے جس میں رقم واپسی کی درخواست سے نوٹ شیٹ کی تیاری' بازادائیگی بلز کی تیاری' انتظامی منظوری کا حصول' آر ٹی جی ایس معاملت کی منظوری وغیرہ مراحل شامل تھے۔مذکورہ بالا طریقہ میں کئی مہینے لگتے تھے اور طلبا کو کئی بار اس کو یاد دلانا پڑتا تھا۔

2۔اب نئے اختیار کردہ طریقے سے آن لائن ری فنڈ سہولت کے عمل میں 7-5 ایام کار میں رقم واپس ہو جاتی ہے۔

3۔فیس راست طور پر طالب علم کے اس اکاؤنٹ میں جمع ہو جاتی ہے جس سے اس نے فیس ادا کی تھی۔

4۔سسٹم میں دوپرتی آتھنٹی کیشن میکانزم بنایا گیا ہے جس سے اس سہولت کے غلط استعمال کو روکا جا سکتا ہے۔یہ او ٹی پی پرمبنی آتھرائزیشن ہے جو پرائیوٹ کی انکرپٹ اور ڈی کرپٹ طریقوں پر کام کرتا ہے۔

5۔مختصر کردہ رپورٹوں کو اب کبھی بھی حاصل کیا جا سکتا ہے تاکہ مینجمنٹ/فائنانس کو وقت پر رقم واپسی کی تفصیلات فراہم کی جا سکیں۔

ریگولر پروگرامس کے طلبا کی رقم واپسی کے حقوق نظامت داخلہ کو دیے گئے ہیں۔اب تک نظامت داخلہ نے 100 سے زیادہ طلبا کی رقم واپسی کا عمل کامیابی سے مکمل کیا ہے۔نظامت فاصلاتی تعلیم کے عملہ کو بھی او ڈی ایل طلبا کی سہولت کیلیے اس سسٹم پر تربیت دی گئی ہے۔

☆آئی ڈی کارڈز ماڈیول (برائے طلبا اور ملازمین)

طلبا اور ملازمین کے آئی ڈی کارڈز کی تیاری کا مسئلہ طویل پیچیدہ تھا جس میں کئی شعبے شامل تھے۔سی آئی ٹی نے اب ایک نئی سہولت تیار کی ہے جس میں متعلقہ شعبہ بغیر کسی بیرونی انحصار کے اس کام کو انجام دے سکتا ہے۔اس کے لیے اسٹابلشمنٹ اور ریکروٹمنٹ سیکشن۔I اور II کو آئی یو ایم ایس 2.0 تک رسائی دی گئی ہے تاکہ وہ بالترتیب تدریسی اور غیر تدریسی ملازمین کے آئی ڈی کارڈز تیار کر سکے۔نظامت داخلہ کو ریگولر پروگرامس میں درج طلبا کے آئی ڈی کارڈز کی تیاری کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔

آئی یو ایم ایس کے ذریعہ تیار کردہ تمام آئی ڈی کارڈز پر کیو آر کوڈز درج ہوتے ہیں۔اس سے آئی ڈی کارڈز کی آن لائن توثیق میں بھی مدد ملتی ہے اور نئے کارڈز کی پرنٹنگ کیے بنا اسے طویل مدت کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

2018-19 کے بعد سے اوڈی ایل پروگراموں میں اندراج شدہ طلبا کو ان کے متعلقہ آئی یو ایم ایس اکاؤنٹ سے آئی ڈی کارڈ ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ انرول نمبرز کے الاٹمنٹ کے فوری بعد آئی کارڈز تیار ہو جاتے ہیں۔ اس سے پہلے یہ طریقہ مینول تھا اور آئی ڈی کارڈز کی تقسیم کے لیے طویل وقت لگتا تھا۔

☆ ریگولر اور اوڈی ایل داخلوں کے لیے پورٹلز

ریگولر اور اوڈی ایل پروگراموں کے داخلے کے عمل میں تعاون کے لیے سی آئی ٹی نے ماضی کی طرح تعلیمی سال 2019-20 کے لیے بھی داخلہ پورٹل تیار کیے ہیں۔ تاہم اس میں درج ذیل اصلاحات بھی لائی گئی ہیں:

(i) جو طالب علم داخلے کے لیے اپلائی کریں وہ اہلیت کے تقاضوں کو سمجھیں اور انھیں پورا کر سکیں۔

(ii) انٹرنس پر مبنی پروگراموں کی کونسلنگ کے عمل کو تیز کیا گیا۔

(iii) کونسلنگ کے لیے درکار وقت اور لاگت میں کمی لائی گئی۔

پہلے مقصد کے حصول کے لیے آن لائن اپلی کیشن کو دوبارہ ڈیزائن کیا گیا جس میں طالب علم کے لیے یہ لازمی کیا گیا کہ وہ جہاں اہلیت کیلیے درکار ہو اُردو بطور مضمون یا اُردو ذریعہ تعلیم سے پڑھنے کا سرٹیفکیٹ اپ لوڈ کرے۔ آن لائن اپلی کیشن فارم اس بات کو بھی لازمی بناتا ہے کہ وہ طالب علم اپنی تفصیلات بھرنے سے قبل اہلیتی شرائط سے ہم آہنگی ڈکلئیر کرے۔ پورٹل میں اس بات کی بھی گنجائش موجود ہے کہ ہر پروگرام کے لیے دی گئی شرائط اور امیدوار کی تعلیمی لیاقت کا موازنہ کر کے ایک طالب علم کے لیے انتخابی اہلیت کا تعین کرے۔

جیسا کہ فاصلاتی پروگراموں کے لیے پورے ملک بھر سے طلبا درخواست دیتے ہیں' ڈاکیومنٹس کی توثیق ایک چیلنجنگ عمل تھا۔ اس اہم مسئلہ کو حل کرنے کے لیے سی آئی ٹی نے اوڈی ایل پروگراموں کے آن لائن داخلے کے پورٹل میں اس بات کی گنجائش فراہم کی کہ وہ اپنی اہلیت کی تائید میں اسناد کی الکٹرانک نقول لازمی طور پر اپ لوڈ کریں۔ ان الکٹرانک نقول کی ریجنل / سب ریجنل سنٹر سے آن لائن توثیق کی جاتی ہے اور اس کے بعد ہی پروویژنل داخلہ دیا جاتا ہے۔ نظامت فاصلاتی تعلیم کے ریجنل اور سب ریجنل سنٹرز کی ضروریات کی تکمیل کے لیے ایک انتظامی پورٹل بھی تیار کیا گیا ہے۔

دیگر دو اہداف کے حصول کے لیے انٹرنس ٹسٹ پر مبنی پروگراموں کے داخلہ عمل میں تبدیلی لائی گئی ہے۔ اس کا اصل مقصد طالب علم کو کونسلنگ کے دوران بلاضرورت سفر کی دشواریوں سے بچانا اور ساتھ ہی انتظامی عمل میں آنے والی لاگت میں کمی لانا تھا۔ آن لائن درخواست فارم میں طالب علم کو اپنے ترجیحی مضمون اور / یا کیمپسوں کے رجسٹریشن کی سہولت دیتے ہوئے اس مقصد کو حاصل کیا گیا۔ انٹرنس ٹسٹ نتائج بھی اسی لحاظ سے تیار کیے گئے تاکہ صرف وہی طلبا مدعو ہوں جنہیں اپنے رینک کی بنیاد پر اور ریکارڈ شدہ مضامین / کیمپسوں میں پروویژنل داخلہ ملا ہے۔ اس سے ڈاکیومنٹ توثیقی مراکز پر آنے والے طلبا کی تعداد کافی کم ہوئی ہے۔ اس کام کے لیے تعینات عملے کو بھی اپنا کام موثر طریقے سے کرنے اور دفتری اوقات میں اسے مکمل کرنے میں مدد ملی ہے۔ تمام مدعو طلبا کو داخلے کی رسومات پوری کرنے کیلیے صرف اپنی اہلیت ثابت کرنی تھی۔

اس کے برخلاف اس سے پہلے امیدواروں کی ایک بڑی تعداد کونسلنگ کے لیے آتی تھی اور دوسرے دن شام کے 3 سے 4 بجے تک یہ عمل جاری رہتا تھا۔ کام کی غیر معینہ نوعیت کی بنا پر امیدواروں کی اکثریت یہ سوچ کر واپس لوٹ جاتی تھی کہ شاید اب ان کے لیے سیٹ نہ بچی ہو۔

☆2018-19 کی اوڈی ایل بیاچ کی آئی یوایم ایس سسٹم پر بورڈنگ

2018-19 کی شروعات سے سی آئی ٹی نے مختلف اوڈی ایل پروگراموں میں اندراج شدہ تمام طلبا کے ریکارڈز کو آئی یوایم ایس پورٹل پر امپورٹ کرنے کی گنجائش فراہم کی ہے۔اب داخلہ پانے والے تمام طلبا کو آئی یوایم ایس کا استعمال کرکے انرول منٹ نمبر مختص کیے جارہے ہیں۔آئی یوایم ایس پورٹل کے لیے لاگ ان / پاس ورڈ کی معلومات انہیں ایس ایم ایس کے ذریعہ بھیجی جارہی ہے۔

یہ آئی یوایم ایس پورٹل طالب علم کو اپنا متعلقہ ڈاٹا دیکھنے کورسز میں رجسٹر کرنے امتحانات میں شرکت کے لیے ہال ٹکٹ ڈاؤنلوڈ کرنے اور اپنی فیس ادا کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔تمام ریجنل سنٹرز / سب ریجنل سنٹرز کو بھی اپنے متعلقہ دفاتر سے فارم ڈی ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔اس سے درج ذیل عملی دشواریاں دور کرنے میں مدد ملی ہے:

1۔امتحانی فارم کا روایتی طریقے سے ادخال

2۔اس طرح کے فارمس کو پوسٹ سے بھیجنے کے اخراجات

3۔ایڈمٹ کارڈ اور فارم ڈی کی تیاری کیلیے امتحانی فارمس کا ادخال

4۔ریجنل سنٹرز اور ایل ایس سی کو فارم بھیجنا اور اس پر آنے والے اخراجات

5۔امیدواروں کو ہال ٹکٹ بھیجنا اور اس پر آنے والے اخراجات

☆انونٹری مینجمنٹ سسٹم کی تیاری

ایک طویل مدت سے اسٹاک ویری فکیشن کا کام بھی مانو کے لیے ایک چیلنج تھا۔اپریل 2018 میں یونیورسٹی انتظامیہ نے آئی سی ٹی پر مبنی حل کو اختیار کرتے ہوئے اس مسئلہ سے نمٹا۔اس چیلنج کے جواب میں آئی سی ٹی نے یونیورسٹی کے پرچیز اور اسٹورس دفتر کے ساتھ مل کر ایک آن لائن سافٹ ویئر تیار کیا ہے جس کا مقصد مانو کے شعبوں / دفاتر کے انونٹری ڈاٹا کو حاصل کرنا ہے۔

ایک انونٹری بیس تیار کرنے کیلیے آج تک خریدی گئی تمام منفرد نان کنزیومایبل اشیا(2157) کا ماسٹر ڈاٹا اور دوسطحوں تک ان کی متعلقہ درجہ بندی (22 زمرے اور 76 ذیلی زمرے) کرکے سسٹم میں داخل کیا گیا۔اس وقت سے لے کر اب تک مانو کے مختلف شعبوں اور دفاتر بشمول سی ٹی ای اور آرسی کے **11667** اسٹاک انٹریز کو ریکارڈ کیا گیا۔تمام اسٹاک اینٹریز کے بعد سسٹم نے تقریباً **1.20 لاکھ سیریل نمبرز** تخلیق کیے۔منفرد سیریل نمبر مانو کے پورے کیمپس میں ہر شئے کی آسان شناخت کو یقینی بناتا ہے۔

اس سسٹم میں مناسب رپورٹنگ گنجائش بھی شامل ہے، جس سے شعبوں اور دفاتر کو اپنی اسٹاک رپورٹس تیار کرنے کی سہولت حاصل ہوتی ہے۔ان رپورٹس کا استعمال پرچیز اور اسٹورس دفتر کی جانب سے اسٹاک ویری فکیشن سرگرمی کے پہلے مرحلے کو انجام دینے کیلیے کیا گیا ہے۔

سسٹم کے ویب پر مبنی انٹرفیس نے انونٹری ڈاٹا جمع کرنے ، اثاثوں کی زمرہ بندی کرنے اور اسٹاک سیریل نمبرز کی تخلیق کرنے کے لیے تنظیم واری معیارات کے نفاذ کے قابل بنایا ہے۔

☆طلبا فیڈ بیک سسٹم

تدریس واکتساب کے معیار میں بہتری کی مسلسل کوششوں کے تناظر میں مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی نے، یونیورسٹی کے انٹرنل کوالٹی اشورنس سیل (آئی کیو اے سی) کی سفارش پر اپنے طلبا اور اساتذہ کے لیے آن لائن فیڈ بیک سسٹم متعارف کرایا ہے۔ اس سسٹم کا مقصد فیڈ بیک کو اساتذہ کے لیے بطور سیلف امپر ومنٹ ٹول (خود اصلاح آلہ) فراہم کرنا ہے۔ یہ سسٹم جو سی آئی ٹی مانو کی جانب سے تیار کیا گیا 19-2018 کے طاق سمسٹر کے اختتام تک کارکرد ہو جائے گا اور طلبا کو اپنے متعلقہ اکاؤنٹ سے تدریس اور اکتساب کے عمل کے بارے میں آن لائن فیڈ بیک فراہم کرنے کی سہولت حاصل ہوگی۔ تقریباً 3000 طلبا نے اپنا رضا کارانہ فیڈ بیک فراہم کیا ہے۔ یونیورسٹی نے 20-2019 کے طاق سمسٹر سے اپنے تمام طلبا کے لیے اس فیڈ بیک فارم کو بھرنا لازمی قرار دیا ہے۔

☆بایئومیٹرک حاضری سسٹم کا نفاذ

یونیورسٹی انتظامیہ کے مانو کے تدریسی اور غیر تدریسی عملے بشمول گیسٹ فیکلٹی، کانٹراکٹ ملازمین اور ڈیلی ویجیس ملازمین کی لازمی بائیومیٹرک حاضری کے اقدامات کو تقویت فراہم کرنے کیلیے سی آئی ٹی نے مانو حیدرآباد کیمپس کے مختلف مقامات پر 25 بائیومیٹرک مشینیں نصب کی ہیں۔ تمام مشینیں ایک محفوظ سیٹ اپ میں یونیورسٹی کے LAN سے جوڑی گئی ہیں۔ حاضری رپورٹوں کی تیاری کے لیے سی آئی ٹی میں ایک سرور بھی لگایا گیا ہے جو سسٹم کی تمام متعلقہ سافٹ وئیر ضروریات کی تکمیل کرتا ہے جس میں ملازمین اور شعبوں کا ڈاٹا، بی اے ایس مشینوں کا سینکرونائزیشن، بی اے ایس حاضری رپورٹوں کی تیاری وغیرہ شامل ہے۔ غیر تدریسی عملے کی حاضری رپورٹ کی تیاری کے حقوق متعلقہ سیکشن کو دیے گئے ہیں۔ طلبا کی لازمی بائیومیٹرک حاضری کی این سی ٹی ای کی ضرورت کی تکمیل بھی ان 25 تنصیب شدہ BAS-3 مشینوں سے ہو جاتی ہے۔

☆یونیورسٹی کے LAN کی توسیع

یونیورسٹی کی بڑھتی ضروریات کی تکمیل کے لیے مانو حیدرآباد کیمپس کے مختلف شعبوں اور دفاتر میں LAN کی توسیعی سرگرمیاں انجام دی گئیں۔ درج ذیل جدول میں ان سرگرمیوں کا خلاصہ دیا گیا ہے:

مقام	فراہم کردہ LAN نوڈز کی تعداد	نصب کردہ وائی فائی ایکسس پوائنٹس کی تعداد
اسکول برائے آرٹس اور سائنس بلڈنگ کی تیسری منزل	40۔نوڈز	06 ایکسس پوائنٹس
ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز/ مرکز برائے مطالعات دکن	48۔نوڈز	--
بوائز ہاسٹل۔4، گرلز ہاسٹل۔2 اور سنٹرل کینٹین	--	111 ایکسس پوائنٹس
بوائز ہاسٹل۔3	--	21 ایکسس پوائنٹس
اسکول برائے السنۂ لسانیات اور ہندوستانیات کی دوسری منزل پر LAN کی توسیع	144 نوڈز	

کیمپس کنکٹ پروگرام کے تحت وائی فائی کی فراہمی کا کام مکمل کرلیا گیا۔ درج ذیل مقامات کا احاطہ کیا گیا: یو جی سی گیسٹ ہاؤز' اسکول برائے سائنسز' اسکول برائے السنہ' اسکول برائے تعلیم' اسکول برائے آرٹس اور سوشل سائنسز' ہیلتھ کیئر سنٹر' اوپن ائیر تھیٹر' وی آئی پی گیسٹ ہاؤز' عمارت انتظامی	409 نوڈز	

☆3 سرورز کی تنصیب

مرکز برائے انفارمیشن ٹکنالوجی میں درج ذیل خدمات کی فراہمی کے لیے تین سرورز حاصل کر کے نصب کیے گئے۔

1۔آئی یو ایم ایس

2۔ڈروپل پرمبنی ویب سائٹ (ڈی ڈی ای)

3۔بیک اپ

☆مختلف مقامات پر ای پی بی ایکس کنکشن کی توسیع

درج ذیل مقامات پر ٹیلی فون کیبل نیٹ ورک کی توسیع اور اضافی گیٹ ویز کی تنصیب کے ذریعے ای پی بی ایکس کنیکٹو یٹی (انٹرکام کی سہولت) فراہم کی گئی۔

1۔بوائز ہاسٹل۔1

2۔بوائز ہاسٹل۔2

3۔بوائز ہاسٹل۔3

4۔بوائز ہاسٹل۔4

5۔گرلز ہاسٹل۔2

6۔سب اسٹیشن۔1

7۔سب اسٹیشن۔2

8۔ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز/مطالعات دکن

اس کے علاوہ' عمارت انتظامی میں 17 سال قبل لگائے گئے قدیم ٹیلی فون کیبل کی جگہ نئے ٹیلی فون کیبلز بچھائے گئے جیسا کہ استعمال کنندگان کے لیے شور کے مسئلہ بڑھ رہا تھا۔

☆سی سی ٹی وی نگرانی میں اضافہ

طلبا، عملے اور یونیورسٹی کے انفرا اسٹرکچر کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے سی سی ٹی وی سسٹم کو **48 اضافی سی سی ٹی وی کیمرے اور 3 این وی آر** لگاتے ہوئے مزید مستحکم بنایا گیا۔ مانو حیدرآباد کیمپس میں درج ذیل نئے مقامات کا احاطہ کیا گیا۔

1۔ بوائز ہاسٹل۔1

2۔ بوائز ہاسٹل۔2

3۔ بوائز ہاسٹل۔3

4۔ بوائز ہاسٹل۔4

5۔ گرلز ہاسٹل۔1

6۔ گرلز ہاسٹل۔2

7۔ سنٹرل کینٹین

8۔ اوپن ائیر تھیٹر

9۔ ٹی کیوسک۔1

10۔ سی آئی ٹی سرور روم

☆ڈی ڈی ای ویب سائٹ

ڈروپل سسٹم کو استعمال کرتے ہوئے نظامت فاصلاتی تعلیم کے لیے ایک ڈائنامک پورٹل تیار کیا گیا۔ اب یہ پورٹل لائیو ہے اور http://manuu.edu.in/dde پتہ پر اس تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

☆گیسٹ ہاؤز میں موبائل سگنل بوسٹرز کی تنصیب

مانو کی تقریبات میں شرکت کے لیے مختلف اداروں سے سینئر افسران آتے ہیں جو گیسٹ ہاؤز میں ٹھہرتے ہیں۔ ان کو اپنے متعلقہ جائے کار، گھر والوں اور دوستوں سے ربط میں رہنے کے لیے اچھے موبائل سگنل کافی اہم ہیں۔ تاہم، یونیورسٹی کے گیسٹ ہاؤز میں موبائل سگنل کافی کمزور تھے جس سے کمیونکیشن میں کافی رکاوٹ پیدا ہو رہی تھی۔ اس مسئلہ پر قابو پانے کے لیے مرکز برائے انفارمیشن ٹکنالوجی نے یونیورسٹی گیسٹ ہاؤز میں دو سگنل بوسٹر کٹس لگائے ہیں۔ اس سے سگنل میں بہتری آئی ہے اور کال ڈراپس میں کمی واقع ہوئی ہے۔

☆ڈیجیٹل لیکٹرنس کی تنصیب

مانو کے مختلف شعبوں کی جانب سے منعقد کردہ تعلیمی پروگراموں کی بڑھتی تعداد کو سہولت پہنچانے کے لیے یونیورسٹی نے تمام اہم کانفرنس / سیمینار ہالوں میں لازمی آڈیو / ویژول آلات سے لیس ڈیجیٹل لیکٹرنس کی تنصیب کی ہے۔ان لیکٹرنس پر ٹیبلیٹ پرسنل کمپیوٹر نصب ہیں جو انٹرنیٹ سے جڑے ہیں اور مقررین کو پریزینٹیشن دیتے وقت انٹرایکٹیو سہولیات فراہم کرتے ہیں۔

☆2018-19 میں استعداد میں اضافے کے پروگرام

مانو کے پی ایچ ڈی اسکالرز کے لیے سی آئی ٹی کی جانب سے مقررہ شیڈول کے تحت دو ورکشاپ بعنوان **"تحقیق میں آئی ٹی ایپلی کیشنز"** حسب ذیل تواریخ کو منعقد کیے گئے:

پہلا ورکشاپ: 10 مئی سے 16 مئی 2018

دوسرا ورکشاپ: 4 فروری سے 9 فروری 2019

2018 سے پی ایچ ڈی طلبا کے لیے منعقدہ ان ورکشاپوں میں تقریباً 200 طلبا نے شرکت کی ان میں وہ طلبا بھی شامل تھے جنہوں نے متصلہ یونیورسٹیوں سے سی آئی ٹی ورکشاپ میں شرکت کے لیے ضروری پی ایچ ڈی نصاب کی تکمیل کی تھی۔تمام پی ایچ ڈی اسکالرز کو manuu.edu.in ڈومین پر آفیشیل ای میل آئی ڈی فراہم کی گئی ہے اور ان کا متعلقہ گوگل اسکالر پروفائل تخلیق دینے اور اس کی جاری رکھنے کی ٹریننگ دی گئی ہے۔

****

انٹرنل کوالٹی اشورنس سیل

انٹرنل کوالٹی اشورنس سیل (آئی کیو اے سی)' مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی **قومی ترقی میں تعاون سے ذہانت کی تلاش** تک NAAC کی تمام اقدار کو اپناتا ہے اور انھیں قابل قدر طریقے سے حقیقت میں بدلتا ہے۔

آئی کیو اے سی مانو تدریس اور اکتساب کے معیار کو بڑھانے اور انہیں برقرار رکھنے' تحقیق کو فروغ دینے' مشاورت کرنے اور ملک میں باشعور اُردو طبقہ کی تعمیر میں تعاون کا تصور رکھتا ہے۔

جیسا کہ مانو اُردو ذریعہ تعلیم سے اعلیٰ تعلیم دینے کا شرف رکھتی ہے اور ساتھ ہی تعلیم میں صنفی مساوات کے ذریعہ خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے کوشاں ہے، تب آئی کیو اے سی کا مشن اس حق پر عمل کرنا اور اس تعلق سے NAAC کی سفارشات کا نفاذ کرنا ہے۔

آئی کیو اے سی' کے پاس دیگر کسی بھی اعلیٰ تعلیمی ادارے کی طرح یونیورسٹیوں کے لیے NAAC مینول کی شکل میں ایک پالیسی ہے تاہم پالیسی کے نفاذ کی اس کی حکمت عملی فطری طور پر دیگر اعلیٰ اداروں سے مختلف ہے جیسا کہ مانو کا ذریعہ تعلیم اُردو ہے۔

چنانچہ آئی کیو اے سی مانو کے سامنے ہدف یہ ہے کہ کس طرح مانو' جس میں اعلیٰ تعلیم' اُردو میں دی جاتی ہے' کی تعلیمی کامیابیوں اور کارکردگیوں کے ساتھ NAAC کے کوالٹی انڈیکیٹر فریم ورک (معیاری اشاریے کا فریم ورک) میں درج شدہ توقعات پر پورا اُترا جائے۔

مانو کے وائس چانسلر نے آئی کیو اے سی کو بااختیار بنایا تا کہ وہ تعلیم اور انتظامیہ میں معیار کو یقینی بنا سکے۔ آئی کیو اے سی کو یونیورسٹی کے اندر ایک آزاد ادارہ بناتے ہوئے ایسا کیا گیا۔ آئی کیو اے سی اس بات کا پابند ہے کہ وہ اکیڈیمکس کو تدریس' اکتساب اور تحقیق اور آڈیٹ کے ان کے تعاون کے معیار کے بارے میں آگاہ کرے اور اس کی حوصلہ افزائی کرے اور ساتھ ہی انتظامیہ کو ان کے طریقہ کار کی شفافیت اور کارکردگی کی سطح سے واقف کرائے۔

اس لحاظ سے مئی 2018 میں انٹرنل کوالٹی اشورنس سیل کی NAAC کی سفارشات کی روشنی میں تشکیل نو کی گئی۔

آئی کیو اے سی کو مضبوط بنانے اور یونیورسٹی میں معیار کے حصول کی حکمت عملیوں کو نافذ کرنے کے لیے مانیٹرنگ میکانزم شروع کیا گیا۔ مانو کے تمام شعبوں' ڈائرکٹوریٹس' مراکز' ٹیچر ایجوکیشن کالجس' آف کیمپس انتظامیہ' اکیڈیمک اور ڈیولپمنٹ سیکشنز سے آئی کیو اے سی کے لیے کوآرڈینیٹر مقرر کیے گئے۔

آئی کیو اے سی کے کام

NAAC مینول میں دیے گئے کاموں کے علاوہ مانو نے آئی کیو اے سی کے ذریعہ معیار سے متعلق تمام مسائل کو حل کرنے کے لیے ایک میکانزم تشکیل دیا ہے۔ اے کیو اے آر کی تیاری کے علاوہ آئی کیو اے سی مانو کی چند ذمہ داریاں حسب ذیل ہیں:

- یونیورسٹی کی سالانہ رپورٹ تیار کرنا
- ایم ایچ آر ڈی' یو جی سی اور مانو کے درمیان سہ رخی میمورنڈم آف انڈراسٹینڈنگ (ایم او یو) کے نفاذ پر نظر رکھنا
- تمام بین الاقوامی' قومی اور ریاستی پارٹنرشپس چاہے وہ تعلیمی ہو یا صنعتی ہو یا سماجی ہو کی جانچ کرنا
- مانو کے تمام پروگرامس میں یو جی سی سی بی سی ایس اسکیم کے نفاذ کے مسائل پر غور کرنا
- کیریر ایڈوانس منٹ اسکیم کی درخواستوں کو بنظر غائر دیکھنا
- اساتذہ کے بیرونی تعلیمی اور تحقیقی دوروں کی سفارش کرنا یا انہیں رد کرنا اور

- تحقیق سے متعلق مسائل جیسے نگرانی، تحقیق کی توسیع وغیرہ کی جانچ کرنا

مئی 2018 میں اپنی تشکیل نو کے بعد سے آج تک آئی کیو اے سی نے عزت مآب وائس چانسلر کی صدارت میں چار جنرل میٹنگز، چار ایم او یو میٹنگز اور دیگر گئی میٹنگز منعقد کی ہیں تا کہ معیار سے متعلق مختلف مسائل پر غور کیا جا سکے اور انہیں یونیورسٹی میں نافذ کیا جا سکے۔

آئی کیو اے سی کے اقدامات

آئی کیو اے سی کے کچھ حالیہ معیاری اقدامات حسب ذیل ہیں:

فیڈ بیک سسٹم

آئی کیو اے سی نے طلبا کے لیے ایک فیڈ بیک پروفارما بنایا ہے جس میں طلبا سے ان کے اسٹڈی پروگرام، نصاب، تدریسی طریقہ کار، یونیورسٹی میں دستیاب اکتسابی وسائل سے متعلق معلومات جمع کی جائیں گی تا کہ یونیورسٹی میں تدریس اور اکتساب کے معیار کی جانچ کی جا سکے۔ یہ فیڈ بیک یونیورسٹی کے ہر استاد کو فراہم کیا جاتا ہے تا کہ وہ اپنی تدریس میں سدھار لا سکیں اور اسے تقویت پہنچا سکیں۔ طلبا کی شناخت اساتذہ سے پوشیدہ رکھی جاتی ہے۔ ہر طالب علم کے آئی یو ایم ایس ڈیش بورڈ پر فیڈ بیک فراہم کیا جاتا ہے اور فیڈ بیک کی رپورٹ اوپن کمنٹ کے ساتھ متعلقہ اساتذہ کے آئی یو ایم ایس ڈیش بورڈ پر روانہ کرتے ہوئے طالب علم کی شناخت پوشیدہ رکھی جاتی ہے۔ یہ پورا پروگرام مرکز برائے ٹکنالوجی (سی آئی ٹی) مانو کی جانب سے تیار کیا گیا ہے اور وہی اس کو نافذ کرتے ہیں اور اس کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔ ہر سمسٹر کے آخر میں سمسٹر امتحانات سے قبل یہ فیڈ بیک فارم ہر طالب علم کو اس کے آئی یو ایم ایس پر فراہم کیا جاتا ہے جو انہیں اپنے امتحانی داخلہ کارڈ کے حصول کے لیے لازمی طور پر بھرنا ہے۔ 2018 دسمبر کے سمسٹر امتحانات سے یہ فیڈ بیک سسٹم رضا کارانہ بنیادوں پر نافذ کیا گیا ہے اور تمام متعلقہ فریقین تک اس کے نتائج بھیجے جائیں گے تا کہ اس میں اصلاح کی جا سکے۔

جوابی بیاضات کا ڈسپلے اور ڈسکشن

آئی کیو اے سی کی سب سے بڑی کامیابی ریگولر موڈ کے امتحانات میں طلبا کے سامنے جوابی بیاضات کے ڈسپلے کرنے کی اسکیم کا نفاذ تھا۔ وائس چانسلر، آئی کیو اے سی چیئر پرسن نے آئی کیو اے سی اور اگزامنیشن برانچ کو جانچ کے فوری بعد جوابی بیاضات کو ڈسپلے کرنے اور طلبا کے ساتھ ڈسکشن کرنے کے طریقہ کار کو وضع کرنے کی ہدایت دی۔ جب ایک بار اساتذہ، طلبا کو جوابی بیاض دکھا دیں گے تب نتائج کا اعلان کیا جائے گا۔ مانو کے تمام ریگولر پروگراموں کے لیے مئی 2019 سے اس کا کامیابی کے ساتھ نفاذ عمل میں لایا گیا ہے۔ اس تعلق سے اپریل 2019 میں ایک ورکشاپ کا بھی انعقاد کیا گیا تھا۔ اس سسٹم کے تعارف کرانے کا مقصد تدریس واکتساب کے معیار کو بڑھانا، اکتسابی نتائج کو مناسب طریقے سے جانچنا اور جانچ کے دوران مکمل شفافیت برتنا ہے۔

تحقیق ومشاورت

آئی کیو اے سی کی سفارشات پر ایک دفتر ڈین، تحقیق ومشاورت قائم کیا گیا جہاں یونیورسٹی کے تحقیقی اہداف کی تکمیل کے لیے تمام کاوشوں کو ایک رخ دیا گیا۔ اسی طرح ایک دفتر ڈین برائے بین الاقوامی طلبا بھی تخلیق دیا گیا تا کہ بین الاقوامی طلبا کے داخلوں کو بڑھایا جا سکے اور مانو میں بین الاقوامی سطح پر تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے۔

****

پروفیسر سہسر بدھے، صدر نشین اے آئی سی ٹی ای کا دورۂ مانو

ممتاز شاعر جناب گلزار کو تہنیت کی پیشکشی، ڈاکٹر تقی عابدی کے ہمراہ

قومی اردو سوشل سائنس کانگریس کا افتتاحی اجلاس

قومی اردو سائنس کانگریس میں پروفیسر ایس رام چندرم وائس چانسلر عثمانیہ یونیورسٹی کو تہنیت

شیخ الجامعہ اور ایئر کموڈور این این ریڈی مانو میں این سی سی یونٹ کے افتتاح کے موقع پر

شیخ الجامعہ، تاشقند میں اسٹیٹ انسٹیٹیوٹ آف اورینٹل اسٹڈیز کے ساتھ علمی معاہدہ کرتے ہوئے



ناشر:

پبلک ریلیشنز آفس

ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلیکیشنز

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، حیدرآباد

تصویر: انس ایم کے، مانو طالب علم